
آسان مجرب پُراثر و پُرتاثیر عملیات و تعویذات کا بہترین مجموعہ

دونوں حصے مکمل

ترتیب ہاشمی سے
مجموعہ نرالے
عملیات و تعویذات



فقیر محمد ارشد ہاشمی
سہروردی قادری نقشبندی چشتی حنفی

آسان ٗ مجرب ٗ پُراثر و پُرتاثیر عملیات و تعویذات کا بہترین مجموعہ

حصہ اول و دوم

ترتیب ہاشمی
سے
مجموعہ نرالے
عملیات و تعویذات

تالیف

فقیر محمد ارشد ہاشمی

سہروردی قادری نقشبندی چشتی قلندری

شاکر پبلی کیشنز

اردو بازار لاہور

ترتیبِ ہاشمی سے
مجموعہ نرالے
عملیات و تعویذات

باہتمام: ملک محمد شاکر

سن اشاعت فروری 2016ء

طابع اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

قیمت -/450 روپے

ملنے کا پتہ:

نظامیہ کتاب گھر
زبیدہ سنٹر اردو بازار لاہور

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

احمد بک کارپوریشن
اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی

اسلامک بک کارپوریشن
اقبال روڈ کمیٹی چوک راولپنڈی

ضروری التماس

قارئین کرام ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے۔ تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

(حصہ اول)

فہرست

باب اول

پہلی فصل

نقشوں کے بیان میں

دوسری فصل

تیسری فصل

چوتھی فصل

پانچویں فصل

چھٹی فصل

ساتویں فصل

آٹھویں فصل

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر

نویں فصل

باب 2

پہلی فصل

دوسری فصل

دم کے بیان میں

تیسری فصل

تعویذات کے اقسام کے بیان میں

چوتھی فصل

متفرق نقوش کے بیان میں

الانتساب

میں اپنی اس حقیر کاوش کو قدوۃ السالکین حجۃ الواصلین زبدۃ العارفین مرجع خلائق غوث وقت پیری و مرشدی حضرت قبلہ **فقیر محمد فاضل** رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی ذاتِ گرامی سے منسوب کرتا ہوں۔ جن کے روحانی تصرف نے ہر مشکل مقام پر میری مدد فرمائی۔ ان کے طفیل اللہ تعالیٰ جل شانہ میری یہ سعی مقبول، مفید اور میرے لیے نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

احقر العباد

فقیر محمد ارشد ہاشمی

احقر العباد

فقیر محمد ارشد ہاشمی

الاهدا

میں اپنی یہ ناچیز کوشش مخدوم اہلسنت مفتی اعظم پاکستان شیخ القرآن والحدیث جامع المعقول والمنقول استاذہ الاساتذہ استاذی المکرم حضرت قبلہ علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمتہ اللہ علیہ ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس پاکستان سابق ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور و شیخوپورہ کی خدمت عالیہ میں ہدیہ عقیدت پیش کرتا ہوں جن کے فیضان نظر اور حسن تربیت نے مجھے اس قابل بنایا کہ میں قارئین کے سامنے اپنی یہ حقیری محنت پیش کر سکا۔

گر قبول افتد زہے عزو شرف

ناچیز

فقیر محمد ارشد ہاشمی

تقریظ

استاذی المکرم حضرت علامہ محمد صدیق ہزاروی صاحب دامت برکاتہ

مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ ہر چیز میں اللہ تعالیٰ نے کوئی نہ کوئی تاثیر رکھی ہے۔ اس طرح کلام اچھا ہو یا برا اس میں بھی تاثیر ہوتی ہے۔ آپ دیکھتے ہیں۔ جب کوئی شخص کسی دوسرے کی توہین کرتا ہے اسے گالی گلوچ کرتا ہے تو اس شخص کو غصہ آتا ہے جس کا اثر اس کے چہرے سے واضح ہوتا ہے۔ اگر ان برے کلمات میں تاثیر نہ ہوتی تو جس شخص کے بارے میں یہ کلمات کہے گئے تھے اسے غصہ نہ آتا۔

اسی طرح کسی کی تعریف میں اچھے کلمات کہے جائیں تو اس کا چہرہ خوشی سے تمتما اٹھتا ہے۔

اسی طرح قرآن مجید بھی اپنے اندر تاثیر رکھتا ہے یہ زیادہ موثر ہے کیونکہ موثر حقیقی کا کلام ہے اس بات پر متعدد احادیث اور بزرگان دین کے تجربات شاہد ہیں۔ آج کے مادی دور میں پریشان انسانیت جب ہر طرف سے مایوس ہوتی ہے۔ ڈاکٹروں کی بھاری بھر کم فیسیں ادا کرنے کی سکت نہیں ہوتی یا روحانی سکون مطلوب ہوتا ہے تو اوراد وظائف اور تعویذ و دم جھاڑے کا سہارا لینا ضروری ہوتا ہے۔

عزیزم محمد ارشد ہاشمی صاحب نے نہایت محنت اور دلجمعی کے ساتھ جامع مجموعہ تیار کیا جو امت مسلمہ کیلئے نہایت مفید ہے اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو اس کتاب مستطاب سے فائدہ عطا فرمائے اور عبادات کی طرف توجہ کی توفیق رفیق بھی عطا فرمائے، اور مولف ہاشمی صاحب کے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ نبیہ الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم

محمد صدیق ہزاروی

۱۸ رجب المرجب ۱۴۲۲ھ

۱۶ اکتوبر ۲۰۰۱ء بروز ہفتہ

تقریظ

مفتی اعظم ملتان حضرت علامہ مفتی غلام مصطفیٰ رضوی صاحب

مفتی مدرسہ عربیہ اسلامیہ انوار العلوم ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم ○

یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ بعض اوقات کچھ لوگ ایسی تکالیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ ان کی بیماری ڈاکٹر صاحبان اور اطباء کرام کی سمجھ میں بھی نہیں آتی اور جب تک مرض کی تشخیص نہ ہو اس کا علاج ممکن نہیں۔ اسی طرح بعض لوگ ذاتی نوعیت کی پریشانیوں کا شکار ہو جاتے ہیں اور انہیں ان بیماریوں اور پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے کوئی ذریعہ سمجھ میں نہیں آتا اور اس طرح وہ لوگ مایوسی کی اتھاہ گہرائیوں میں دھنستے چلے جاتے ہیں۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے قرآن مجید جیسی مقدس کتاب عطا فرما کر ہم پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے یہ کتاب مقدس جہاں بنی نوع انسان کے لئے صحیفہ ہدایت ہے وہاں ان کی تمام جسمانی اور روحانی بیماریوں اور پریشانیوں کا علاج بھی ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے۔ "و ننزل من القرآن ماھو شفاء و رحمة للمومنين "اور ہم قرآن مجید میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں جو مومنوں کیلئے شفا اور رحمت ہیں۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے اپنے جن بندوں کو اس کتاب مقدس سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائی ہے وہ اس کلام کی برکت سے مخلوق خدا کو روحانی علاج کے ذریعے بہت سے امراض' پریشانیوں اور مصائب سے نجات دلا دیتے ہیں۔ تعویذات وعملیات گویا روحانی اور جسمانی علاج اور دنیوی مشکلات کے حل کا ایک بہترین ذریعہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر دور کے بزرگان دین' علماء کرام' فقہاء عظام اور صالح عاملین' تعویذات وعملیات کے ذریعے لوگوں کی تکالیف اور

پریشانیوں کا ازالہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کرتے رہتے ہیں۔ زیر نظر مجموعہ ترتیب ہاشمی سے نرالے عملیات وتعویذات بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اس کے مرتب حضرت مولانا محمد ارشد صاحب ہاشمی' سہروردی' قادری' نقشبندی' چشتی' مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے انتہائی محنت وکاوش کے ساتھ یہ مجموعہ مرتب فرمایا' اللہ تعالیٰ مرتب کی اس کوشش کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور عوام کو اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونیکی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

دعاگو

مفتی غلام مصطفیٰ رضوی

ایم۔اے اسلامیات' عربی فقہ وقانون

تقریظ

حضرت علامہ پیر قاری غلام یٰسین نقشبندی قادری سہروردی چشتی مدرس جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن ملتان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ○

حضرت قبلہ مولانا محمد ارشد ہاشمی صاحب قادری سہروردی چشتی نقشبندی جو فیض یافتہ اور خلیفہ مجاز حضرت زبدۃ العارفین عمدۃ الواصلین مرجع خلائق غوث وقت قبلہ وکعبہ مربی و محسن مرشد من دلربا نجم الہدیٰ فقیر محمد فاضل قلندر پاک کے ہیں۔ آپ کی نگاہ کرم سے آپ نے اپنے طالب علمی کے زمانے میں مصروفیات سے وقت نکال کر عوام وخواص کو فیض یاب کرنے کیلئے "ترتیب ہاشمی سے مجموعہ نرالے عملیات وتعویذات" مرتب فرمائے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے آگے چل کر مسند ارشاد پر متمکن ہو کر مرجع خلائق ہوں گے اور ہر خاص وعام ان کے فیوض وبرکات سے متمتع ہونگے۔ چنانچہ حضرت کے بارے میں یہ مقولہ بجا ہے۔ قلندر ہرچہ گوید دیدہ گوید۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت قبلہ ہاشمی صاحب کو تجدید احیائے سنت کے جس اعلیٰ مقام پر فائز فرمایا ہے اس پر ثابت قدم رکھے فقیر نے اس مکمل مجموعہ کو دوبار خود پڑھا ہے اور درست پایا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس مجموعہ کو قبول عام اور نفع تام بخشے امین ثم امین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

فقط دعا گو ودعا جو

فقیر غلام یٰسین، چشتی

سہروردی، نقشبندی، قادری

ابتدایہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ o

اما بعد! تعریف کرتا ہوں اس ذات کی جس کی شان ھوالعلی العظیم ہے درود اور سلام بھیجتا ہوں جس کی شان انک لعلی خلق عظیم ہے۔ تعریف کرتا ہوں اس ذات کی جو شان خدائی میں بے مثال ہے۔ درود اور سلام بھیجتا ہوں جو شان مصطفائی میں بے مثال ہے۔ تعریف کرتا ہوں اس ذات کی جس نے دار الخلد بنایا درود وسلام بھیجتا ہوں جس نے اس کو بسایا۔ تعریف کرتا ہوں اس ذات کی جس کی شان الحمدللہ رب العالمین ہے درود اور سلام بھیجتا ہوں جس کی شان وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ہے۔

۲۴ دسمبر ۲۷ رمضان المبارک ۲۰۰۰ء ۱۴۲۱ھ بروز اتوار ۵ بجے سحر مسجد بیوپاری پیسہ اخبار نیو انارکلی لاہور میں تصنیف کے میدان میں پہلا قدم رکھ رہا ہوں۔ اپنی اس تصنیف کیلئے دعا کرتا ہوں اس ذات باری سے جو تمام صفات کمالیہ کی جامع ذات ہے۔ میری اس حقیر کاوش کو قبول فرما کر غلطیوں سے محفوظ فرمائے۔ اور مجھے اس کی تکمیل تک ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا فرمائے اور مخلوق خدا کو اس سے فیضیاب فرمائے اور اس کے فائدے ہر مومن مسلمان کو عطا فرمائے۔ عملیات پر لکھی ہوئی اکثر کتابوں اور رسالوں کے مطالعے کا موقع ملا جن میں کچھ ایسی چیزیں نظر کے سامنے سے گزریں۔ جن کو یکجا ہونا چاہئے تھا لیکن وہ مختلف کتابوں میں یا پھر ایک ہی کتاب میں مختلف جگہ پر بکھری ہوئی ہیں۔ جیسے شمع شبستان رضا میں برج ستاروں کے نام ایک

جگہ پر اور ان کے کچھ احوال بکھرے ہوئے ہیں۔ جس طرح برج ستارے اور ان کے کچھ حال ایک جگہ پر ہیں۔ برج کے نزدیک نحس تاریخیں دوسری جگہ پر لکھی ہوئی ہیں اور قمری اعداد جن کے ذریعے سے برج ستارے نکالے جاتے ہیں۔ تیسری جگہ پر لکھے ہوئے ہیں۔ ستاروں کے ساتھ ملتے پتھروں کے نام کسی اور کتاب میں دیکھے گئے ہیں۔ اسی طرح بیماری' آسیب یا سحر یعنی جادو وغیرہ کا حساب کسی اور جگہ ہے۔ بچوں کا نام رکھنے کیلئے نسبت نکالنے کا طریقہ اور شادی کرنے کیلئے میاں بیوی کی نسبتیں نکالنے کا طریقہ بھی بکھرا ہوا نظر آتا ہے۔ میری زیر مطالعہ کتابوں میں ہر قسم کا دم کرنے کیلئے کوئی خاص فصل بھی نہیں باندھی گئی اس مادہ پرستی کے دور میں عملیات کے مخالفین کے رد کیلئے ان کے جواز بطور خاص کوئی فصل ہونی چاہئے تھی موجودہ کتابوں میں وہ بھی نظر نہ آئی۔ اسی طرح کی کچھ اور بھی کمی محسوس کرتے ہوئے کافی عرصہ سے دل میں تمنا تھی کہ عملیات پر کوئی ایسی کتاب لکھی جائے۔ جس میں درج بالا چیزیں ایک ترتیب کی صورت میں ہوں۔ جامعہ نظامیہ رضویہ میں داخلے کے بعد اپنے مصنفین اساتذہ کرام کی تحریروں اور ان کی محفلوں نے دل میں یہ خواہش مزید بھڑکا دی تو ۷ اشوال ۱۴۲۱ھ کو اپنے پیرو مرشد حضرت قبلہ فقیر محمد فاضل صاحب ~~علامت بھکاری~~ کے ہاں آستانہ عالیہ گیلانیہ اعجاز آباد شریف معروف لنگر شریف شجاع آباد حاضری کیلئے گیا تو صاحبزادہ مولانا پیر محمد اعجاز الحسنین صاحب نے اپنا ایک رسالہ راہ نما مجھے دکھایا۔ پڑھ کر اس کام کیلئے میرے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا اور صاحبزدہ صاحب کو کہہ ہی دیا کہ فقیر بھی عملیات پر ایک کتاب لکھنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ انہوں نے دعا دی اور حوصلہ بڑھایا۔ لاہور کی واپسی پر حضرت صاحب سے دعا کروائی۔ اپنے دل کا ارادہ ظاہر کیا۔ واپس لاہور آ کر اس عظیم کام کے آغاز کیلئے ۲۷ رمضان المبارک سحر کا وقت مقرر کیا اس وقت کتاب لکھنا شروع کر رہا ہوں اور اس کتاب کا فقیر نے نام رکھا ہے۔

ترتیب ہاشمی سے مجموعہ نرالے عملیات وتعویذات اپنی اس کتاب کو صحیح طور پر لکھنے کیلئے محبوب خدا کے توسل سے رب تعالیٰ جل شانہ سے دعا گو ہوں کہ اس کو صحیح طور پر لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس کتاب کے لکھنے کی تمام تر کوششیں خدا کی توفیق سے ہوں گی اور اس میں سب اچھائیاں میرے رب تعالیٰ کا فضل اور اس میں تمام اغلاط اور کوتاہیاں میری اپنی طرف سے ہوں گی۔

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اس میں جو بھی غلطیاں نظر آئیں یا جو اصلاح طلب پہلو ہوں مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ کے ایڈیشن میں تصحیح ہو سکے ترتیب ہاشمی سے مجموعہ نرالے عملیات وتعویذات میں سب سے پہلے عملیات کے جواز پر دلائل کے ساتھ ایک دیباچہ تحریر کروں گا۔ اس کے بعد ابواب اور فصلوں پر اپنی کتاب کو بند کروں گا۔ ایک بار پھر دعا کرتا ہوں کہ اس کام کی انجام وہی خیریت کے ساتھ ہو۔

طالب دعا

فقیر محمد ارشد ہاشمی عفا اللہ عنہ

تحصیل وضلع مظفر گڑھ تھانہ خان گڑھ

یونین کونسل کمال پور موضع امن پور چاہ میاں والا

دربار شیخ محمد اسماعیل قریشی ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ

دیباچہ

اس مادہ پرستی کے دور میں عملیات کے خلاف بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور لکھا جا رہا ہے۔ اہل دل مسلمانوں کو ان روحانی فوائد سے محروم کرنے کیلئے دن رات سازشوں کا بازار گرم ہے۔ کتاب التوحید میں عبدالوہاب نجدی نے یہاں تک لکھ دیا ہے کہ اگر کسی صحابی کے گلے میں تعویذ لٹکا ہوا معلوم ہو جائے تو وہ بھی کافر ہو سکتا ہے۔ (نعوذ باللہ)

اب ان کے اعتراض اور ان کے جواب تحریر کرتا ہوں ملاحظہ فرمائیں۔

اعتراض:

عملیات کے مخالف کہتے ہیں کہ جادو ٹونہ اور گنڈا حرام ہے اور شرک ہے۔ اپنی اس تائید میں وہ یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا ان الرقی والتمائم والتولۃ شرک حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو فرماتے سنا کہ بیشک جادو گنڈا ٹوٹکا یعنی تولہ شرک ہے۔

جواب:

تعویذات ودم مطلقاً شرک نہیں لیکن وہ تعویذات "منتر" ٹونے" گنڈے شرک ہیں جو بتوں دیوتاؤں کے نام پر ہوں یہ حدیث بھی جادو منتر جو غیر اسلام کے لوگ کیا کرتے تھے کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔ جو تعویذات کلمات اللہ پر مشتمل ہوں وہ جائز ہیں اور جو شرکیہ کلموں پر مشتمل ہوں وہ منع ہیں۔ اس حدیث پاک کی شرح میں محدثین کرام فرماتے ہیں: وَالْمُرَادُ مَا کَانَ بِاَسْمَاءِ الْاَصْنَامِ وَالشَّیَاطِیْنِ اَلْاَمَا کَانَ بِالْقُرْآنِ وَ نَحْوِہٖ۔ اس سے وہ چیزیں مراد لی گئیں ہیں جو بتوں اور شیطانوں کے نام سے موسوم کی گئی ہیں اور وہ چیز ہرگز مراد نہیں لی گئیں جو قرآن حکیم

اور کلمات خیر پر مشتمل ہوں۔

قرآنی دلیل:

جو تعویذات و عملیات قرآن مجید اور احادیث مبارکہ سے لئے گئے ہوں یا بزرگان دین سے ذو معنیٰ الفاظ و کلمات سے ہوں ان پر اہل اسلام میں سے کسی کو کوئی شک و شبہ نہیں بلکہ وہ جائز ہیں کیونکہ قرآن مجید میں ہے۔ شفاء و رحمۃ للمومنین ۝ قرآن مومنین کیلئے رحمت اور شفا ہے اب معلوم ہوا کہ جو مومن ہیں ان کیلئے تو قرآن شفاء ہے۔ بے ایمانوں کیلئے شفا نہیں۔ اس آیت میں مطلقاً شفا کا ذکر ہے۔ چاہے قرآن مجید سے کسی آیت کو لکھ کر گلے میں ڈال کر شفا حاصل کی جائے۔ چاہے پانی پر یا کسی اور چیز پر دم کر کے شفا حاصل کی جائے چاہے پڑھ کر سمجھ کر اس پر عمل کر کے شفا حاصل کی جائے۔ سب صورتیں جائز ہیں۔ اس میں قرآن مجید کو پڑھنے اور سمجھنے والا بھی شفا کے زمرے میں آسکتا ہے اور ان پڑھ یعنی نہ سمجھنے والا بھی شفا کے زمرے میں آسکتا ہے۔ دونوں آسکتے ہیں۔ نہ پڑھنے اور نہ سمجھنے والے کیلئے تو اس صورت میں شفا ہو سکتی ہے کہ لکھ کر ان کے گلے میں یا بازو میں ڈالا جائے یا پڑھ کر اس پر دم کیا جائے تاکہ اس کو شفا حاصل ہو جائے۔

حدیث سے دلیل:

مسلم شریف کی حدیث ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے نواسوں حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کیلئے تعویذ بنایا اور ان کے گلے میں ڈالا اور فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کیلئے بھی تعویذ بنایا تھا اور حضرت اسحاق علیہ السلام کیلئے بھی تعویذ بنایا تھا۔

مشکوٰۃ شریف میں حدیث ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے نظر بد اور زہریلے جانوروں کے کاٹنے اور پھوڑے پھنسی پر کچھ

پڑھ کر دم کرنے کی اجازت بخشی' حدیث شریف کی عربی عبارت یہ ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔ عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ : فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ وَالْحُمَةِ وَالنَّمْلَةِ۔ مشکوٰۃ (ص ۳۸۸ کتاب الطب والرقی)

عقلی دلیل:

اللہ تبارک وتعالیٰ نے جب دنیا کو پیدا کیا تو اس کے ہر امر کو سبب سے منسلک فرمایا۔ وہ اسباب دو قسم کے ہیں۔

(۱) ظاہری (۲) باطنی۔

۱۔ ظاہری جس کو ہم دیکھتے جانتے اور محسوس کرتے ہیں۔

۲۔ دوسرا باطنی سبب جس کو ہم دیکھ نہیں سکتے وہ ہماری آنکھوں کے سامنے غائب ہے۔ جسکو ہم چھو نہیں سکتے بلکہ عقل سے بھی چھپا ہوا ہے۔ ساتھ ہی اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا کہ اسباب کو عمل میں لاؤ دل ونگاہ مسبب الاسباب پر رکھو۔ اس لئے ہم اہل اسلام ظاہری سبب ہوں یا باطنی سبب ہوں صرف انہیں سبب ہی مانتے ہیں اور موثر حقیقی اپنے پیدا کرنے والے معبود برحق کو سمجھتے ہیں۔ لیکن مخالفین عملیات واسلام' ظاہری سبب کو تو مان لیتے ہیں اور باطنی سبب جن کا ان کے دو گرہ ہیں انکار کر دیتے ہیں۔

۱۔ سرے سے اسباب باطنی کے وجود کے منکر ہیں۔

۲۔ دوسرے انکار کے ساتھ شرک کا فتویٰ بھی لگاتے ہیں۔

پہلے گروہ سے تو ہمارا واسطہ نہیں پڑتا کیونکہ وہ ہمارے معاشرے سے دور ہیں اور دوسرا گروہ جو ہمارے گرد و پیش گھومتا پھرتا رہتا ہے اور سیدھے سادے مسلمانوں کو ورغلانے راہ راست سے بھٹکانے کے درپے ہے۔ یہ دیباچہ پڑھ کر امید ہے کہ ان کا ضمیر انہیں ضرور ملامت کرے گا۔

اعتراض:

مخالفین عملیات کہتے ہیں کہ تعویذات و عملیات موثر حقیقی نہیں کیونکہ موثر حقیقی صرف اور صرف رب تبارک وتعالیٰ کی ذات ہی ہو سکتی ہے اور کوئی چیز نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا تعویذ لٹکانا یا دم کرنا فائدہ نہیں دیتا اور کہتے ہیں کہ سب اہل علم کے نزدیک ایسا کرنا درست نہیں مخالفین عملیات ترمذی شریف کی من تعلق شیاء والی حدیث لے کر ترمذی شریف کا حاشیہ اپنے دلیل کے طور پر اس طرح بیان کرتے ہیں۔ من تعلق شیا ای. علق علی نفسه شیاء من التعاویز والتمائم وا اشباهما معتقدا انها تجلب الیه نفعا او ترفع عنه ضرا حدیث شریف کے یہ جو الفاظ ہیں من تعلق شیاء، جس نے کوئی چیز لٹکائی اس سے مراد یہ ہے کہ جس نے اپنے آپ پر تعویذ معلق کیا۔ اس نے اپنے آپ کو اس سے ملتی جلتی چیز کے حوالے کر دیا اس کو موثر حقیقی سمجھتے ہوئے کہ وہ اس کو فائدہ پہنچا سکتی ہے۔ یا اس سے نقصان کو دور کر سکتی ہے۔ ایسی چیز منع ہے۔

جواب:

اس کا جواب فقیر نے کتاب علمی محاسبہ صفحہ نمبر ۲۳۳ سے اس طرح لیا ہے کہ حدیث میں تعویذ کو موثر حقیقی سمجھنے کی ممانعت آئی ہے۔ ورنہ اگر کسی شئے میں نفع من جانب اللہ نہ ہوتو دوسری حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ کیوں فرماتے۔

العجوہ من الجنة و منها شفاء من السم

ترجمہ: عجوہ (کھجور) جنت سے آئی ہے اور اس میں شفاء ہے زہر سے۔

اس حدیث کی شرح میں محدثین فرماتے ہیں کہ العجوۃ نوع من التمر ...... وهو اجور تمر المدینة ورفع السحر والسم من خاصیة ذالک او من دعاه صلی اللہ علیه وآله وسلم

ترجمہ: عجوہ کھجور ایک قسم ہے اور وہ مدینہ منورہ کی بڑی فائدہ مند کھجور ہے۔ وہ جادو اور زہر کا علاج ہے یہ اس کی خاصیت ہے یا یہ خوبی اس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کی وجہ سے پیدا ہوگئی۔

اس حدیث شریف سے صاف صاف معلوم ہوگیا کہ کسی چیز کی کسی ذاتی خوبی کو ماننا یعنی اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں یہ منع ہے اور اگر اس کی خوبی من جانب اللہ مان لی جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ بھلا کھجور جادو اور زہر کے اثر کو کیا دور کرے گی موثر حقیقی تو رب تعالیٰ کی ذات ہے۔ مگر دعائے رسول نے یہ اثر دیکھایا کہ کھجور میں جادو اور زہر کا اثر زائل کرنے کی صلاحیت پیدا فرمادی۔

ثابت ہوا کہ کوئی چیز اس وقت نفع دیتی ہے جب رب تبارک وتعالیٰ کا حکم ہو۔ ورنہ نہیں جب عقیدہ ایسا سچا ہو تو پھر کسی مخلوق سے مدد لینے سے شرک کیسے ہو جائے گا۔ پھر قرآن شریف تو رب تبارک وتعالیٰ کا کلام ہے اس کا نفع تو ہر اعتبار سے ظاہر ہے۔ اس کی کسی آیت یا احادیث مبارکہ کے کلمات کو لکھ کر گلے میں لٹکا لینے سے نفع ہی ہوگا۔ اس کی ممانعت نہیں ہے۔

من محمد بن اسحق من عمرو بن شعیب من ابیه من جده ان رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال اذا فترع احد کم فی نو مه فلیقل اعوذ بکلمات اللّٰه التا مة من غضبه و عقابه و من شر عباده و من همزات الشیاطین و ان یحضرون فانمالن تضر فکان عبداللّٰه بن عمر ویلقنها من بلغ ولده و من لم یبلغ منه کتبها فی صک ثم علقها فی عنقه (کتاب علمی محاسبہ صفحہ نمبر ۲۳۴)

اس کا ترجمہ یہ ہے کہ عمر بن شعیب اپنے والد اور دادا کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم میں سے نیند میں ڈر جائے تو

یہ کلمات پڑھے اعوذ بہ کلمت اللہ میں اللہ تعالیٰ کے مکمل تمام تر کلمات کے ذریعے اس کے غضب و عقاب بندوں کے شر شیطانی وسوسوں اور ان کے موجود ہونے سے پناہ چاہتا ہوں یہ خواب اس شخص کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمر اپنی بالغ اولاد کو یہ کلمات سکھاتے اور اپنے نابالغ بچوں کیلئے لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیتے تھے۔

اعتراض: تعویذ کی مخالفت میں ایک اعتراض یہ بھی پیش کیا جاتا ہے ملاحظہ فرمائیے۔ عقبہ بن عامر الجہنی سے مروی ہے کہ حضور اکرمؐ کے پاس ایک جماعت آئی اور انہوں نے بیعت کیلئے عرض کیا تو اس جماعت میں سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نو آدمیوں سے بیعت لے لی اور ایک آدمی کو چھوڑ دیا ارشاد فرمایا اس سے اس لئے بیعت نہیں لی گئی کہ اس کے گلے میں تعویذ لٹکا ہے تو گلے میں تعویذ لٹکانے والے آدمی نے جب حضور کا یہ ارشاد مبارک سنا تو انہوں نے گلے میں ہاتھ ڈال کر تعویذ توڑ ڈالا۔ تب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے بیعت لی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ جس نے تعویذ لٹکایا اس نے شرک کیا۔

یہ روایت پیش کر کے مطلب یہ لیا جاتا ہے کہ ہر قسم کا تعویذ شرک ہے اگر تعویذ شرک نہ ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کم از کم یہ تو ضرور پوچھ لیتے کہ اس میں قرآن تو نہیں لکھا ہوا ہے یا اسماء الٰہیہ تو مرقوم نہیں ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلقاً تعویذ کی طرف دیکھ کر بیعت نہیں فرمائی بلکہ اسے شرک قرار دیا۔

اس لئے کہ فن چمکانے کے ماہر اپنے کاروبار کیلئے جو مختلف عذر پیش کرتے ہیں وہ سارے کے سارے عذر ہائے لنگ کے علاوہ کچھ نہیں۔

جواب: اگر آپ معترض کے سوال میں غور سے نظر کریں کہ اس میں کس طرح منافقانہ چال ہے تعویذ کی مطلق حرمت کو ثابت کر رہا ہے حالانکہ ایسی کوئی بات نہیں کہ حضور اکرم

صلی اللہ علیہ وسلم کا بیعت نہ کرنا اور تعویذ کے اتر جانے کے بعد بیعت لینا اس بات کی دلیل ہو سکتی ہے کہ وہ بیعت بیعت اسلام تھی اور بیعت اسلام کیلئے ضروری ہوتا ہے کہ زمانہ جاہلیت کی رسموں کو ختم کروایا جائے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ ول وسلم نے بھی ایسی ہی تعلیم دی ہمارا تو ایمان یہ کہتا ہے کہ آپکی نگاہ نبوت نے بھانپ لیا تھا کہ یہ تعویذ شرکیہ کلمات پر مبنی ہے اس لئے اس کی تردید فرمائی اور اتروا کر بیعت لی اور اب تعویذ و دم کے جواز میں ایک فصل تحریر کر رہا ہوں اسکو بغور پڑھ کر انصاف خود کریں۔

دم وتعویذ کے جواز میں فصل

مخالف تعویذ کے بڑے امام حافظ محمد نے لکھا۔

نفع رسانی خلقت کاروں چاہوں عمل جسے کوئی
روا شرع وچ اولکھاں تساں اجازت ہوئی

ترجمہ:۔ یعنی جو عمل مخلوق کو فائدہ دے اسے لکھنا وغیرہ جائز ہے منتروں کے حق میں مشکوۃ شریف میں حضرت عوف بن مالک کی روایت ملاحظہ فرمائیں۔

عن عوف بن مالک الا شجعی قال کنا نرقی فی الجاھلیۃ فقلنا یا رسول للّٰہ کیف تریٰ فی ذالک فقال اعرضوا علی رقاکم لاباس بالرقی مالم یکن فیہ شرک رواہ مسلم۔ (بحوالہ مشکوۃ صفحہ ۳۸۸ کتاب الطب والرقی)

ترجمہ: روایت ہے حضرت عوف بن مالک اشجعی سے فرماتے ہیں کہ ہم دور جاہلیت میں دم کرتے تھے تو ہم نے عرض کیا رسول اللہ اس بارے میں آپ کی کیا رائے مبارکہ ہے تو فرمایا ہم پر پیش کرو۔ (کیونکہ) جھاڑ پھونک میں کوئی حرج نہیں۔ جب تک اس میں شرک نہ ہو۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

حدیث:

اسی طرح ایک اور حدیث ملاحظہ فرمائیں کہ حضور نے فرمایا جس کا فر پر عیسیٰ علیہ

السلام کا سانس پہنچے گا وہ مر جائے گا اور ان کا سانس اتنے فاصلے پر کام کرے گا جتنا کہ ان کی نظر جائے گی اس کی یہ سانس دجال اور اسکی فوج پر کام کریگی۔ (بحوالہ عملیات اویسی)

حدیث سے نفع

ہمارا نقطہ نظر بھی یہی ہے کہ اللہ والوں کا دم کرنا پھونک مارنا مصائب درد و آلام کیلئے دم مسیحائی ہے۔

قرآن مجید سے نفع

حدیث مبارکہ کے علاوہ قرآن مجید میں حضرت عیسٰی علیہ السلام کی پھونک کا ذکر اس طرح ہے ملاحظہ فرمائیں۔

فانفخ فیه فیکون طیرا باذن اللّٰه وابری الا کمه والابرص واحی الموتی باذن اللّٰه۔ (پارہ ۳ رکوع ۱۳ آیت ۴۹)

ترجمہ:۔ تو میں اس میں پھونکتا ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے پرندہ ہو جاتا ہے اور میں مادر زاد اندھے اور برص والے کو تندرست کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے میں مردوں کو زندہ کرتا ہوں۔

اب قرآن مجید کا کون انکار کر سکتا ہے حضرت عیسٰی علیہ سلام دم پھونک کے ذریعے پرندوں کو زندہ اور بیماروں کو شفا اور مردوں کو زندہ کرتے ہیں یہ پھونک کا اثر ہے اس لئے آیت قرآن سے بحمد اللہ جھاڑ پھونک کا جواز ثابت ہو گیا۔

سورہ فاتحہ کا شافی ہونا

رسالہ تعویذات وعملیات اویسی کے صفحہ گیارہ پر لکھا ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ فاتحہ الکتاب ہر مرض کی دوا ہے زہریلے جانوروں کے کاٹے کا افسون اور مجنون اور معتوہ کا فاتحہ الکتاب سے علاج حدیثوں میں ثابت اور مسلمہ ہے نیچے لکھتے ہیں کہ حضرت مولا علی مشکل کشا نے فرمایا خیر القرآن یعنی بہترین علاج

قرآن ہے۔

قبلہ اویسی صاحب نے وننزل من القرآن ماھو شفاء اور دیگر آیت شفاء کے متعلق بہت سارے بزرگوں کے اقوال واعمال درج کیے ہیں مثلاً امام طریقت ابوالقاسم قشیری شیخ تاج الدین سبکی شاہ عبدالحق محدث دھلوی کے اقوال بھی یہی ہیں کہ شفاء کیلئے ان آیات شفاء کو لکھ کر دینا جائز ہے اور اکثر بزگوں کا یہی طریقہ چلا آرہا ہے۔

دم کے جواز میں ایک حکایت

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی حضرت زینبؓ نے بتایا کہ حضرت عبداللہ نے میرے گلے میں ایک ڈورا دیکھا اور مجھ سے پوچھا یہ ڈورا کیسا ہے تو میں نے عرض کی یہ گنڈہ ہے جس کو میرے لئے دم کیا گیا ہے تو عبداللہ نے اسے پکڑا اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا پھر فرمایا کہ عبداللہ کے گھر والے شرک سے بے نیاز ہیں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ یہ جنتر منتر ٹونے ٹوٹکے شرک ہیں۔

حضرت زینبؓ نے فرمایا آپ ایسا کیوں فرماتے ہیں میری آنکھ میں شدید درد تھا اس میں چیپڑ اور آنسو بھرے رہتے تھے تو میں فلاں یہودی کے پاس گئی اس نے کچھ پڑھ کر میری آنکھوں پر دم کیا تو میری آنکھ کا تمام دکھ درد اسی وقت جاتا رہا اور مجھے سکون مل گیا حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا تمہارا یہ درد شیطان کے عمل سے تھا کہ اس نے تمہاری آنکھوں کے اندر چوکنے لگائے جب اس نے منتر پڑھا تو وہ باز آ گیا۔

حالانکہ تمہیں یہ لازم تھا تم وہ پڑھتیں جو رسول اللہ ﷺ نے بتایا تھا اور وہ یہ ہے۔

اذھب الباس رب الناس واشف انت الشافی لاشفاء الا شفاء ک شفاء لا یغادر سقما (مشکوٰۃ ص ۳۸۹ ابوداؤد بحوالہ عملیات اویسی صفحہ نمبر ۱۷)

اے اللہ یہ خوف دور فرما اور شفاء دے تو شافی ہے صرف تیری ہی شفا ہے جو

بیماری کو نہیں چھوڑتی۔ اس سے مخالفین عملیات کا رد ہوا جو یہ کہتے ہیں کہ مطلق تعویذ دم حرام ہیں حالانکہ حرام وہ ہے جس میں شرکیہ کلمات ہوں ورنہ جائز ہیں۔

ایک وہم کا ازالہ

تعویذات کو شرک کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ جاہلیت کے لوگ ان میں حقیقی اثر کا اعتقاد رکھتے تھے اور غیر خدا کے نام پر کرتے تھے۔ جبکہ جو تعویذ نام خدا یا کلام خدا سے ہو۔ وہ اس حکم میں ہوگا اور وہ کیسے شرک ہو سکتا ہے جب کہ اس بارے میں احادیث و اخبار صحیح و صریحہ وارد ہیں۔ اور خدا کے حضور گڑگڑانے اور التجائیں کرنے کی مشروعیت میں کوئی اختلاف نہیں خواہ یہ کسی طرح ہو اور کسی موقع پر ہو۔

فرقہ وھابیہ کے بڑے مفسر محدث کا عملیات کے جواز میں قول

مجرب عملیات وتعویذات کے مصنف صاحبزادہ مولوی افضل صاحب نقشبندی نے اپنی کتاب کے صفحہ 199 میں فرقہ وہابیہ کے بڑے مفسر محدث نواب صدیق حسن خان صاحب کے بارے لکھا جو سرزمین ہند میں تحریک وہابیت کے ایک بڑے علمبردار مانے جاتے ہیں خود انہوں نے تعویذات ورقی وعملیات پر ایک مستقل کتاب بنام الداء والدواء لکھی ہے اور اس کے دیباچے میں لکھتے ہیں۔

ہر چند کہ اعلیٰ درجہ احسان یہ ہے کہ انسان رقیہ نہ کرے اور نہ کرائے کیونکہ اس پر وعدہ دخول جنت کا بلاحساب حدیث صحیح میں آیا ہے۔ لیکن اکثر خلق متوکل علی اللہ نہیں ہوتی اس لئے شارع علیہ السلام نے رقیہ کو جائز لکھا ہے مگر اس شرط سے کہ آیت یا حدیث سے ہو۔ اور عربی زبان میں مفہوم المعنیٰ ہو۔ لہٰذا مشائخ اور اہل علم نے اس قسم کے رقی ذکر کئے ہیں اور خلق میں اس کا نفع دیکھا گیا ہے۔

سکھ لڑکے کو عمل سے شفاء

وہابیوں کی طرح ہندوؤں میں سکھ فرقہ بھی عملیات کا سرے سے انکار کرنے

والا ہے۔ مولوی محمد افضل نقشبندی نے اپنی اسی کتاب کے اسی صفحہ پر ایک سکھ لڑکے کا حقیقی واقعہ بیان کیا ہے۔ مولوی صاحب لکھتے ہیں ایک سکھ لڑکے نے جو راقم کا شاگرد تھا شکایت کی کہ میری پنڈلیوں پر مدت سے موھکے ہیں۔ ان کے لئے کوئی دوا مرحمت ہو۔ راقم نے کہا کہ دوا دارو میں موھکوں کو کاٹنے چھیلنے کے لئے ان پر تیز دوائی لگانا پڑے گی۔ جس سے تم کو خواہ مخواہ تکلیف ہوگی۔ پھر ان سے موھکوں کا زائل ہونا بھی یقینی نہیں۔ اگر تم کہو تو ایک عمل کے ذریعے سے ان کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ جس سے نہ کوئی تکلیف ہو نہ اذیت پہنچے اور شفاء بھی ہو جائے۔

ھینگ لگے نہ پھٹکڑی اور رنگ بھی چوکھا آئے۔ وہ لڑکا گرنتھ پڑھا ہوا سکھی عقائد و مراسم کا پوار پابند تھا۔ عملیات و تعویذات کو ڈھکوسلہ سمجھتا تھا بہر حال بطور استاد اس سے جو چیز منگوائی گئی اس نے حاضر کر دی لیکن اس بات کا اس پر کچھ اثر نہ ہوا۔ اس پر عمل کیا گیا پھر لڑکے کو دیا گیا۔ اس نے استعمال کیا۔ پھر پانچ چھ روز کے بعد لڑکے نے نہایت حیرت و استعجاب کمال عقیدت و ارادت سے عرض کی کہ آپ کے عمل سے بڑا فائدہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں پنڈلیاں جو موھکوں سے خارستان بنی ہوئی تھیں۔ اب صاف ہوتی جا رہی ہیں اور مہکے جڑ سے کٹ کر گرے جا رہے ہیں۔

عملیات کے مخالف سکھ لڑکے کو بھی عملیات کی وجہ سے آرام آ گیا تو مسلمانوں کو تو بدرجہ اولیٰ آئے گا بلکہ ایک حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "احب عباد اللہ انفعھم لعبادہ" یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پیارا وہ شخص ہے جو اس کے بندوں کو زیادہ فائدہ پہنچائے۔

انبیاء و اولیاء سے توسل

عملیات میں انبیاء و اولیا کے اسماء اور اسمائے الٰہی سے تمسک و توسل کرنا جائز

ہے۔ اس لئے کہ انہیں بارگاہ حق اور درگاہ محبوب خداﷺ میں عالی مرتبہ حاصل ہے۔ اگر ہم ان کی تعظیم بھی کرتے ہیں تو اس وجہ سے کہ اللہ رب العالمین کی عبادت کرتے ہیں اور رسول اللہﷺ کی پیروی کرتے ہیں۔

عملیات کے بارے میں امام شافعی کا عقیدہ:

حضرت ربیع رحمتہ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ سے دعائے رقیہ یعنی شفا کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں۔ اگر وہ کتاب اللہ اور جانے پہچانے ذکر الٰہی سے ہو میں نے کہا یہ صحیح ہے کہ مسلمان اہل کتاب سے رقیہ کرتے ہیں فرمایا ہاں جبکہ وہ ان کلمات سے جو جانے پہچانے اور ذکر الٰہی سے ہوں انتہا ظاہر یہ ہے کہ کتاب خدا سے مراد قرآن ہوگا۔ ورنہ چونکہ توریت وغیرہ میں تغیر و تحریف واقع ہوگئی ہے تو ان پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ شرط یہ ہے کہ ان کا مضمون حق کے موافق اور قرآن کے مطابق ہو۔ تبھی انکا رقیہ کرنا جائز ہے۔ (بحوالہ رسالہ اویسی صفحہ نمبر ۱۹)

حضرت صدیق اکبرؓ سے عملیات کا ثبوت:

امام مالک علیہ رحمہ موطا امام مالک میں لکھتے ہیں' سیدنا صدیق اکبرؓ نے یہودی عورت سے فرمایا کہ سیدہ عائشہؓ کیلئے کتاب خدا سے رقیہ کرواؤ۔

جاھلانہ افعال:

غلط بات کو ہم ہر حالت میں غلط سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں۔ حق بات کو ہم ہر حالت میں تسلیم کرتے ہیں اور لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔ جس چیز کا تعلق جاہلانہ افعال سے ہو ہم اس کو برا سمجھتے ہیں اور روکتے ہیں۔ جس طرح کہ لوگ بچوں کو بلاؤں سے محفوظ رکھنے کیلئے بچوں کے گلوں میں لکڑی کی پھٹیاں لوہے کی چتریاں یا چاقو چھری وغیرہ یا لوہے کی بنی ہوئی کوئی اور چیزیں ڈالتے ہیں۔ یہ محض باطل ہے اور غلط ہے اور گمراہی ہے۔ یہ جاہلانہ افعال ہیں اس سے بچنا چاہئے بلکہ بچوں کی تربیت پر زور دینا چاہئے اور بچوں کو تلقین کرنی چاہئے اور ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ ہر بلا اور ہر مصیبت کے وقت اللہ تعالیٰ ہی اپنے بندوں کی مدد فرماتا

ہے۔ انبیاء اور اولیا کرام بھی اس کی دی ہوئی عطا سے مدد فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی عطا کے علاوہ ہم ان کو بھی مدد پر قادر نہیں سمجھتے۔

جنات کے متعلق کچھ باتیں:

دیہاتوں میں جاہل مردوں اور اکثر جاہل عورتوں کو جن چمٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ کھیلتے ہیں جھومتے ہیں عورتیں بال کھول کر جھومتی ہیں کبھی ڈھول بج پڑے تو جن کھیلنا شروع کر دیتے ہیں کبھی قوالی پر کبھی سوز و گداز پر کبھی کسی نے غصے کی بات کر دی تب کھیلنا شروع کر دیتے ہیں کبھی فصلی پیروں کے دم درود پر کھیلنا شروع کرتے ہیں۔ کسی جن کی معیاد مقرر ہوتی ہے۔ سالانہ چھ ماہی ختم ہونے پر کسی پیر کے پاس یا پھر مزارات پر آ کر کھیلتے ہیں۔ یہ سب کھیلیں 98 اٹھانوے فیصد جھوٹ ہے۔ جن میں جن اتارنے والے کاروباری ٹھیکیداروں کا بڑا ٹھیک لگتا ہے۔ اکثر فصلی پیر بھی اس میں شامل حال رہتے ہیں اور ان جاہلوں سے پیسہ بٹورتے ہیں۔ اٹھانوے فی صد کسی اور وجوہات پر یہ سب ڈرامے رچائے جاتے ہیں۔ عاملوں کو جنوں کے علاوہ انکی وہ اصلی وجوہ تلاش کر کے اسکا حل نکالنا چاہئے نہ کہ ان کے کھیلنے پر اتفاق کرنا چاہئے۔ اگر محض کاروبار کی خاطر خاموشی کی جائے یا پھر ان کو ورغلا کر ان سے پیسے بٹورے جائیں یہ محض باطل ہے۔ ایسے لوگوں کو اپنے انجام کی فکر کرتے ہوئے خوف خدا کرنا چاہئے۔

اگر حقیقتاً جن چمٹا ہوا ہو تو ان کو اتارنا عمل کے ذریعے جائز ہے کیونکہ جنوں کی حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

جنات کی حقیقت

جنات کے وجود کا ہرگز ہرگز انکار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ قرآن مجید میں جنات کے متعلق پوری سورت آئی ہے اس سورہ مبارکہ میں ارشاد ربانی ہے۔

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا

ترجمہ: تم فرماؤ کہ مجھے وحی ہوئی کہ جنوں نے مجھے غور سے کان لگا کر سنا تو وہ بول اٹھے

کہ ہم نے عجیب قرآن سنا ہے۔
بعض لوگوں نے کہا ہے کہ جن دیہاتی لوگوں کو کہا گیا ہے۔ جو بدو قسم کے انسان تھے حالانکہ قرآن مجید سے اس کی وضاحت ہوئی ہے۔ جن اور انسان دو علیحدہ علیحدہ مخلوق ہیں۔ چونکہ قرآن مجید میں آیا ہے۔

وانا ظننا ان لن تقول الانس و الجن علی اللہ کذبا ۝

ترجمہ: اور ہمیں خیال تھا کہ ہرگز آدمی اور جن اللہ پر جھوٹ نہ باندھیں گے۔
اس آیت مبارکہ نے ہمارے موقف کو واضح کر دیا کہ انسان اور جن الگ الگ مخلوق ہیں اور الگ جنسوں کے نام ہیں۔ جنوں کے ہونے کا انکار از روئے قرآن نہیں کیا جا سکتا جب ان کے وجود کا انکار نہیں ہو سکتا تو انکا کسی پر سوار ہونے کا انکار کس طرح ہو سکتا ہے جو چیز خلاف شرع ہو انکو ہم کسی صورت بھی تسلیم نہیں کریں گے۔

ایک ضروری گزارش

عملیات شروع کرنے سے پہلے ایک اہم گزارش لکھنا ضروری سمجھتا ہوں کہ معاشرہ میں اعمال و نقوش کے کام کو کھیل تماشہ اور کاروبار ذریعہ معاش بنا لیا گیا ہے اور وہ سیدھے سادے عوام کو لوٹے جا رہے ہیں جن کو ان اعمال و قواعد وضوابط و آداب کا علم تک نہیں ہے بلکہ ان کے آداب و قواعد کا لحاظ رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ یہ کام اس شخص کو زیبا ہے جو متقی پرہیز گار خدا ترس اور متشرع ہو۔ جس کو کوئی طمع حکام دنیا یا کوئی غرض نفسانی اس پاک فن کے ناجائز استعمال پر آمادہ نہ کرے بلکہ محض آمادہ خلق کے لئے اس سے کام لے اور جو کچھ نذر و نیاز پیش ہو اس کو محض ایک عقیدت مندانہ ہدیہ سمجھ کر لے لے۔ عمل کا معاوضہ نہ سمجھے اگر کوئی غرض مند مجبور آدمی عمل تعویذ وغیرہ لے کر کچھ بھی نذر نہ دے تو اس پر دل برداشتہ و ناراض نہ ہو اور اپنی نیت محض مخلوق خدا کے فائدہ کی رکھ کر درگزر کرنا چاہئے اگر اس فن کو روزی کمانے کا حیلہ بنا لیا جائے تعویذ و نقش کی فیس دکانداروں کی طرح لڑ جھگڑ کر وصول کی

جائے اور عدم ادائیگی فیس کی صورت میں عمل کو بدی کے ساتھ کیا جائے یا بطور خیانت اس کو ناقص رکھا جائے تو یہ باتیں شان بندگی کے لئے غیر موزوں اور انسان کی دنیاوی اور اخروی ترقی میں مضر ثابت ہوتی ہیں اور ایسے عاملوں کے عملیات مسلوب البرکۃ اور بے اثر ہو جاتے ہیں۔ نیز وہ افادہ خلق کے ثواب سے محروم رہ جاتے ہیں بلکہ کسی نہ کسی صورت میں مبتلائے شامت ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔

قوانین

عامل کو چند قوانین وضوابط کی پابندی کرنا ضروری ہے۔ جو اس کے عمل کے نفع کیلئے تیر بہدف ثابت ہوں گے۔ جن میں سے چند ضروری قوانین کا ذکر کیا جا رہا ہے۔

قانون نمبر 1: عامل کو چاہئے کہ وہ متشرع ہو اور خاموش طبیعت ہو۔ اور خاموشی اور سکون کے ساتھ سائل کا سوال سنے کم بات کرے باتونی نہ ہو، فرائض واجبات سنن پر عمل کرنے والا ہو۔

قانون نمبر 2: کسی عمل کے پڑھنے یا تعویذ لکھنے کے وقت باوضو ہونا ضروری ہے۔ اگر پانی موجود نہ ہو تو سائل کو بھی جلدی ہو تو تیمم کرنا ضروری ہے۔

قانون نمبر 3: عامل کے منہ سے جو بات نکلے صاف اور لوہے کی لکیر ہو۔

قانون نمبر 4: عامل کو سائل کی نفسیات پر نظر رکھنا بھی ضروری ہے۔

قانون نمبر 5: عمل پڑھنے یا تعویذ لکھنے کے وقت نیت صاف رکھنا وسواس شیطانی سے دور رہنا اور اپنا اعتقاد پختہ رکھنا کہ یہ جو کچھ کر کے دے رہا ہوں صحیح برحق اور ہو کر رہے گا اور رجوع الی اللہ ہونا بھی عاملین کیلئے ضروری ہے۔

قانون نمبر 6: عمل پڑھنے والے کیلئے عمل پڑھنے کیلئے ایک خاص جگہ مقرر کرنا چاہئے کبھی ایک جگہ کبھی دوسری جگہ ایسا کرنے سے عمل کا اثر جاتا رہتا ہے۔

قانون نمبر 7: عامل کو وظیفہ بتاتے وقت سائل کو یہ کہنا ضروری ہے کہ وظیفہ کی مدت پوری کرے یا اس پر مستقیم رہے۔

قانون نمبر 8: عامل کو ہفتہ اور منگل کے دن محبت کے کام نہیں کرنے چاہیں بلکہ نفاق کے کام کرنے چاہیں۔

قانون نمبر 9: عامل کو محبت کے کام شروع مہینہ میں اور جدائی کے کام آخری مہینہ میں کرنے چاہیں۔

قانون نمبر 10: عامل کو محبت و نفاق کے کام کرتے وقت طالب و مطلوب کے ستاروں کی موافقت رکھنا ضروری ہے اور ساعتوں کا لحاظ رکھنا بھی ضروری ہے۔

قانون نمبر 11: عامل عموماً نفاق کے کام کیلئے مریخ یا زحل کی ساعت مقرر کرے اور محبت کے کام کیلئے۔ مشتری اور زہرہ کی ساعت کا انتخاب کرے۔

قانون نمبر 12: عامل کو کوئی ناجائز کام ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ اگر کوئی مجبور کرے تو انہیں سمجھانا چاہیے تاکہ وہ گناہ اور عتاب سے بچ سکے۔

باب اوّل

پہلی فصل

نقشوں کے بیان میں

حروف کے اعداد کا نقشہ

ہر عمل کرنے والے کو سب سے پہلے علم الاعداد سے واقف ہونا ضروری ہے۔ اس لئے حروف کے اعداد کا نقشہ درج ذیل ہے۔

حروف	اعداد قمری	اعداد شمسی	اعداد ملفوظی	اعداد جفری
الف	۱	۱	۱۱۱	۱
با	۲	۲	۳	۲
پے	۲	۲	۳	۲
تا	۴۰۰	۳	۴۰۱	۴
ٹے	۴۰۰	۴	۴۱۰	۴
ثا	۵۰۰	۴	۵۰۱	۵۰
جیم	۳	۵	۵۳	۳
چے	۳	۵	۱۳	۳
حا	۸	۶	۹	۸
خا	۶۰۰	۷	۶۰۱	۶
دال	۴	۸	۳۵	۴
ذال	۷۰۰	۹	۷۳۱	۷

را	۲۰۰	۱۰	۲۰۱	۳
رے	۲۰۰	۱۰	۲۱۰	۳
زا	۷	۲۰	۸	۷
ژے	۷	۲۰	۱۲۰	۴
سین	۶۰	۳۰	۱۲۰	۴
شین	۳۰۰	۴۰	۳۶۰	۳
صاد	۹۰	۵۰	۹۵	۹
ضاد	۸۰۰	۶۰	۸۰۵	۸
طا	۹	۷۰	۱۰	۹
ظا	۹۰۰	۸۰	۹۰۱	۹
عین	۷۰	۹۰	۱۳۰	۷
غین	۱۰۰۰	۱۰۰	۱۰۶۰	۱
فا	۸۰	۲۰۰	۸۱	۸
قاف	۱۰۰	۳۰۰	۱۸۱	۱
گاف	۲۰	۴۰۰	۱۰۱	۲
لام	۳۰	۵۰۰	۷۱	۳
میم	۴۰	۶۰۰	۹۰	۴
نون	۵۰	۷۰۰	۱۰۲	۵
واؤ	۶	۸۰۰	۱۲	۶
ہا	۵	۹۰۰	۶	۵
ی یا	۱۰	۱۰۰۰	۱۱	۱

حروف ابجد انگریزی

انگریزی حروف	اعداد	انگریزی حروف	اعداد
L	۹	A-Y-I-J-Q	۱
S	۱۰	B-C-K-R	۲
		F- G- E	۳
		D- M- T	۴
		E- N	۵
		V- W- X - Y	۶
		Z- 0	۷
		F- P- H	۸

نقشہ اعداد ایام فارسی

شنبہ ہفتہ	یکشنبہ اتوار	دوشنبہ پیر	سہ شنبہ منگل	چارشنبہ بدھ	پنجشنبہ جمعرات	جمعہ جمعہ
۳۵۷	۳۸۷	۳۶۷	۴۲۲	۵۶۶	۴۱۲	۱۱۸

نحس تاریخوں کے متعلق نقشے

ان تاریخوں میں کسی کام کی ابتدا نہ کریں تو بہتر ہے۔ اگرچہ کل یوم ہو فی شان صحیح ہے۔

عیسوی مہینوں کی نحس تاریخیں

مہینے	نحس تاریخیں	مہینے	نحس تاریخیں
جنوری	۱،۲،۴،۶،۱۱،۱۲،۲۰	جولائی	۱۷
فروری	۱،۲،۱۷،۱۸	اگست	۱۰،۱۷
مارچ	۱۴،۱۲	ستمبر	۱۰،۱۸
اپریل	۱۰،۱۷،۱۸	اکتوبر	۲
مئی	۷،۸	نومبر	۶،۱۰
جون	۱۷	دسمبر	۶،۱۱،۱۵

قمری مہینوں کی نحس تاریخیں

مہینے	نحس تاریخیں	مہینے	نحس تاریخیں
محرم	۱۱،۱۴	رجب	۱۱،۱۲،۱۳،۱۵
صفر	۱_۳	شعبان	۲،۴
ربیع الاول	۱۰،۲۰	رمضان	۹،۲۰
ربیع الثانی	۱،۸	شوال	۶،۷
جمادی الاول	۲،۱۱	ذیقعدہ	۲،۵
جمادی الثانی	۲،۴	ذی الحجہ	۲،۷

طالع یعنی بروج کے نزدیک نحس تاریخیں

برجوں کے نام	نحس تاریخیں (قمری مہینے کے نزدیک)

حمل	۲، ۶، ۱۱، ۲۰، ۲۹
ثور	۴، ۹، ۲۴، ۲۵، ۲۷
جوزا	۴، ۱۳، ۱۷، ۲۸، ۳۰
سرطان	۲، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۸
اسد	۶، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۵
سنبلہ	۶، ۱۳، ۱۷
میزان	۲۲، ۲۳، ۲۸
عقرب	۹، ۱۳، ۱۵، ۲۴، ۲۸
قوس	۳، ۴، ۹،
جدیٰ	۱۷، ۲۲، ۲۴، ۲۸
دلو	۴، ۱۲، ۱۷، ۲۳،
حوت	۱۳، ۱۴، ۲۹

نوٹ. اہل نجوم کے نزدیک غرض مند کے طالع یعنی برج کے نزدیک یہ تاریخیں نحس ہیں۔

گھر سے نکلتے وقت کیا کھا کر نکلنا چاہیے

ہفتہ کو	مچھلی کھا کر نکلنا چاہیے ۸ بجے صبح	بدھ کو	دہی کھا کر 6 بجے صبح
اتوار کو	پان کھا کر نکلنا چاہیے ۹ بجے صبح	جمعرات کو	گڑ 6 بجے صبح
پیر کو	الائچی کھا کر نکلنا چاہیے 6 بجے صبح	جمعہ کو	دودھ پی کر بعد دوپہر

ہر برج کا مزاج اور موکل کا نام اور اس کیلئے صدقہ

برج کا نام (موکل کا نام)	مزاج (موکل کا مزاج)	موکل کا نام	صدقہ
اسد شراطیل	آتشی	سرائیل، سرحمائیل	چاندی
سرطان تھفائیل	آبی	تہتائیل	سرخ کپڑا
حمل سراخیل	آتشی	اسرافیل	چاول
عقرب صرصائیل	آبی	صرصائیل	صرف چاول
جوزا اسرافیل	بادی	نصرائیل	چنا
سنبلہ شمکیل	خاکی	سکہیل	ارد
قوس سربطائیل	آتشی	مطائیل	سیاہ کپڑا
حوت تصائیل	آبی	فیشائیل	سبز کپڑا
ثور عزرائیل	خاکی	عزرائیل	مونگ
میزان سرافیل	بادی	سرائیل	باجرہ
جدی شمکائیل	خاکی	سمعائیل	سونا
دلو میکائیل۔	بادی	صمعکائیل	خاکی کپڑا

نقشہ حروف

حروف کا ستاروں سے تعلق اور فائدہ

حروف	ستارے	کام	دن	رات
أ ب ج د	زحل	دفع شر کیلئے	ہفتہ	منگل
ہ و ز ح	مشتری	تسخیر کیلئے	جمعرات	اتوار

ط ی ک ل	مریخ	وسعت رزق کیلئے	منگل	جمعہ
م ن س ع	شمس	ترقی دینوی کیلئے	اتوار	بدھ
ف ص ق ر	زہرہ	ترقی درجات کیلئے	جمعہ	پیر
ش ت ث خ	عطارد	لکھنے پڑھنے کیلئے	بدھ	ہفتہ
ذ ض ظ غ	قمر	مغلوبی دشمن کیلئے	پیر	جمعرات

ہر دن کی پہلی ساعت کے کام کا نقشہ

پیر کی پہلی ساعت	نکاح کیلئے	جمعہ کی پہلی ساعت	تسخیر کیلئے
منگل کی پہلی ساعت	بغض کیلئے	ہفتہ کی پہلی ساعت	تندرستی کیلئے اور بغض کیلئے
بدھ کی پہلی ساعت	کسی کو بیمار ڈالنے کیلئے	اتوار کی پہلی	محبت کیلئے

پتھروں کی ستاروں سے نسبت کا نقشہ

پتھروں کے نام	ستاروں کے نام	پتھروں کے نام	ستاروں کے نام
ہیرا	شمس	لال	مریخ
یاقوت	شمس	لاجورد	عطارد
بشب	شمس	فیروزہ	زحل
نیلم	شمس	زہر مہرہ	زحل
بلور	مریخ	عقیق	زحل
دہانگ فرنگ	مشتری		

صدقہ ہفت روزہ

دن	صدقہ
جمعہ	اس دن بچوں کو کھیر کھلائے
ہفتہ	سات قسم کا اناج اور تیل خیرات کرے۔
اتوار	اس دن کسی کو حلوا کھلائے۔
پیر	چینوٹیوں کے بل پر شکر رکھے اور انہیں کھلائے۔
منگل	مونگ سالم حلال خور کو دے۔
بدھ	پھل بچوں کو تقسیم کرے۔
جمعرات	چیلوں کو گوشت کھلائے۔

صدقہ ابوالعباسیہ :۔سخت مصیبت پریشانی کے وقت یہ صدقہ کرے مصیبت دور ہوگی۔ اندھیرے کمرے میں بکری ذبح کرے۔ خون بہنے نہ دے بلکہ گڑھا کھود کر دبادے۔ جس کی طرف سے صدقہ ہو اس کو ساتھ کھڑا کرے۔ سر پر ہاتھ رکھائے' پھر گوشت کسی مالدار کو نہ دے اور غرباء میں تقسیم کردے۔

حروف ابجد کی اقسام

حروف کی قسم	حروف	سمت
آتشی حروف	ا' ہ' ط' م' ف' ش' ذ	مشرق
خاکی حروف	د' ح' ع' ر' خ' غین	شمالی
بادی حروف	ب' و' ی' ص' ن' ت' ض	جنوب
آبی حروف	ج' ز' ک' ق' س' ث' ظ	مغرب

بروج کی اقسام

طبع	برجوں کے نام	حروف کی قسم
گرم خشک	حمل، اسد، قوس	آتشی
سرد	سرطان، حوت، عقرب	آبی
سرد خشک	ثور، سنبلہ، جدی	خاکی
گرم تر	جوزا، میزان، دلو	بادی

بروج کی آپس میں عداوت ومحبت

اوسط درجے کی دشمنی	سخت دشمنی	اوسط درجہ کی دوستی	بہت زیادہ دوستی
حمل اور سنبلہ	اسد اور حوت	ثور وعقرب	حمل اور اسد
حمل اور ثور		میزان وحمل	سنبلہ اور حوت
ثور اور میزان		سرطان وعقرب	جوزا اور میزان
حمل اور عقرب		سنبلہ اور جدی	جوزا اور قوس اور دلو
			ثور اور سنبلہ
			اسد اور قوس

نوٹ: اگر بروج دوستی کی صورت میں ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں۔ محبت کے نقوش لکھیں اور اگر دشمن کی نظر سے دیکھیں تو عداوت، بغض، مقہوری اعداء کے نقوش لکھیں۔

بروج کی سمت

بروج	سمت

مشرق	حمل' اسد' قوس
جنوب	ثور' سنبلہ' جدی
مغرب	جوزا' میزان اور دلو
شمال	سرطان' عقرب' حوت

نوٹ: آفتاب یعنی شمس ہر برج میں ایک ماہ رہتا ہے۔

قمری مہینوں کی اقسام

مہینوں کی اقسام	مہینے
آتشی	محرم' رمضان' جمادی الاوّل
خاکی	صفر' ربیع الآخر' جمادی الآخر
بادی	ربیع الاوّل' رجب' ذیقعد
آبی	شعبان' شوال' ذوالحجہ

بروج اور متعلقہ شہر

برج حمل	بابل' فارس' آذربائیجان
برج ثور	ہمدان' کروستان
برج جوزا	جرجان' گیلان' سوفان' سرطان سے چین مشرق اور خراسان
برج اسد	ترکستان' تاتار ماوراءالنہر میزان سے روم' امریکہ' مصر' حبشہ
برج عقرب	حجاز' دمین
برج قوس	بغداد و اصفہان

برج جدی	کرمان عمان بحرین ہندوستان و پاکستان
برج دلو	وفہ سے لے کر حجاز تک
برج حوت	صبرستان موسل اسکندریہ روم وغیرہ

سیارگان کی ساعتوں کا نقشہ

ساعت	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
اتوار	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
اتوار رات	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب
پیر رات	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر
منگل رات	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
بدھ رات	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد
جمعرات رات	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
جمعہ رات	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ
ہفتہ رات	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

ساعت نکالنے کا طریقہ

اوپر سیارگان کی ساعتوں کے نقشے کی طرف غور فرمائیں تو سیارگان کی تعداد سات معلوم ہوگی۔ یعنی سیارگان کل سات ہیں اب دن اور رات کے چوبیس گھنٹے بنتے ہیں۔ دن اور رات کی کمی یا بڑھوتری کا حساب نہیں ہوگا بلکہ چوبیس گھنٹوں کا حساب ہوگا اب اتوار کے دن طلوع آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک آفتاب یعنی شمس کی ساعت رہتی ہے۔ 6 بجے طلوع

آفتاب ہوتا ہے تو چھ بجے سے 7 بجے تک آفتاب کی ساعت رہے گی پھر سات بجے سے 8 بجے تک زہرہ کی ساعت پھر آٹھ بجے سے نو بجے تک عطارد کی پھر نو سے 10 تک قمر کی ساعت ہوگی اسی طرح آٹھویں گھنٹے میں پھر آفتاب کی ساعت آجائے گی۔ یعنی ایک بجے سے دو بجے تک پھر آفتاب کی ساعت ہوگی۔ اسی طرح چوبیس گھنٹوں میں سیارگان کی ساعتیں تبدیل ہوں گی۔

ستاروں کا آسمانوں کے ساتھ تعلق

ستاروں کا آسمانوں کے ساتھ تعلق ہوتا ہے۔ ہر ستارے کا اپنے ایک آسمان کے ساتھ تعلق ہوتا ہے۔ وہ درج ذیل نیچے نقشے میں ملاحظہ فرمائیں۔

دن	آسمان	دن	آسمان
قمر کا تعلق	پہلے آسمان سے ہے	مریخ کا تعلق	پانچویں آسمان سے ہے
عطارد کا تعلق	دوسرے آسمان سے ہے	مشتری کا تعلق	چھٹے آسمان سے ہے
زہرہ کا تعلق	تیسرے آسمان سے ہے	زحل کا تعلق	ساتویں آسمان سے ہے
آفتاب کا تعلق	چوتھے آسمان سے ہے		

ستاروں کا دنوں کے ساتھ منسوب ہونا

دن	ستارے کا منسوب ہونا۔
ہفتہ کا دن	زحل سے منسوب ہے۔
اتوار کا دن	آفتاب سے منسوب ہے۔
پیر کا دن	قمر سے منسوب ہے۔

منگل کا دن	مریخ سے منسوب ہے۔
بدھ کا دن	عطارد سے منسوب ہے۔
جمعرات کا دن	مشتری سے منسوب ہے۔
جمعہ کا دن	زہرہ سے منسوب ہے۔

حروف کے ظاہری و باطنی موکلات کا نقشہ

حروف	اسمائے موکل ظاہری	اسمائے موکل باطنی	حروف	اسمائے موکل باطنی	اسمائے موکل ظاہری
الف	آئیل	اسرافیل	ش	ہمزائیل	شائیل
ب	بائیل	جبرائیل	ص	ہجمائیل	صائیل
ت	تائیل	عزرائیل	ض	عطکائیل	ضائیل
ث	ثائیل	میکائیل	ط	اسمائیل	طائیل
ج	جائیل	کلمکائیل	ظ	موزائیل	ظائیل
ح	حائیل	تنکفیل	ع	لومائیل	عائیل
خ	فائیل	مہکائیل	غ	لوخائیل	غائیل
د	دائیل	دردائیل	ف	مرحائیل	فائیل
ذ	ذائیل	اہرائیل	ق	عطرائیل	قائیل
ر	رائیل	اموائیل	ک	حروزائیل	کائیل
ز	زائیل	سرفائیل	ل	طاطائیل	لائیل
س	سائیل	ہموائیل	م	رومائیل	مائیل
			ن	جولائیل	نائیل
			و	رقائیل	وائیل
			ہ	دوربائیل	ہائیل
			ی	سرکتائیل	یائیل

اسمائے حسنیٰ کا نقشہ

اسم مبارک	معنی	اعداد قمری	موکل	عنصر	جمالی یا جلالی یا مشترک
الملک	بادشاہ مطلق	90	حرائیل ادیائیل	خاکی	مشترک
القدوس	پاک بادشاہ	170	ہمزائیل عطرائیل	آبی	جمالی
السلام	سالم و بے عیب	131	ادیائیل ہموائیل	بادی	جمالی
المومن	بےخوف کرنیوالا	136	ادیائیل جولائیل	آتشی	جمالی
المھیمن	سچا گواہ	145	کلکائیل سرکیطائیل	آتشی	جمالی
العزیز	غالب	94	لومائیل عزرائیل	آتشی	جلالی
الجبار	صبر کرنیوالا	206	کلکائیل عطرائیل	آتشی	جلالی
المتکبر	صاحب کبریائی	62	ادیائیل برائیل	خاکی	جلالی
الخالق	پیدا کرنیوالا	731	میکائیل خورائیل	خاکی	جلالی
البارئ	پیدا کرنیوالا	213	جبرائیل ابراطیل	آتشی	مشترک
المصور	نقش کرنیوالا	336	اجمائیل ابراطیل	آتشی	مشترک
الغفار	بخشنے والا	1281	توخائیل احمائیل	آتشی	جمالی
القھار	قہر کرنے والا	306	دردائیل عطرائیل	خاکی	جلالی
الوھاب	بخشنے والا نعمت کا	14	الفتحائیل جبرائیل	خاکی	جمالی
الرزاق	رزق دینے والا	308	اسرافیل حرافیل	آتشی	جمالی
الفتاح	کھولنے والا	489	سرفائیل تنکفیل	آتشی	جمالی
العلیم	جاننے والا	150	لوکائیل عطکائیل	خاکی	جمالی
القابض	قبض کرنے والا	903	عطرائیل رویائیل	بادی	جلالی
الباسط	کشادہ کرنے والا	72	جبرائیل اسمائیل	بادی	جمالی
الرافع	بلند کرنے والا	351	سرحائیل لومائیل	بادی	جمالی
الخافض	پست کرنے والا	1481	میکائیل عطکائیل	آتشی	جلالی

المُعِزُّ	عزت دینے والا	117	اومائیل لومائیل	خاکی	جمالی
السَّمِیعُ	سننے والا	180	ہمرائیل اسرافیل	آتشی	جمالی
البَصِیرُ	دیکھنے والا	302	جبرائیل اسرائیل	خاکی	جمالی
الحمید	پاک صفات	62	تنک میکائیل	خاکی	جمالی
المحصی	شمار کنندہ	148	اہمائیل دردائیل	آتشی	جمالی
المبدی	پیدا کرنے والا	56	جبرائیل۔دردائیل	آتشی	جلالی
المعید	دوبارہ پیدا کرنے والا	124	رویائیل۔سرکیطائیل	آتشی	جمالی
المحی	زندہ کرنیوالا	68	ہمرائیل۔تنکفیل	آتشی	جلالی
الممیت	مردہ کرنیوالا	490	رویائیل۔عزرائیل	آتشی	جلالی
الحی	ہمیشہ زندہ رہنے والا	18	عطرائیل۔افتمائیل	آتشی	جلالی
القیوم	ہمیشہ قائم رہنے والا	156	عطرائیل۔افتمائیل	آتشی	جلالی
الواجد	حاصل کرنے والا	14	کلکائیل۔دردائیل	خاکی	جمالی
الماجد	بزرگی بخشنے والا	48	اویائیل۔دردائیل	خاکی	جمالی
الجامع	جمع کرنے والا	114	کلکائیل۔لومائیل	خاکی	مشترک
المقسط	انصاف کرنے والا	209	عطرائیل۔اسمائیل	جمالی	جمالی
الغنی	بے نیاز	1060	دردائیل۔تومائیل	آتشی	جلالی
المعطی	عطا کرنے والا	129	لومائیل۔اسمائیل	آبی	جمالی
المانع	باز رکھنے والا	161	رومائیل۔لومائیل	آبی	جلالی
الضّار	نقصان پہنچانے والا	161	اجمائیل۔ابراطیل	آبی	جمالی
النافع	نفع دینے والا	201	مولائیل۔سرتمائیل	آبی	جمالی
النور	روشن کرنیوالا	256	افتحائیل۔ابرائیل	آبی	مشترک
الهادی	ہدایت دینے والا	20	دردائیل۔سرکیطائیل	آبی	جمالی
البدیع	نیا پیدا کرنیوالا	86	جبرائیل۔لومائیل	خاکی	مشترک
الباقی	باقی رہنے والا	113	عطرائیل۔لویائیل	آبی	جمالی
الوارث	وارث	707	افتمائیل۔میکائیل	آبی	جلالی

الرشید	صحیح اندازہ کرنیوالا	514	ہموائیل۔وردائیل	خاکی	مشترک
الصبور	جلدی عذاب نہ دینےوالا	298	وتجمائیل۔اہرائیل	بادی	جمالی
الستّار	پردہ پوش	661-662	جبرائیل۔میکائیل	خاکی	جمالی
الحکیم	حکمت والا	78	تنکفیل۔اودیائیل	خاکی	جلالی
العدل	عدل کرنے والا	104	طاطائیل۔اوبائیل	آتشی	جمالی
اللطیف	مہربان۔پاکیزہ	129	اسمائیل۔اومائیل	آتشی	جمالی
الخبیر	واقف	212	مہکائیل۔لومائیل	آتشی	جمالی
الرقیب	نگہبان	312	عطرائیل۔سراکیطائیل	آتشی	جمالی
المجیب	دعا قبول کرنیوالا	55	کلکائیل۔جبرائیل	بادی	جمالی
الواسع	فراخی دینے والا	137	اسمائیل۔وردائیل	آتشی	جمالی
الحلیم	نرم اور مہربان	88	تنکفیل۔فرومائیل	خاکی	جمالی
الودود	نیکوں کا دوست	20	اسمائیل۔وردائیل	آتشی	جمالی
العظیم	بزرگ و برتر	1050	موتائیل۔اسمائیل	آتشی	جمالی
الغفور	گناہ بخشنے والا	1286	لومائیل۔سرکیطائیل	خاکی	جمالی
الشکور	شکر قبول کرنے والا	526	ہمزائیل۔حزدائیل	خاکی	جمالی
العلیّ	سب سے اعلیٰ	110	لومائیل۔سرکیطائیل	خاکی	جمالی
الکبیر	سب سے زیادہ بڑا	232	سرحمائیل۔روزائیل	آتشی	جمالی
الواحد	تنہا۔اکیلا	19	افتمائیل۔وردائیل	بادی	مشترک
الاحد	خدائی میں اکیلا	13	تنکفیل۔وردائیل	آتشی	جمالی
الصمد	بے نیاز	134	رحمائیل۔اودیائیل	خاکی	جمالی
القادر	زبردست قدرت والا	305	عطرائیل۔اہرطیل	آتشی	جلالی
المقتدر	طاقت ور	744	اومائیل۔عطرائیل	آتشی	جلالی
المقدم	ہمیشہ سے	184	عزرائیل۔وردائیل	آتشی	مشترک

المؤخر	ہمیشہ ہمیشہ تک رہنے والا	846	فتمائیل۔میکائیل	خاکی	مشترک
الاول	شروع سے	37	طاطائیل۔فتمائیل	آتشی	مشترک
الآخر	ہمیشہ آخر تک	801	میکائیل۔اہراطیل	آتشی	مشترک
الظاہر	صاف ظاہر	1106	جبرائیل۔اسمائیل	خاکی	مشترک
الباطن	پوشیدہ	62	وردائیل۔اورائیل	خاکی	مشترک
الوالی	زبردست حاکم	47	رفتمائیل۔سرکیطائیل	بادی	مشترک
المتعالی	بزرگی والا	551	طاطائیل۔عزرائیل	بادی	مشترک
البر	نیک	202	جبرائیل۔ہمرائیل	خاکی	جمالی
التواب	توبہ قبول کرنے والا	409	عزرائیل۔جبرائیل	آتشی	جمالی
المغنی	بے پرواہ کرنے والا	1100	روحائیل۔حولائیل	خاکی	جمالی
العفو	گناہ معاف کرنیوالا	156	لومائیل۔سرحمائیل	خاکی	جمالی
الرؤف	معاف کرنے والا مہربان	286	اہراطیل۔سرحمائیل	خاکی	جمالی
مالک الملک	مالک ملک کا	212	اومائیل۔خروائیل	آتشی	جلالی
ذوالجلال والاکرام	صاحب بزرگی اور جلال کا	1099	خروورائیل۔طاطائیل	آتشی	جلالی
الرب	پالنے والا	202	اہراطیل۔جبرائیل	خاکی	جمالی
الحفیظ	نگہبانی کرنیوالا	998	سرحمائیل۔رووزائیل	خاکی	جمالی
المقیت	قوت دینے والا	550	اومائیل۔عطرائیل	آتشی	جمالی
الحسیب	حساب لینے والا	80	حزائیل۔سرکیطائیل	آتشی	مشترک
الجلیل	بہت بزرگ	73	کلکائیل۔جبرائیل	آتشی	جلالی
الکریم	بزرگی دینے والا	270	حوارئیل۔اہرطائیل	خاکی	جمالی
المجید	بہت بزرگ	57	رومائیل۔کلکائیل	آتشی	جمالی

الباعث	پیغمبر بھیجنے والا	573	جبرائیل۔ میکائیل	آتشی	مشترک
الشہید	گواہ	319	عطرائیل۔ تنکفائیل	بادی	مشترک
الحق	سچا	108	عطرائیل۔ تنکفائیل	آتشی	مشترک
القوی	طاقتور	166	عطرائیل۔ تنکفائیل	آتشی	جلالی
الوکیل	کارساز	66	خردائیل۔ طاطائیل	خاکی	جمالی
المتین	مضبوط	500	عزرائیل۔ حولائیل	آتشی	جلالی
الولی	دوست	46	فتحائیل۔ سرکیطائیل	خاکی	جمالی

اسمائے حسنیٰ کا استعمال

اسمائے حسنٰی جمالی استعمال ہوتے ہیں یا جلالی استعمال ہوتے ہیں یا پھر مشترک استعمال ہوتے ہیں۔ اب اسمائے حسنٰی میں سے جو جلالی ہیں وہ بغض وعداوت ومقہور اعداء وغیرہ کے لئے کارآمد ہیں اور اسمائے حسنٰی جمالی ہیں وہ وسعت رزق، دشمن پر فتحمندی، بلندی مراتب، تسخیر محبت ودوستی کے لئے استعمال ہوتے ہیں اور جو مشترک ہیں وہ جلالی اور جمالی دونوں جگہ کام دیتے ہیں اکثر وہ بلندی مراتب اور شفائے امراض وغیرہ کے لئے خاص طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

پرہیز جلالی:

انڈا، شہد، مچھلی، ہر قسم کا گوشت، مشک یا چمڑے کے ڈول کا پانی یا کسی اور طرح چمڑے کی چیز کا استعمال جس کا دستہ یعنی (قبضہ) جانور کے سینگ یا ہڈی وغیرہ کا بنا ہوا ہو۔ اونی کپڑا، حجامت کروانا، دوسرے کے جسم کے ساتھ اپنا جسم لگانا خواہ مرد ہو یا عورت یا آپس میں میاں بیوی دوسرے کے بستر پر سونا، جماع، ناخن تراشنا اور کسی جانور کو قتل کرنا اور اس کو مارنا، سرکہ، پیاز، لہسن، مولی کھانا یا کوئی اور بدبودار چیز مثلاً ہینگ وغیرہ کا استعمال ممنوع ہے۔ نہ ایسا میوہ کھانا جس پر مکھی بیٹھی ہو گھی، دودھ اور چھاچھ یعنی (لسی) وغیرہ سے بھی پرہیز کرنا چاہئے۔ صرف تلوں کا تیل استعمال کرنا چاہئے مگر وہ بھی ایسا جو تمہاری نگرانی میں ایسا نکالا ہوا ہو جس کو کیڑوں نے نہ کھایا ہو۔ بہتر یہ ہے کہ تلوں کو پانی میں بھگو کر نتھار لیں

جو تل پانی پر تر آئیں۔ انہیں باہر نکال لیں۔ مگر یہ سب عمل وظیفہ شروع کرنے سے پہلے کر لینا چاہئے اور جو کی بے نمک روٹی جو خود ہاتھ سے پکائی ہو کھانی چاہئے اور کھانا خود پکانا چاہئے۔ کسی دوسرے کو مشقت میں نہیں ڈالنا چاہئے۔ آٹے اور تیل وغیرہ کا پہلے اہتمام کر کے رکھ لیں بے سلا کپڑا پہنیں۔ جسم سے کبھی خون نہ نکلنے دیں۔ کسی درخت کا پتہ یا پھل نہ توڑیں نہ سواری کریں ہمیشہ باوضو رہیں۔

پرہیز جمالی:

گوشت ہر قسم کا لہسن، پیاز اور سرکہ استعمال نہ کریں۔ باقی سب کچھ کھا سکتے ہیں کوئی قید نہیں بلکہ صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں باوضو رہنا بھی شرط ہے۔

ستاروں کو اپنے ساتھ مانوس کرنے کا طریقہ

جس کا ستارہ گردش میں آجائے۔ یا دشمن ستارے کی نظر میں چلا جائے یا ناموافق برج کی نظر میں آجائے۔ یا ستارہ ساتھ نہ دے رہا ہو تو انسان کا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ جاتا ہے۔ وسواس خدشات میں مبتلا رہتا ہے۔ پریشانیاں اور مصائب میں گھر جاتا ہے۔ بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ روزی میں کمی آجاتی ہے۔ خاص طور انسان اپنا ستارہ نکال کر اس کو اپنے ساتھ مانوس کرے اور اس طرح سب ستاروں کو اپنے ساتھ مانوس کرے تو کوئی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اس لئے تمام ستاروں کے مانوس کرنے کا طریقہ لکھ دیتا ہوں۔ آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔ پہلے زحل کا طریقہ لکھ دیتا ہوں باقی بھی اسی طرح ہوں گے ملاحظہ فرمائیں۔

زحل ستارہ کو مانوس کرنے کا طریقہ

زحل کی تسخیر کا طریقہ یہ ہے سب سے پہلے زحل ستارہ کے موافق دن یعنی ہفتہ کو روزہ رکھیں اور بعد نماز عشاء طاق عدد میں چند بار درود شریف پڑھ کر ایک سو ایک مرتبہ درج

ذیل نیچے والی دعا پڑھیں۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ○

السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا زُحَلُ یَا اَنَائِیْلُ یَا اَرْقَائِیْلُ یَا اَقْبَحُ۔"

اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اسی طرح ایک ہفتہ مکمل کریں اگر چلہ پورا کریں تو نور علی نور ورنہ چند ہفتے ہی کافی ہیں۔ یہ پورے کا پورا عمل مکمل صفائی ستھرائی کے ساتھ کرنا چاہیے۔ اور خوشبو بھی لگانا چاہیے۔ باقی ستاروں کو بھی مانوس کرنے کا اور ان کی تسخیر کا یہی طریقہ ہے ہر ستارے کو مخاطب کرنے کا سلام لکھ دیتا ہوں سلام لکھنے سے پہلے یہ بات نوٹ فرمالیں کہ ہر ستارے کی تسخیر کیلئے کم از کم ایک ہفتہ کا عمل ضرور ہونا چاہئے۔

ستاروں کو مخاطب کرنے کیلئے سلام کا نقشہ

تسخیر مشتری	السلام علیک یا مشتری یا تجرائیل یا علیم یا کریم
تسخیر مریخ	السلام علیک یا مریخ یا بیلا کمیل یا مصرو
تسخیر شمس	السلام علیک یا شمس کلمتائیل یا طفشب
تسخیر زہرہ	السلام علیک یا زهره یا اسمائیل یا خطیح یا اصمومائیل
تسخیر عطارد	السلام علیک یا عطارد یا نفوئیل یا اشکمائیل یا قلق
تسخیر قمر	السلام علیک یا قمر یا تقویل یا اسکمائیل یا نصدر

سلام کے بعد ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا نہ بھولیں۔ اس سے پہلے دعا شریف ایک سو ایک مرتبہ ہر مرتبہ رب العالمین کے بعد سلام پڑھیں پھر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں اس طرح ایک مرتبہ وظیفہ مکمل ہوگا اور پورا ہفتہ مکمل کریں ایک ہفتہ میں وظیفہ مکمل ہوگا۔

دنوں کے موکلات

عامل کیلئے دن کے موکل جاننا بھی از حد ضروری ہے کیونکہ دنوں کے موکلات بھی

اعمال میں کافی فائدہ دیتے ہیں۔ دنوں کے موکلات کا مطلب یہ ہے کہ ہفتہ کا موکل کونسا ہے اتوار کا موکل کونسا ہے اور پیر کا موکل کونسا ہے علی ھذا القیاس جس دن کوئی عمل کر رہا ہو یا تعویذ لکھ رہا ہو تو وہ موکل کا نام باادب و تعظیم لے اور اس سے استعانت و امداد مانگے تاکہ مقصد حاصل ہونے میں دیر نہ ہو عامل سائل سے بھی یہ عمل کروا سکتا ہے عالم دو ہیں علوی یعنی سماوی اور سفلی یعنی ارضی ان دونوں میں سے ہر ایک کا اپنا اپنا موکل ہے جن کو نقش کی صورت میں دے رہا ہوں ملاحظہ فرمائیں۔

دن	عالم سماوی یعنی علوی کا موکل	عالم سفلی یعنی ارضی کا موکل
جمعہ	ھصفیافائیل	عبدالرحمن لقب ابیض ہے
ہفتہ	ھصفیائیل	ابونورح میموں اسجان
اتوار	روفائیل	ابوعبداللہ المذھب
پیر	جبرائیل اسکا خادم شمکائیل (دونوں کو یاد کرے)	ابوعبداللہ الحارث
منگل	سلسائیل	الاحمر
بدھ	میکائیل اسکا خادم نوائیل	ا۔ ذریعہ ۲۔ یرقان (دونوں کو مدنظر رکھنا چاہیے۔)
جمعرات	صوفیائیل	السید شمھورش

موکلات جہات

عامل کو جہتوں یعنی سمتوں کے موکلات کا جاننا بھی ضروری ہے ہر جہت کا اپنا اپنا ایک موکل ہوتا ہے۔ اور دو اعوان ہوتے ہیں مشرق سمت کا اپنا ایک موکل ہے اور دو اعوان ہیں مغرب، سمت کا اپنا ایک موکل ہے اور دو اعوان ہیں اسی طرح شمال اور جنوب کے بھی اپنے اپنے موکل ہیں اور اعوان ہیں ان سے بھی استمداد کرنا چاہئے۔ یعنی عامل جس سمت منہ کر کے تعویذ لکھے یا عمل کرے یا پڑھے تو اس سمت کے موکل اور اعوان کا نام ضرور لے۔

جہات	موکل	اعوان
مشرق	دنیائیل	حمائیل حموقیائیل

مغرب	دریائیل	جبیر بقیل وصحائیل
جنوب	صرمیائیل	فیسائیل اور مرجائیل
شمال	ایمائیل	فرغزیل طائیل
قبلہ کا سوکل	ایمائیل	فرغوعیل وطاجیل

شرف وھبوط کا نقشہ

بروج منقلب		بروج ثابت		بروج ذوجسدین	
عربی نام	ہندی نام	عربی نام	ہندی نام	عربی نام	ہندی نام
سرطان	کرک	اسد	سنگھ	سنبلہ	کنیا
میزان	تلا	عقرب	برچھک	قوس	دھن
جدی	مکر	دلو	کنبھ	حوت	مین

بروج میں تعویذات لکھنے کیلئے گزارش

شرف وہبوط کے تحت یہ تینوں بروج یعنی منقلب ثابت' ذوجسدین ہیں۔ کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ نے ہر برج اور ستارے کا نیکی اور سعادت ونحوست میں اثر جداگانہ مرحمت فرمایا ہے۔ اس لئے آفتاب جب برج ثابت میں ہوگا تو محبت وتسخیر کے عملیات اور کشائش رزق وغیرہ کے عملیات لکھے جائیں گے اور جب آفتاب برج منقلب میں ہوگا بغض وعداوت اور مقہوری اعداد کے عملیات لکھے جائیں گے کیونکہ یہ نحس ہیں اور اسی طرح جب آفتاب ذوجسدین میں ہو دونوں کا لکھنا پڑھنا مقرر ہے۔ ان چار بروج کو مستطیع بھی کہتے ہیں۔ جو نہ نیک ہیں اور نہ بد ہیں۔ ان کی شرقی ساعتیں محبت وغیرہ کیلئے اور اس کی غربی ساعتیں عداوت وغیرہ کیلئے مخصوص ہیں۔ اور وہ یہ ہیں جوزا سنبلہ' حوت' قوس' آفتاب کو ان بروج میں نہ ہبوط ہوتا ہے نہ شرف' منقلب بروج میں ہمیشہ آفتاب ہبوط میں رہتا ہے اس لئے محبت کے تعویذ نہیں لکھنے

چاہییں۔ اگر ایسا کریں گے تو اس کے برعکس ہوگا یعنی الٹی تاثیر ہوگی۔ یہی حال بارہ مہینوں کا ہے اور اس کا تعین شمسی مہینوں سے ہوتا ہے اور اسی طرح قمر عقرب میں ہو تو ہبوط میں سمجھنا چاہئے اور باقی حالتوں میں قمر کو شرف ہوتا ہے عامل کو قمر و آفتاب کے شرف و ہبوط کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔ قمر ہر مہینے میں دو دن عقرب میں رہتا ہے۔ اس وقت کسی قسم کا کوئی نیک کام نہیں کرنا چاہئے ورنہ نقصان ہوگا۔

دوسری فصل

اصطلاحات بروج کے بیان میں

ان برجوں کے متعلق اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ نے فرمایا:

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا وَّ زَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیْنَ

ترجمہ۔ دیکھیں ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں دیکھنے والوں کیلئے اس کو زینت یعنی خوبصورتی بخشی ہے اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ نے ایک اور جگہ پر قرآن مجید میں فرمایا تَبٰرَکَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا ○

ترجمہ:۔ بابرکت ہے وہ ذات جس نے آسمان میں برج بنائے تیسری جگہ پر اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کا فرمان عالیشان ہے والسماء ذات البروج قسم ہے آسمان کی جس میں بروج ہیں۔ مفسرین کرام نے ان برجوں کے متعلق اختلاف کیا ہے بعض کہتے ہیں کہ وہ آسمان میں محل ہیں یہی قول حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بھی ہے۔ دلیل ان کی قرآن کریم کی یہ آیت ہے کہ ولو کنتم فی بروج مشیدۃ بعض کہتے ہیں کہ وہ ستارے ہیں بعض کا قول ہے کہ چراغ ہیں کچھ کہتے ہیں کہ یہ آسمان کے دروازے ہیں۔ جن کو حجرہ کہتے ہیں۔ مشہور صحابی مفسر قرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ بروج جن کا ہم ذکر کر رہے ہیں وہ بارہ ہیں جن کو اللہ تبارک تعالیٰ جل شانہ سے تربیع اور تثلیث کے ساتھ تقسیم کیا ہے اور ساتوں ستاروں پر بھی ان کی تقسیم ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ فی السماء بروجا میں جو بارہ بروج ہیں اسی پر سب گروہ اتفاق رکھتے ہیں مثلاً ہنو دپارسی یونانی وعربی وفرنگی وغیرہ۔

بروج کی اصل

بروج کی حقیقت یہ ہے کہ جب سورج آسمان میں گردش کرتا ہے تو سورج کی گردش

کی وجہ سے آسمان میں ایک دائرہ پیدا ہوتا ہے۔ جس طرح سورج اس دائرہ کو ایک سال کی مدت میں طے کرتا ہے اور اس کو بارہ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حصہ کا برج نام رکھا ہے ستاروں کے اجتماع کے سبب کی وجہ سے جیسی شکل پیدا ہوتی ہے اس مناسبت سے اسکا نام رکھا گیا ہے جیسے پہلے حصے کا نام حمل اور دوسرے کا ثور تیسرے کا جوزا چوتھے کا سرطان پانچویں کا اسد چھٹے کا سنبلہ ساتویں کا میزان آٹھویں کا عقرب نویں کا قوس دسویں کا جدی گیارھویں کا دلو اور بارھویں کا حوت ہے۔ برج کو اہل ہند راس نام دیتے ہیں۔ اب ہر ایک برج کی مختصر تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) برج حمل

ہندی میکھ ماہ بیساکھ کہتے ہیں۔ اور دو شاخ کی صورت کا مینڈھا دوسرا اس کا مغرب کی جانب اور دم اسکی مشرق کی جانب ہے پچھلی طرح منہ کیئے ہوئے ہے یہاں تک تو تھی اس کی پیٹھ پر ہے جملہ ستارے اس میں اٹھارہ ہیں تیرہ داخل صورت اور پانچ بیرونی صورت اور دو ستارے روشن اس کے سر پر ہیں۔ ان کو شرطین کہتے ہیں اور ایک ستارہ روشن خارج صورت اس کی شاخ پر ہے۔ اس کو ناطح کہتے ہیں اور جو ستارے آنت اور ران پر ہیں۔ ان کو بطین کہتے ہیں۔ شرطین اور بطین قمر دو منزلیں ہیں۔ برج حمل کا موکل اسرافیل ہے اور حروف لام ُف۔ ش۔ ذ ہیں۔

(۲) برج ثور

برج ثور کو ہندی میں برکھ ماہ جیٹھ کہتے ہیں۔ خانہ زہرہ ہے جنوبی خاکی سفید اس کے اندر ایک ستارہ ہے اور اس کے باہر گیارہ ستارے ہیں۔ شکل برج بیل کی ہے۔ ایک ستارہ اس کی آنکھ پر ہے اور وہ روشن ہے۔ اس کو دبران کہتے ہیں۔ اور اس کے کندھے پر بھی ستارے ہیں جن کو ثریا کہتے ہیں۔ ایک ناف کے پاس ہے اس کے دو ٹکڑے ہو گئے ہیں۔ اگلا مشرق کی طرف پچھلا مغرب کی جانب ہے۔ دبران اور ثریا دونوں منزلیں قمر کی ہیں۔ موکل اسکا عزرائیل ہے حُرف اس کے (ب۔و۔ی۔ن۔ض۔ت) ہیں۔

(۳) برج جوزا:

اس کو توامین بھی کہتے ہیں۔ ہندی میں اسکا نام متھن ماہ اساڑھ ہے۔ شکل اس کی دو آدمیوں کی طرح جیسے جڑواں بچے ملے ہوئے ہوں۔ اٹھارہ ستارے ہیں۔ سات ستارے اس سے باہر ہیں۔ دو ستارے روشن اس کے سر پہ ہیں ان کو ذراع کہتے ہیں اور دو ستارے پستان پر واقع ہیں۔ ان کو ہنعہ کہتے ہیں۔ یہ دو منزلیں قمر کی ہیں۔ اس برج کا سر اور تمام ستارے شمال کی طرف ہیں اور پنڈلیاں مشرق کی طرف ہیں اور پیر مغرب کی طرف ہیں۔ موکل اس کا اسرافیل ہے۔ حروف اس کے ر۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ ہیں۔

(۴) برج سرطان

ہندی میں اسکو کرک ماہ ساون کہتے ہیں۔ چھ ستارے اندر اور چار باہر اس کی شکل بالکل کیکڑے کی طرح ہے اس کا اگلا حصہ مشرق کی طرف اور پچھلا حصہ مغرب وجنوب کی طرف جوزا اس سے اس طرح متصل ہے کہ گویا کہ اسے اٹھائے ہوئے ہے۔ اور اسکے ستاروں میں سے ایک ستارہ قلب اسد بھی ہے اسکا ایک ستارہ بہت روشن ہے جسکو نثرہ کہتے ہیں اور ایک ستارہ پاؤں پر واقع ہے اسکو طرفہ کہتے ہیں۔ یہ دونوں منزلیں قمر کی ہیں موکل اسکا عصفائیل ہے حروف اسکے ذ'ح'ل'ع'خ'غ ہے۔

(۵) برج اسد

ہندی میں سنگھ ماہ بھادوں کہتے ہیں شیر کی صورت ہے ستائیس ستارے داخل صورت ہیں اور آٹھ خارج صورت جو ستارے خارج صورت میں انکو طرفہ کہتے اور چار ستارے اسکی گردن پر ہیں انکو جبہہ کہتے ہیں۔ اور جو ستارے اسکے سینہ پر ہیں انکو قلب کہتے ہیں اور جو اسکی پیٹھ پر ہیں اس کو زبرہ کہتے ہیں اور جو دم پر واقع ہیں انکو صرفہ کہتے ہیں یہ سب منزلیں قمر کی ہیں۔ موکل اسکا شراطیل ہے حروف اسکے ظ'م'ف'ش'ذ ہیں۔

(۶) برج سنبلہ

ہندی میں اسکو کنیا ماہ کنوار یعنی اسوج کہتے ہیں۔ عورت کی سی صورت چھبیس ستارے

داخل صورت اور چھ خارج صورت اور ایک ستارہ روشن اسکے کندھے پر ہے اسکو عوا کہتے ہیں۔ یہ تیرھویں منزل قمر کی ہے اور جو ستارہ بائیں پاؤں پر ہے اسکو غفرا کہتے ہیں۔ مؤکل اسکا مشمکیل ہے حروف اسکے ب۔ذ۔ی۔ن۔ھ۔ض۔ت ہیں۔ اور اسکے ستاروں میں سے ایک ستارہ سماک اعزل بھی ہے۔

(۷) برج میزان

ہندی میں تلا ماہ کاتک بھی کہتے ہیں اسکو عذرا بھی کہتے ہیں اسکی شکل ترازو کی طرح ہے آٹھ ستارے داخل صورت اور نو ستارے خارج صورت ہیں۔ اس مجموعہ سے کوئی ستارہ مشہور نہیں ہے مؤکل اسکا سمرائیل ہے۔ حروف اس کے د۔ ج۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ ہیں۔

(۸) برج عقرب

ہندی میں اس کو برچھک یعنی گہن مگر ہے۔ بچھو کی صورت پر ہے۔ ستارے اس کے اکیس داخل صورت اور تیس خارج صورت جو ستارے پیشانی پر ہیں انکو اکلیل کہتے ہیں اور دو ستارے دم پر ہیں۔ ان کو شولہ کہتے ہیں۔ یہ دونوں منزلیں قمر کی ہیں۔ مؤکل اسکا صرصائیل ہے حروف اسکے۔ ل۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش ہیں۔

(۹) برج قوس

ہندی میں اسکو دھن ماہ پوہ بھی کہتے ہیں۔ شمس المعارف میں اس کا نام رامی بھی لکھا گیا ہے۔ یہ برج کمان کی طرح ہے۔ شمس المعارف میں ہے کہ اس کی شکل انسان اور گھوڑے کی صورت سے مرکب ہے۔ گردن تک گھوڑے کا جسم اور گردن سے اوپر انسان کا جسم ہے۔ ہاتھ میں تیر کمان ہے۔ جو زمین کی طرف جھکا ہوا ہے۔ اکتیس ستارے ہیں مؤکل اس کا سربطائیل ہے۔ حروف اس کے ب۔ د۔ م۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض ہیں۔

(۱۰) برج جدی

ہندی میں بکر ماگھ بھی کہتے ہیں۔ اٹھائیس ستارے ہیں۔ اوپر کا نصف جسم بکری کا سا

ہے اور نیچے کا آدھا جسم مچھلی کی طرح کا ہے۔ جس کے ہاتھ میں ایک چھاگل ہے۔ جو اپنے پاؤں پر پانی ڈال رہا ہے اور پانی اس کے پاؤں کے نیچے سے جنوب کی طرف بہہ رہا ہے۔ دو ستارے اس کی گردن پر ہیں اس کو سعد ذابح کہتے ہیں۔ موکل اسکا شمکائیل ہے۔ حروف اس کے ج۔ د۔ک۔ س۔ ق۔ ت۔ ظ۔ ہیں۔

(۱۱) برج دلو

ہندی میں کمبھ ماہ پھگن بھی کہتے ہیں۔ شمس المعارف میں بھی یہی نام لکھا گیا ہے۔ اس کی صورت مرد کی طرح ہے۔ ہاتھ میں ڈول لئے ہوئے ہے۔ جو اپنے پاؤں پر پانی ڈال رہا ہے اور پانی اس کے پاؤں کے نیچے سے جنوب کی طرف بہہ رہا ہے۔ بیالیس ستارے ہیں۔ منجملہ اس کے دو ستارے ہیں جن کو سعد السعود کہتے ہیں اور تین ستارے بائیں ہاتھ پر ہیں۔ ان کو سعد بلع کہتے ہیں اور تین ستارے اس کے داہنے ہاتھ پر ہیں۔ اس کو سعد الاخبیہ کہتے ہیں۔ موکل اسکا میکائیل ہے۔ حروف اس کے د۔ ح۔ ر۔ ل۔ خ۔ غ۔ ب۔ ہیں۔

(۱۲) برج حوت

ہندی میں مین ماہ چیت بھی کہتے ہیں جس کی صورت دو مچھلیوں کی طرح ہے جن کی دمیں آپس میں ملی ہوئی ہیں۔ ستارے اس کے چونتیس ہیں تیس داخل صورت اور چار خارج صورت موکل اس کا تعبائیل ہے۔ حروف اس کے ج۔ ز۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ۔ ہیں

زمانہ کے حصے

زمانہ کے چار حصے ہیں پہلے ربیع بعض کے نزدیک گرمی پہلا حصہ ہے۔ بعض کے نزدیک خریف اس کی ابتدا اس وقت ہوتی ہے۔ جب سورج اس میزان میں جاتا ہے اور موسم سرما کی ابتدا جب سورج راس جدی میں جاتا ہے اور موسم گرما کی ابتدا جب سورج راس حمل میں جاتا ہے اور موسم خریف کی ابتدا اس وقت ہوتی ہے۔ جب سورج برج سرطان میں جاتا ہے۔ بعض کے نزدیک

جاتے ربیع کے خریف اور بجائے خریف کے موسم گرما ہے۔

ہواؤں کا بیان

پہلی ہوا شمالی ہے۔ جو قطب کی طرف سے چلتی ہے۔ دوسری مشرق سے آتی ہے۔ جب رات دن برابر ہوتا ہے۔ نیز اس کے نیچے ایک ہوا دبور ہے۔ عرب لوگوں کا خیال ہے کہ دبور ہوا ہی بادلوں کو ابھار کر لاتی ہے۔ پھر صبا اس کو ترتیب دے کر موٹا اور بھاری بنا دیتی ہے اور ایک ہوا جنوب کی ہے۔ جو بادلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو ملا کر ان کو پھیلا دیتی ہے اور شمال کی ہوا بادلوں کو پھاڑتی ہے۔ غرض کہ شمال سے پروائی جنوب سے پچھوا یہ اور شرق سے بادِ صبا اور غرب سے دبور چلتی ہے۔

چار فصلوں پر منازل کی تقسیم

فصل ربیع کی یہ منازل ہیں۔ شرطین، بطین، ثریا، دبران، ہقعہ، ہنعہ، ذراع اور فصل گرما کی یہ ہیں۔ طرف، جبہہ، زبرہ، صرفہ، سماک، عوا اور فصل خریف کی منازل دیکھیں۔ غفر، زبانا، اکیا کلیل، قلب، شولہ، نعام، بلدہ، سد، سعود، سعد ذابح، سعد اخبیہ، سعد بلع، فرغ مقدم، فرغ، موخر زشا، غرض کہ ہر فصل کی سات منزلیں ہیں۔

تیسری فصل

ستاروں کی حقیقت کے بیان میں

اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کا ارشاد ہے۔

وهو الذی جعل لكم النجوم لتهتدوبها فی ظلمات البر والبحر

اور اسی نے بنادیئے تم کو تارے تاکہ ان سے راہ پاؤ اندھیروں میں جنگل اور دریا میں اور دوسرے مقام پر فرمایا کہ و بالنجم هم يهتدون اور تاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ علم نجوم نفع دینے والا ہے اور اکثر لوگ اسے نہیں جانتے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے بیشمار ستارے پیدا کئے ہیں کہ شمار اس کا سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا۔ وہ سب ثوابت ہیں یعنی ان کو بذات خود حرکت نہیں ہے۔ ایسے جڑے ہیں کہ جیسے انگوٹھی میں نگینہ ہوتا ہے۔ اسی سبب سے انکو ثوابت کہتے ہیں۔ مگر ان میں سے سات ستاروں کو متحرک کیا ہے۔ اسی واسطے ان کو اہل عرب سعد سیارہ کہتے ہیں اور ان کی حرکات سے طرح طرح کی تاثیرات عالم میں ظاہر ہوتی ہیں اور اکثر چیزوں میں موثر ہوتی ہیں اور ہر ایک ستارہ وقت پر حکومت کرتا ہے اور سعد ونحس میں حکم علیحدہ ہوتا ہے اور ہر ایک ستارے کا آسمان میں مقام ہے اور اسی کے نام سے مشہور ہیں اور وہ سبعہ سیارہ یہ ہیں قمر، عطارد، زہرہ، شمس، مریخ، مشتری، زحل اور ان کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ قمر:

ہندی میں اسکو چندرماں کہتے ہیں بصورت مرد دراز قد دونوں ہاتھ کاندھے پر رکھے ہوئے ہیں۔ گرز چہرہ سبز رنگ زرد بعضے آبی فلک یہ ستارہ سیاروں میں سب سے چھوٹا ہے۔

مگر سب سے زیادہ سریع السیر ہے اور سعد اصغر ہے اور ہر برج میں دو شب اور دو ثلث رہتا ہے اور تمام فلک کو ایک مہینہ میں طے کرتا ہے یہ مذکر ہے طبیعت اس کی بارد ہے اور حرارت عرضی ہے بسبب قبول کرنے روشنی آفتاب کے پہلے فلک پر ہے اور نام فلک قمر کا برفیلا ہے اور حروف اس کے ط'ص'ظ اور قمر کے حروف ل'س'ق ہیں۔ حاکم دوشنبہ کے دن کا ہے۔

شرف قمر:

ایک ماہ میں سوا دو دن شرف رہتا ہے۔ برج ثور میں شرف ۱۳۰ درجہ پر زیادہ ہوتا ہے۔ اسی طرح برج سرطان میں عروج ہے۔ یہ ہر دو وقت بہت اچھے ہیں۔ اس دن میں کوئی وقت نکال لیا جاوے۔ تو وقت نہایت اچھا ہے۔ اس وقت میں کوئی کام شروع کیا جائے تو بہتری ہوگی۔ تکسیر کے نقوش کیلئے بھی اچھا وقت ہے۔ کوئی وظیفہ پڑھنے کیلئے بھی اچھا وقت ہے۔ اس طرح اگر برج عقرب میں ہو یا برج جدی میں ہو تو بہت منع ہے۔ اس میں عمل اور نقش وغیرہ کا اثر کالعدم ہو جاتا ہے۔

۲۔ عطارد:

ہندی میں دبیر بدھ کہتے ہیں۔ بصورت پیر مرد دراز ریش ہاتھ میں قلم زانو پر رکھے ہوئے گویا کہ کوئی چیز لکھتا ہے۔ رنگ فیروزی فلک عامل روز چہارشنبہ ہے۔ یہ ستارہ مختلف الحال سعد کے ہمراہ سعد اور نحس کے ہمراہ نحس ہے اس لئے ایک صاحب اسے منافق کہتے ہیں اور ہر برج میں پندرہ روز رہتا ہے اور تمام فلک کو ایک سو اٹھائیس روز میں طے کرتا ہے اور یہ ستارہ مخنث ہے۔ حرارت اور برودت مساوی رکھتا ہے اور دوسرے فلک پر ہے نام اس کا برقیدوز ہے۔ حروف عطارد۔ ب'ص'ث'ذ ہیں۔

شرف عطارد:

سال میں ایک بار 27 یوم کو شرف آتا ہے۔ برج سنبلہ میں شرف ہوتا ہے۔ اس ستارہ کے شرف میں نقوش اور طلسم بابت فہم درستی عقل و تعلیم علم کے لکھے جاتے ہیں۔ برج

سنبلہ میں شرف ہوتا ہے۔ 15 درجہ پر زیادہ زور شرف کا ہوتا ہے۔ برج حوت میں کمزوری اوراسی طرح برج قوس میں کمزوری ہوتی ہے۔

۳۔ زہرہ:

ہندی میں سنکر صورت عورت ہاتھ میں کوئی باجہ لئے ہوئے ہے۔ رنگ سفید عامل فلک سوم روز جمعہ کے ساتھ منسوب ہے۔ یہ ستارہ سعد ہے ہر برج کو پچیس روز میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو دوسو پچیس دن اور چھ گھنٹے میں طے کرتا ہے۔ یہ ستارہ مونث ہے۔ بارد رطب ہے تیسرے فلک پر ہے اور نام اس کے فلک کا جاعون ہے۔ حروف اس کے ذ ظ ز اور جمعہ کے دن کا حاکم ہے۔

شرف زہرہ:

ایک سال میں ایک بار 27 یوم کو شرف آتا ہے۔ برج حوت میں 28 درجہ پر اس کو شرف ہوتا ہے۔ جب زہرہ 28 درجہ پر برج حوت میں ہوتا ہے تو زمانہ زیادہ شرف کا ہوتا ہے۔ درمیان دوشخص کے بابت محبت اور بیاہ شادی اور کار خوشی اور سامان عیش وغیرہ میں اس ستارہ کا اثر رہتا ہے۔ جب ستارہ زہرہ برج سنبلہ اور برج عقرب اور برج حمل میں پہنچ جاتا ہے۔ اس وقت پر کوئی کار خوشی نہ کرنی چاہیے۔ طلسم نقوش وغیرہ بھی نہیں لکھنے چاہئیں۔ یہ وقت نہایت خراب ہے۔ اس زمانہ میں جن دوشخصوں میں میل محبت ہے۔ خود بخود ان میں رنجش پائی گئی۔ جن کے سامان حب ادھورے ہیں۔ اس زمانہ میں بالکل ختم سی ہو جاتی ہے۔ جب زہرہ ہبوط اور زوال میں ہو اس وقت محبت کے نقوش نہ لکھے جائیں۔ بالکل الٹا اثر پڑے گا۔ یہ بھی تجربہ ہوا جب زہرہ کو شرف ہوتا ہے تو خود بخود دوشخصوں کی عداوت محبت میں بدل جاتی ہے۔

۴۔ شمس:

ہندی سورج وایت بہ شکل مرد میانہ قد ہالہ دائیں اور بائیں صورت شیر کی۔ دونوں

ہاتھ اوپر رکھے ہوئے۔ رنگ طلائی عامل فلک چہارم روز یکشنبہ ہے۔ یہ ستارہ سعد ہے جب نحس ستارہ کے مقابل ہوتا ہے نحس ہو جاتا ہے۔ سبعہ سیاروں میں سب سے بڑا ستارہ ہے۔ ہر برج میں تیس دن رہتا ہے اور تمام آسمان کو تین سو پینسٹھ دن اور چھ گھنٹے میں تمام کرتا ہے۔ چوتھے فلک پر مقام ہے اور وہیں مقیم ہے۔ اس فلک کو افلون کہتے ہیں۔ حروف شمس کے ح۔ ہ۔ ع۔ ی اور حاکم اتوار کے دن کا ہے۔

شرف شمس:

ایک سال میں ۳۰ دن رہتا ہے۔ برج حمل میں شرف ہوتا ہے۔ جب 19 درجہ پر شمس برج حمل میں ہوتا ہے اس وقت شمس میں زیادہ طاقت ہوتی ہے۔ بعض برج حوت کے 19 درجہ پر شرف بتاتے ہیں۔ اہل نجوم اور اہل جفران ایام میں جو زمانہ شرف کا سمجھتے ہیں۔ اپنے نقوش اور طلسم لکھ رکھتے ہیں اور سال بھر انہیں نقوش سے کام لیتے ہیں۔ بعض اس زمانہ میں قل ھو اللہ کا نقش یا حروف مقطعات قرآنی کندہ کرا کر پہنا کرتے ہیں۔ یا کسی عقیق پر کتبہ کندہ کراتے ہیں۔ خواہ اس عقیق کو طلائی انگشتری پر اس اوقات میں نسبت کرتے ہیں۔

۵۔ مریخ:

ہندی میں منگل کہتے ہیں صورت اس کی لشکری مرد کی طرح ہے۔ ایک ہاتھ میں تلوار دوسرے میں سر کٹا ہوا ہے۔ رنگ سرخ عامل فلک پنجم روز سہ شنبہ ہے۔ یہ ستارہ نحس اصغر ہے ہر ایک برج کو چالیس دنوں میں طے کرتا ہے اور تمام آسمان کو چھ سو تیس دنوں میں طے کرتا ہے۔ مذکر ہے طبیعت اس کی حار یابس ہے۔ پانچویں فلک پر مقام ہے۔ اس کے فلک کا نام اتغا ہے۔ حروف مریخ کے ا۔ ت۔ م۔ ر ہیں یہ ستارہ حاکم منگل یعنی سہ شنبہ کے دن کا ہے۔

شرف مریخ:

ڈیڑھ برس میں 5 دن کو شرف آتا ہے۔ اس کے شرف میں نقش سیفی یا مثل اس کے

دیگر نقوش کندہ کئے جاتے ہیں۔ افسران پولیس کو یا جن لوگوں کے دشمن بہت ہیں۔ مریخ ستارہ کے شرفی نقوش بہت ہی زیادہ کارآمد ہیں۔ برج جدی میں 28 درجہ پر مریخ کو شرف اور برج حمل اور برج عقرب میں عروج ہوتا ہے۔

۶۔ مشتری:

ہندی میں اس کو برہسپت کہتے ہیں یہ شکل مرد پیرسن کتاب ہاتھ میں لئے ہوئے۔ رنگ زرد بعضے صندلی کہتے ہیں۔ عامل فلک ششم روز پنجشنبہ ہے۔ یہ ستارہ بھی سعد ہے ہر برج کو ایک سال میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو گیارہ برس او ستائیس روز میں طے کرتا ہے۔ طبیعت اس کی معتدل ہے۔ چھٹے فلک پر اس کا مقام ہے اور نام اس کا برقا ہے۔ حروف اس کے ظا۔ ق۔ ص۔ ک یہ ستارہ جمعرات یعنی پنجشنبہ کا حاکم ہے۔

شرف مشتری:

بارہ برس میں ایک سال کو شرف رہتا ہے۔ اس مشتری کا شرف 9 برس بعد آئے گا۔ برج سرطان پر 15 درجہ پر شرف ہوتا ہے۔ یہ ستارہ سعد اکبر ہے۔ اس کی سعید نظر ہر ستارہ پر پڑنا اچھی ہوتی ہے۔ خراب ستارہ کا اثر شرف والی مشتری سے بدل جاتا ہے۔ چونکہ مشتری قاضی فلک ہے۔ اہل معاملہ اور عدالتوں سے متعلق ہے۔ جس کے زائچہ پیدائش میں مشتری خراب گھر اور خراب حالت میں پڑا ہے۔ وہ ہمیشہ غریبی اور پریشانی میں رہتا ہے اور سنیچر کی نحوست کو بھی مشتری تبدیل کرتا ہے۔ برج قوس اور برج حوت میں مشتری کو عروج ہوتا ہے۔ یہ زمانہ بھی اچھا ہے۔

۷۔ زحل:

ہندی میں سنیچر بصورت مرد دراز بال چھ ہاتھ دو ہاتھوں سے عصا نیچے گدی کے لٹکائے ہوئے اور دو ہاتھوں میں ڈالی میوے کی لئے ہوئے اور دو ہاتھوں میں دم چڑے کی لئے رنگ سیاہ عامل فلک ہفتم روز شنبہ ہے۔ یہ ستارہ نحس اکبر ہے۔ ہر برج کو تیس ماہ میں قطع

کرتا ہے اور تمام فلک کو انتیس برس میں طے کرتا ہے۔ طبیعت اس کی باردیابس ہے۔ ساتویں فلک پر مقام ہے۔ اس کا نام عجوئیا ئیل ہے۔ حروف اس کے ج۔ل۔ شین ہفتہ کے دن کا حاکم ہے۔

شرف زحل:

27 برس میں ڈھائی برس کو شرف رہتا ہے۔ دو درجہ پر زیادہ شرف رہتا ہے۔ اس زحل کا شرف 27 برس بعد آتا ہے۔ اس کے شرف میں آنکھوں کا سرمہ اور حب کے نقوش مرتب کیے جاتے ہیں۔ اس وقت کے نقوش بہت جلد اثر کرتے ہیں۔ یہ نحس اکبر ستارہ ہے۔ نحوست بدرجہ عنایت ہے۔ مگر جب شرف میں ہوتا ہے۔ تو سعد اکبر بن جاتا ہے۔ جس زائچہ پیدائش میں زحل خراب پڑ گیا ہے۔ اس خرابی کو شرف زحل کا نقش نہایت کارآمد تجربہ میں آیا ہے۔ اس کیلئے نقش اکسیر اعظم بھی مجرب ہے۔

ستاروں کا بروج میں مقام

یہ جاننا چاہیے کہ قمر کا ہر برج میں دو دن اور تین رات مقام ہوتا ہے۔ عطارد کا ہر برج میں پندرہ دن مقام ہوتا ہے۔ زہرہ کا مقام ہر برج میں پچیس دن کا ہے۔ مشتری کا ہر برج میں مقام ایک سال کا ہے اور زحل کا تیس مہینے کا ہے۔

ستاروں کا اقتران

اقتران کے معنی یہ ہیں کہ جب ایک ستارہ ایک برج میں ہو تو دوسرا ستارہ اس کی نظر میں ہو اور اجتماع یہ ہے کہ دو ستارے ایک برج میں جمع ہوں تو اس وقت حکم الٰہی سے اس کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔ جب زحل مشتری کے قریب ہوتا ہے تو جنگ وجدل دنیا میں خوب ہوتی ہے۔ بادشاہ مرتے ہیں اور جب مریخ زحل کے قریب ہوتا ہے تب بھی یہی اثر

رونما ہوتا ہے۔ جب زحل شمس سے قریب ہوتا ہے تب بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ جب زحل کا زہرہ سے اقتران ہو تو قحط سالی اور گرانی نمایاں ہوتی ہے جب زحل کا عطارد سے قران ہوتا ہے تو کاتبوں کا حال بہتر ہوتا ہے اور جب قمر کا زحل سے قران ہو تو حکام سے ظلم سرزد ہوتے ہیں اور جب مشتری کا مریخ سے قران ہو تو عالم میں حد درجہ کی سختیاں رونما ہوتی ہیں۔

کواکب کے اجسام

یہ جاننا چاہیے کہ سورج کا جسم دنیا سے ایک سو ساٹھ گنا زیادہ ہے اور چاند کا جسم انتالیس گنا زیادہ ہے بعض کہتے ہیں کہ سورج کا جسم پندرہ درجہ آگے کی طرف ہے اور اسی قدر پیچھے کی جانب بڑا ہے۔ اور چاند کا جسم بارہ درجہ آگے اور اسی قدر پیچھے سے بڑا ہے اور مریخ کا جسم آٹھ درجہ آگے سے اور اتنا ہی پیچھے سے بڑا ہے اور زہرہ کا جسم سات درجہ آگے سے اور اتنا ہی پیچھے سے بڑا ہے اور عطارد کے جسم کی بھی یہی مقدار ہے۔

چوتھی فصل

سعد اور نحس ساعتیں

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ستاروں میں طرح طرح کی تاثیریں عطا فرمائی ہیں اور عالم سفلی یعنی ارضی کو عالم علوی یعنی آسمانی کے تابع کیا ہے۔کوئی ستارہ سعد ہے اور کوئی نحس جس وقت ستارہ سعد ہوتا ہے کام بنتا ہے جب نحس ہوتا ہے کام بگڑتا ہے۔یہ ستارے جن کو سبعہ سیارہ کہتے ہیں شب و روز دورہ کرتے ہیں۔اہل نجوم سے تحقیق کر کے ان کی ساعتیں مقرر کی ہیں۔اور ہر ساعت کی تاثیریں لکھی ہیں۔عاملوں کیلئے عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے کیلئے یہ ساعتیں مقرر کی گئیں ہیں۔اگر خلاف ہوگا تو عمل برباد ہوگا۔کچھ بھی تاثیر نہ ہوگی۔عامل کو چاہئے کہ جب عمل پڑھے یا تعویذ لکھنے کا ارادہ ہو تو اول ساعت کو دیکھے کہ آج کے روز کونسا ستارہ حاکم ہے اور اس وقت کونسے ستارے کا دور ہے۔آیا کہ یہ سعد ہے یا نحس ساعت ہر ستارہ کی ایک گھنٹہ کی ہوتی ہے جو پیچھے نقوش کی فصل میں نقشہ میں دی ہوئی ہے۔وہاں سے ہر دن کی ساعتیں دیکھ لیں جو کہ بارہ ہیں یہ بھی بات قابل غور ہے کہ اہل ہنر نے انہیں ستاروں پر ایام کے نام رکھے ہیں جیسے ایت اتوار کو کہتے ہیں سورج کو بھی کہتے ہیں جیسے شمس اس کی پہلی ساعت ہے۔اب ان دنوں کی ساعتیں اور دن میں جس قسم کے بھی تعویذات لکھے جاتے ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

اتوار:

اس میں پہلی ساعت شمس کی ہے۔اس میں محبت کے عمل حکام کے پاس جانے کے واسطے نیا کپڑا پہننے کے واسطے اچھی ہے۔دوسری ساعت زہرہ کی ہے یہ ساعت اچھی نہیں ہے کوئی کام اس میں نہیں کرنا چاہئے۔تیسری ساعت عطارد کی ہے یہ محبت کے کام کے

واسطے اور سفر میں جانے کے واسطے اچھی ہے۔ چوتھی ساعت قمر کی ہے اس میں خرید و فروخت نہیں کرنی چاہئے اور کوئی جدید کام بھی نہیں کرنا چاہئے۔ پانچویں ساعت زحل کی ہے اس میں نفاق وعداوت کے کام کرنے چاہئیں۔ چھٹی ساعت میں مشتری ہے اس ساعت میں حکام وغیرہ سے اپنا مافی الضمیر بیان کرنا چاہئے۔ ساتویں ساعت مریخ کی ہے اس میں سفر نہیں کرنا چاہئے اور بھی کوئی کام نہیں کرنا چاہئے۔ برائی ہوگی۔ آٹھویں ساعت شمس کی ہے یہ ساعت نیک ہے اس میں جو کام بھی کروگے بخیر و عافیت انجام کو پہنچے گا۔ نویں ساعت میں زہرہ ہے۔ اس میں حجت و تسخیر کے کام کرے اور سفر کیلئے بھی اچھی ہے۔ دسویں ساعت میں عطارد ہے یہ ساعت نیک ہے اس میں محبت کے اعمال کرنے چاہئیں۔ گیارھویں ساعت میں قمر ہے۔ یہ بہت نحس ہے اس میں کچھ بھی نہیں کرنا چاہئے۔ ہاں کسی کو نقصان پہنچانے کے واسطے اچھی ہے۔ بارھویں ساعت پھر زحل کی ہے اس میں بغض اور عداوت کے عمل کرنے چاہئیں۔

پیر:

پیر کے دن کی پہلی ساعت قمر کی ہے۔ محبت اور زبان بندی کشش قلوب واسطے عمدہ ہے۔ دوسری ساعت زحل کی ہے۔ سفر اور ہر کام کے واسطے اچھی ہے۔ تیسری ساعت میں مشتری ہے نکاح کرنے فیصلہ کرانے اور خط بھیجنے کے واسطے عمدہ ہے۔ چوتھی ساعت مریخ کی ہے برے اعمال مثلاً تکسیر بنانے دشمن کے واسطے اور ان کو نقصان پہنچانے کے واسطے ہے۔ پانچویں ساعت میں شمس ہے قضائے حاجت اور زبان بندی کے واسطے اچھی ساعت ہے۔ چھٹی ساعت زہرہ کی ہے۔ جو اعمال طلسمات کیلئے ہے۔ ساتویں ساعت عطارد کی ہے۔ قضائے حاجت اور زبان بندی اور کشش قلوب کیلئے اچھی ہے۔ آٹھویں ساعت قمر کی ہے۔ شادی بیاہ اور دو جھگڑے ہوئے آدمیوں میں صلح کرانے کے واسطے اچھی ہے۔ نویں ساعت زحل کی ہے جدائی بغض اور کسی کو اس کی جگہ سے باہر کرنے کیلئے مفید ہے۔ دسویں

ساعت مشتری کی ہے جو سب کاموں کیلئے اچھی ہے۔ گیارھویں ساعت مریخ کی ہے جو عداوت اور بغض اور خون بہانے کے واسطے اچھی ہے۔ بارھویں ساعت میں شمس ہے۔ جو زبان بندی اور دل پھیرنے کے واسطے اچھی ہے۔

منگل:

پہلی ساعت میں مریخ ہے اس میں بغض و عداوت و مریض کیلئے اچھی ہے۔ دوسری ساعت شمس کی ہے اس میں کچھ نہیں کرنا چاہئے۔ تیسری ساعت زہرہ کی ہے منگنی اور نکاح کیلئے ہے۔ چوتھی ساعت عطارد کی ہے خرید و فروخت اور تجارت کیلئے ہے۔ پانچویں ساعت قمر کی ہے یہ بہت منحوس ہے۔ اس میں کچھ نہیں کرنا چاہئے۔ چھٹی ساعت زحل کی ہے۔ معاملات کے کاغذ لکھنے کیلئے اور بیماری کے واسطے بڑی اچھی ہے۔ ساتویں ساعت مشتری کی ہے اس میں بھی بیماری دفع کرنے کیلئے اور تسخیر کے عمل کرنے چاہئیں۔ آٹھویں ساعت میں مریخ ہے اس میں خون بہانے اور دشمن کو نقصان پہنچانے کے واسطے اچھی ہے۔ نویں ساعت شمس کی ہے۔ نکاح اور محبت کیلئے عمدہ ہے۔ دسویں ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں کچھ نہیں کرنا چاہئے۔ گیارھویں ساعت عطارد کی ہے اس میں مسافر سفر نہ کرے۔ بارھویں ساعت بغض کے واسطے ہے۔

بدھ:

پہلی ساعت میں عطارد ہے۔ واسطے محبت و تسخیر کیلئے ہے۔ دوسری ساعت میں قمر ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی عمل نہ کرے۔ تیسری ساعت زحل کی ہے۔ بیمار کرنے کیلئے اور نکسیر بہانے کیلئے ہے چوتھی ساعت مشتری کی ہے اس میں ہر نیک کام کرنا چاہئے۔ پانچویں ساعت مریخ کی ہے یہ نحس ساعت ہے اس میں لڑائی جھگڑے کے اعمال کرنے چاہئیں۔ چھٹی ساعت شمس کی ہے۔ اس میں خشکی اور تری کے سفر اور ہر نیک کام کیلئے اچھی ہے۔ ساتویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں بھی جو چاہو کرو یہ اچھی ساعت ہے آٹھویں ساعت عطارد کی ہے نظر بد

کے تعویذ اور بچوں کے گنڈے وغیرہ لکھنے کیلئے نویں ساعت قمر کی ہے۔ جدائی اور بغض کیلئے ہے۔ دسویں ساعت زحل کی ہے حکام سے ملنے کے واسطے گیارھویں ساعت مشتری کی ہے اس میں ہر کام اچھا ہوتا ہے۔ بارھویں ساعت مریخ کی ہے شر اور نحس کیلئے ہے۔

جمعرات:

پہلی ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں ترقی و رزق و خلاصی و قید اور تسخیر کا عمل کرے۔ دوسری ساعت میں مریخ ہے اس میں سفر نہ کرے تعویذ محبت و الفت کے لکھنے چاہئیں چوتھی ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت اچھی ہے محبت و تسخیر کیلئے عمل کرے پانچویں ساعت میں عطارد ہے اس میں نکاح کرے۔ چھٹی ساعت میں قمر ہے اس ساعت میں سفر کرے اور حکام سے ملاقات کرے۔ دسویں سات میں شمس ہے۔ اس ساعت میں حکام سے حاجت پیش کرے گیارھویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں تعویذ محبت لکھے بارھویں ساعت میں عطارد ہے اس میں جدید کام نہ کرے۔

جمعہ:

پہلی ساعت زہرہ کی ہے اس میں شادی اور منگنی وغیرہ بہتر ہوتے ہیں۔ دوسری ساعت عطارد کی ہے اس میں طلسمات اور ہر قسم کے عمل کئے جاتے ہیں۔ تیسری ساعت قمر کی ہے اس میں کچھ نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ یہ بہت بری ساعت ہے۔ چوتھی ساعت زحل کی ہے کوئیں کھدوانے اور چشمے بنوانے وغیرہ کیلئے یہ ساعت خاص ہے۔ پانچویں ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں عورتوں اور بڑے لوگوں کیلئے تسخیر کریں۔ چھٹی ساعت شمس کی ہے۔ قضائے حاجت کیلئے ہے۔ ساتویں ساعت زہرہ کی ہے عورتوں کے پیغام نکاح اور شادی کیلئے ہے۔ آٹھویں ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں بھی جو کام کریں گے وہی بخیر و عافیت انجام پائے گا۔ نویں ساعت قمر کی ہے۔ جدائی اور نقل حرکت کے واسطے ہے۔ دسویں ساعت زحل کی ہے بہت منحوس ہے کوئی کام نہیں کرنا چاہئے۔ گیارھویں ساعت

مشتری کی ہے یہ بڑی مبارک ساعت اس میں اعمال قضائے حاجات وتسخیر کرے بارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ سفر وغیرہ جو کام چاہیں کریں۔

ہفتہ:

پہلی ساعت زحل کی ہے۔ اگر اس دن میں یہ ساعت شروع ماہ میں ہو تو نیک ہے۔ عمل محبت وترقی رزق کرے اور اگر اخیر ماہ میں ہو تو نحس ہے۔ اعمال بغض وعداوت کرے۔ دوسری ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں محبت کے اعمال کرے اور بیمار کے واسطے اعمال کرے تیسری ساعت میں مریخ ہے۔ اعمال بغض وعداوت کرے۔ چوتھی ساعت میں شمس ہے۔ تعویذ محبت اور قضائے حاجات کرے۔ پانچویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں محبت کے عمل کریں چھٹی ساعت میں عطارد ہے واسطے حصول غنا اور شکار کرنے کیلئے اچھی ساعت ہے ساتویں ساعت میں قمر ہے۔ یہ ساعت نحس ہے کوئی جدید کام نہ کرے۔ آٹھویں ساعت میں زحل ہے۔ بیماروں کے واسطے تعویذ لکھے۔ نویں ساعت میں مشتری ہے اس میں جو کام کرے بخیر وعافیت انجام پائے۔ دسویں ساعت مریخ کی ہے۔ یہ ساعت نحس ہے کوئی کام نہ کرنا چاہئے۔ گیارھویں ساعت میں شمس ہے۔ اس میں تسخیر لکھے بارھویں ساعت میں زہرہ ہے۔ میاں بیوی میں محبت کرانے کیلئے اچھی ہے۔ محبت کے تعویذ لکھنے چاہئیں۔

پانچویں فصل

بروج اور ستاروں کے ذریعے معلومات اور انکے نکالنے کا طریقہ

عملیات کو جاننے کیلئے بروج ستاروں کے متعلق معلومات اشد ضروری ہے۔ اس کے بغیر کوئی بھی عامل کسی قسم کا کوئی بھی کام سرانجام نہیں دے سکتا۔ اس لئے بروج اور ستاروں کی حقیقت اور ان کے حال اور خود برج ستارہ کی ذات کے متعلق جاننے کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے فقیر نے پیچھے بروج اور ستاروں اور ان کی منازل اور سعد نحس تاریخیں لکھ دی ہیں اور آگے بروج اور ستاروں کے ذریعے احوال لکھ رہا ہوں تو برج نکالنے کے دو طریقے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

پہلا طریقہ:

بہتر تو یہ ہے کہ کوئی شخص جس ستارہ کی ساعت میں پیدا ہوا ہو اس وقت وہ ستارہ جس میں ہوگا وہی اس کا طالع یعنی برج ہوگا۔ اس بارے میں والدین یا اپنے کسی بڑے سے پوچھ سکتے ہیں۔ یا پھر اس کی کوئی جنم پتری ہو تو اس سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ وہی طالع معتبر ہوگا۔

دوسرا طریقہ:

اگر پیدائش کا دن یا زائچہ معلوم نہ ہو سکتا ہو اور نہ ہی بزرگوں سے معلوم ہو تو پھر اس شخص کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ کر دونوں کو جمع کریں پھر حاصل جمع کو 12 پر تقسیم کریں جو باقی بچے تو نیچے دیئے ہوئے ترتیب کے مطابق برجوں میں وہی ہوگا یعنی اگر ایک بچے حمل اگر دو بچیں ثور اور تین بچیں جوزا اور اگر چار بچیں سرطان اور اگر پانچ بچیں اسد

اگر چھ بچیں تو سنبلہ اور اگر سات بچیں میزان اور اگر آٹھ بچیں عقرب اور اگر 9 بچیں قوس اور اگر 10 بچیں جدی اور اگر گیارہ بچیں تو دلو اور اگر کچھ نہ بچے تو برج حوت ہوگا۔ عورت کا برج نکالنے کا بھی یہی طریقہ ہے اب جن اعداد سے برج نکالے جاتے ہیں وہ عدد ملاحظہ فرمائیں۔

جدول اعداد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	[illegible]

(اجز)

مردوں کیلئے بروج اور ستاروں کے ذریعے معلومات

1۔ برج حمل:

اگر ایک بچے تو برج اس کا حمل ہے اور ستارہ اس کا مریخ ہے۔ منگل کے دن کے ساتھ منسوب ہے۔ اس برج اور ستارے والے آدمی کی طبیعت خوش طبع اور خوش خلق ہوتی ہے۔ دو عورتیں اس کی قسمت میں ہوں گی مگر آرام ایک ہی سے پائے گا۔ اولاد بہت ہوگی اکثر اس برج ستارے والا آدمی برے کام کر کے شرمندہ رہے گا۔ کالے کپڑے اس کے مفاد میں ہیں اور اس کو آگ و پانی سے بچنا چاہئے۔ یہی ان کے حق میں اچھا ہے۔ نظر بد سے اکثر نقصان پہنچے گا۔ عقیق کی انگوٹھی اس کو پہننا بہتر ہوگی۔

خرید وفروخت یعنی تجارت سے نفع ہوگا اگر کچھ نقصان بھی ہوگا تو اس کا جلد ہی ازالہ ہو جائے گا۔ زندگی کا پہلا دور تکلیف میں گزرے گا۔ دوسرا دور درمیانہ رہے گا۔ تیسرا دور آرام سے گزرے گا۔ عبادت خدا میں سستی اس کیلئے مضر ثابت ہوگی۔ عبادت خوب کرنی چاہیے۔ اکثر بیماری سردی وبائی سے ہوا کرے گی۔ اگر عمر چالیس برس سے گزر جائے تو 90 برس کی تصور کی جائے۔ نیا چاند دیکھتے ہی درود شریف پڑھنا شروع کر دے یہی اس کے حق میں بہتر ہے۔ چوپائے جانور مثل بھینس بیل، بکری وغیرہ پالنا اس کے حق میں اچھا ہے۔ اس کیلئے چاند کی (۲، ۶، ۱۱، ۲۰، ۲۹) تاریخیں نحس ہیں۔ اس میں کوئی جدید کام نہ کرے۔ سفر میں نہ جائے۔ شادی وغیرہ نہ کرائے۔ اگر ان تاریخوں سے بچتا رہے تو زندگی میں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ اس کے ستارے مریخ کو بلور اور لال پتھر بھی مناسب ہے۔ جو اس کے ستارے سے ملتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نقش جامع المطلوب اس کیلئے بہتر رہے گا اور یہ دعا بھی ساتھ لکھ کر دیں۔ دعا ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ یَا اَللّٰہُ سَیَعْطُونَ الَّذِیْ لَہُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی لِجَنَاءِ الْعُلٰی وَ تساای ولیاای یَسْتَخِیہ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا رُوْبِیُّ یَا دَیَّانُ سُبْحَانُ یَا سُلْطَانُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اھیا یَا اَشْرَاھِیَا یَا ھُوْطُ یَا تکسیرُ

2۔ برج ثور:

اس برج کا تعلق زہرہ کے ساتھ ہے۔ برج ثور والے کا ستارہ زہرہ ہے۔ اس ستارے والے آدمی کے وجود میں اگر کوئی نشان، داغ دھبہ، یا تل وغیرہ ہو تو وہ دولتمندی وعیش کامرانی کی نشانی ہے۔ نکاح بہت کی خواہش کرے گا۔ لیکن عمدہ

عورت ایک ہی ملے گی۔ شریعت کے خلاف کام نہ کرے تا کہ اس کا کام اس کی مرضی کے مطابق پورا ہو۔ جانور وغیرہ نہ پالے۔ نہ ہی ان کی خرید وفروخت کرے نقصان اٹھائے گا۔ جس کے ساتھ وفا کرتا ہے۔ جفا پاتا ہے جو کچھ کماتا ہے اڑا دیتا ہے۔ اولاد قسمت میں بہت ہے اس برج والا اکثر آنکھ کی تکلیف میں مبتلا رہے گا۔ طلب حاجت کیلئے کوئی دعا مانگنے کیلئے شعبان کا مہینہ اس کیلئے بہت مناسب رہے گا۔ بیماری اکثر معدہ صفرا اور درد سینہ سے ہوا کرے گی اور درد کمر بھی اکثر وبیشتر ہوجایا کرے گا۔ چوتھا سال اگر خیریت سے گزر گیا تو عمر اسی برس تصور کرنی چاہئے۔ سفر میں بہت فائدہ ہوگا۔ لیکن خرچ بھی کر ڈالے گا۔ زندگی میں بیت اللہ شریف کا حج اس کی قسمت میں ہے۔ آخری عمر میں اس کے ہاتھ میں دولت آئے گی۔ انشاء اللہ جل شانہ اس کے ستارے کے ساتھ پتھر نیلم ملتا ہے۔ ہر ماہ قمری کی ۴، ۹، ۲۴، ۲۵، ۲۸ تاریخیں اہل نجوم کے نزدیک نحس ہیں۔ اس میں جدید کام نہ کرے سفر سے پرہیز کرے۔ یعنی گھر میں رہے۔ گھر سے پیسہ وغیرہ نہ نکالے۔ تعویذات وعملیات نہ کروائے۔ کوئی عمل وغیرہ نہ پڑھے۔ اگر ان تاریخوں کی احتیاط رکھی تو زندگی بھر کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلشانہ نقش جامع المطلوب اس کی زندگی کو چار چاند لگا دے گا۔ ساتھ یہ عبارت بھی لکھ کردینی چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا بَاقِیُّ یَا بَاقِیُّ یَا وَلِیُّ یَا وَالِی یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَنْتَ اَھْیَا شَرَاھِیَا مُوْسَطبھا وَ حِفْظُہٗ ھٰذَا الْکِتَابِ (۱۱، ۱۸، ۱۹، ۸۹، ۹۰) طط اس کے ساتھ اگر اکسیر اعظم اور نقش سیفی بھی ملا کردیں تو اچھا ہے۔ یا علیحدہ لکھ کردے دیں تو بھی ٹھیک ہے۔

3۔ برج جوزا

اس برج کے آدمی کا ستارہ عطارد ہے جو کہ بدھ کے دن کے ساتھ منسوب ہے۔ اس برج والے مرد کی طبیعت جاہ مروت خوش عادت اور بہت چالاک قسم کی ہوگی ہوشیاری سے کام لے گا۔ اپنوں اور پڑوسوں سے نیکی کرے گا بدلہ برائی سے پائے گا۔ بزرگوں کی صحبت اس کے حق میں مفید ہے۔ حرام مال سے پرہیز کرے ورنہ ایک روپیہ حرام کا تین روپے لے کر جائے گا۔ سفر کم کرے گا کیونکہ تکلیف اٹھائے گا۔ مال بہت ہاتھ آئے گا۔ یا تو حج کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا جس سے حج کا مقبول ثواب پہنچے گا۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔ زیارت سے مشرف ہوگا۔ باغ وکھیتی اس کے حق میں مفید ہے اولاد بھی قسمت میں ہوگی۔ مگر اولاد کی طرف سے دکھیارہے گا۔ بلغمی امراض، درد سینہ اور دردسر کی اکثر تکلیف میں رہے گا۔ شہد اور کلونجی صبح سویرے نہار منہ کھانا بہت فائدہ دے گی۔ زرد اور نیلی آنکھوں والے سے خطرہ رہے گا۔ قبلہ کی طرف اس کو سفر کرنا اچھا ہے۔ دوسری اور پانچویں برس کی تکلیف سے بچ گیا تو عمر اس کی 90 برس تصور کرنی چاہئے۔ انشاء اللہ جل شانہ۔ قمری مہینے کی ۴، ۱۳، ۱۷، ۲۸، ۳۰ تاریخیں اس کے لئے نحس ہیں۔ کوئی جدید کام وغیرہ نہ کرے۔ ان تاریخوں میں اگر بچتا رہے گا تو کوئی نقصان نہیں اٹھائے گا۔ پتھر اس کے لئے لاجورد مناسب ہے کیونکہ یہی ستارہ کے ساتھ ملتا ہے۔ نقش اس کے لئے جامع المطلوب اچھا ہے ساتھ یہ عبارت بھی لکھ کر دے۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا وَالی وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اھیا شراھیا

بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ مَعْصُوْمٌ مِنْ کُلِّ ھیکل اوہ اھا ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱
۹۴ ۲۷۲ ۱۱ ع ع جامع المطلوب نقش کے ساتھ یہ عبارت اچھی رہے گی۔

4۔ برج سرطان:

اس برج والے کا ستارہ قمر یعنی چاند ہے اس طالع کے مرد کی دو صورتیں ہیں اول سانولے رنگ کا طاقتور دوسرا گورا چٹا نحیف اور کمزور لیکن یہ دونوں صورتیں دولتمندی کی نشانی ہیں۔ اس برج ستارے والے شخص کا ابتدائی حصہ پریشانی میں گزرے گا اور بقیہ حصہ آرام میں گزرے گا۔ اکثر سفر میں رہ کر فائدہ کمائے گا۔ وفا کا بدلہ جفا سے پائے گا۔ اس پر بدگمانیاں کرنے والے بہت ہوں گے۔ انجام بہرحال اچھا ہوگا۔ رنج و غم اور پریشانیوں میں نہ گھبرائے اور حوصلہ رکھے اللہ تبارک وتعالیٰ کارساز ہے۔ سب کام انشاء اللہ تعالیٰ بنا دے گا۔ سینہ یا کسی اور اعضاء پر ایک تل ہے وہ مبارک ہے۔ بھائیوں اور دوستوں سے محبت کرے گا وفا پائے گا۔ ماں باپ سے جدا ہو جائے گا۔ نکاح کئی کرے گا لیکن ایک ہی سے کارروائی ہوگی اور اولاد بہت ہے لیکن اوپر پری کے خلل کا اندیشہ رہے گا۔ بیماری اکثر سرد ہواؤں کی وجہ سے ہو جایا کرے گی جس کی وجہ سے کمر میں درد ہو جائے گا۔ حاسد بہت ہوں گے لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ سفید لباس پہننا مناسب ہوگا۔ اس کیلئے ماہ ربیع الاول دن ہفتہ ہر کام کیلئے بہتر ہوگا۔ نیا چاند دیکھ کر پانی پر نظر کرنا اچھا ہے۔ اگر کسی سے کچھ لینا ہو تو داہنی طرف کھڑا ہو۔ سترھویں اور اٹھارویں برس خیریت سے گزر گئی تو عمر 90 برس تصور کرنی چاہئے۔ چاند کی ۲، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۸ تاریخیں اس برج والے کیلئے نحس ہیں کوئی جدید کام نہ کرے سفر وغیرہ سے پرہیز کرے۔ اگر ان تاریخوں سے بچتا رہے گا تو زندگی میں خسارے کا منہ نہ دیکھے گا۔ اس کے لئے نقش جامع المطلوب اچھا رہے گا۔ ساتھ ہی درج ذیل عبارت بھی لکھ کر دے دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا غُفْرَانُ یَا بُرْھَانُ یَا سُبْحَانُ یَا سُلْطَانُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَھْیَا اَحْیَا اَلْعَجل

الساعۃ ۱۱۱۱ ۱۱ ۵ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۳۳ سومح

5۔ برج اسد

اس برج والے کا ستارہ شمس ہے۔ شمس کو سورج بھی کہتے ہیں اس برج کے مرد کا مزاج خوش طبع سفید پوش خوش سخن ہوگا ابرو کشیدہ بزرگوں کے حضور چرب زبانی اور تند خوئی سے پیش آئے گا اور خیال نہ کرے گا کہ میں نے کیا کہا لہو ولعب کھیل کود کو دوست رکھے گا ایک بڑا بھاری رنج بھی اسکو پہنچے گا کسی کی بھی ضمانت نہ دے کیونکہ اس کیلئے اچھا نہیں جسم کے اعضاء میں سے کسی حصہ پر کوئی نشانی ہوگی وہ نشانی نیک بختی کی ہوگی۔ بزرگ لوگ اس کی بات کو ترجیح دیں گے مال واسباب کافی کمائے گا لیکن خرچ کر ڈالے گا اپنی سادگی کے سبب دشمنوں کو بھی دوست جانے گا۔ دشمن بہت ہیں چاہیئے کہ کسی کو اپنے دل کی بات نہ بتائے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ ماں باپ اس سے پہلے گزر جائیں گے۔ اولاد کم بیماری اکثر دردسر اور پیٹ میں درد کی وجہ سے ہوگی کوئی کام انکا کافی مدت تک اندھیرے میں رہے گا پھر بعد میں سب کام سنور جائیں گے۔ اس کو چاہیے کہ دشمنوں کی نصیحت قبول نہ کرے۔ عمر چار برس یا طبعی ہوگی جمعرات کا دن اچھا ہے سرخ و سبز لباس پہننا اس کیلئے مناسب ہے۔ چوپائے جانور مثل بھینس بیل بکری وغیرہ پالنا اور اپنے نام کی خریداری کرنا نفع بخش ہوگی۔ پتھروں میں سے یاقوت پشت نیلم ہیرا وغیرہ میں سے کوئی بھی پہن سکتا ہے چاند کی 6-12-16-21-25 تاریخیں اس کیلئے نحس ثابت ہوں گی ان سے بچنا لازمی ہے ورنہ خسارہ دیکھے گا۔ اس کیلئے نقش جامع المطلوب مع درج ذیل نیچے والی عبارت کو اپنے پاس رکھنا زندگی میں چار چاند لگا دے گا۔

عبارت ملاحظہ فرمائیں

بسم اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ یا فتاحُ اللہُ الَّذِی نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرض یا غفورُ یا

ودُودُ یا باسِطُ یا باقِی ملیح محمود حرمت سائل فانک مع صورو

عطہ ۱۱ ۲۲ ۲۴ ۱۱۳ ۳۱ ۱۱ ۱۱ ۵۵۱ ۶۹ ۱۱ ۷۷ ۱۱۹ مجیح

6۔ برج سُنبلہ:

ستارہ اس کا عطارد یعنی بدھ ہے اس طالع کا مرد میٹھی زبان والا ہوگا اس کو جھوٹ ہر گز ہر گز نہیں بولنا چاہیے نقصان اٹھائے گا سچی بات سے اس کو فائدہ ہوگا۔ اگر یہ نماز میں سستی برتے گا تو نقصان اٹھائے گا لہذا اس کو نماز میں سستی نہیں کرنی چاہیے غصہ آتا ہے غصے کو ضبط کرے یہی اس کے حق میں بہتر ہے شراکت کسی قسم کی کسی سے نہ کرے ورنہ خسارہ اٹھائے گا اکثر کاموں میں غصہ جلد آئے گا لیکن فوراً جاتا رہے گا مال بہت جلد بات کہنے میں پیدا کرے گا لیکن صرف کر ڈالے گا بدن میں ایک نشان ہوگا جو دولت واقبال کی نشانی ہے دشمن اور بدگو بہت ہوں گے لوگ اس کے سامنے تو نیکی سے پیش آئیں گے اور پیٹھ پیچھے برائی کریں گے لیکن کچھ بگاڑ نہ سکیں گے۔ چارپائے قسمت میں بہت ہیں ماں باپ سے میراث کم ملے گی بہن بھائی سے جدائی اختیار کرے گا۔ دو عورتوں سے نکاح ہوگا اور اولاد ہوگی لیکن کم جیئے گی۔ زندگی کا پہلا دور قدرے تکلیف میں گزرے گا اور آخری دور نہایت اچھا گزرے گا۔ عمر پانچ برس یا طبعی ہوگی۔ رجب کا مہینہ اس کیلئے اچھا ہے چاہیے کہ اپنے لئے دعا کرے یا کسی بزرگ سے دعا کرائے یا کوئی بھی جدید کام کرے گا تو فائدہ ہوگا سبز لباس اس کیلئے اچھا ہوگا۔ چارپائے یعنی بھینس، بیل بکری گائے وغیرہ پالنا یا اپنے نام کی رکھنا بہتر ہوگی۔ آسیبی تکلیف سے دوچار رہے گا۔ چاہیے کہ کوئی دعا پڑھتا رہے۔ فائدہ ہوگا لاجورد پتھر اس کے لئے بہتر ہے۔ چاند کی 6-12-17 تاریخیں اس کیلئے نحس ہیں کوئی بھی جدید کام نہ کرے ان تاریخوں کا لحاظ رکھے ورنہ نقصان ہوگا۔ نقش اس کیلئے جامع المطلوب مع عبارت بہتر رہے گا۔ اور عبارت ملاخطہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَاحِدٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَحْیَا اٰھْیَا اَشْرَاھِیَا اَوْلٰی اَصْمَاؤُتْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

7۔ برج میزان

اس برج والے کا ستارہ زہرہ ہے زہرہ ستارہ کو لشکر بھی کہتے ہیں۔اس ستارے والے کی تین صورتوں میں سے کوئی ایک ضرور ہوگی۔اول سرخ وسفید وآبرو کشیدہ دوسرے بلند قامت تیرے غمگین چہرہ خوش خلق اس کی سادگی کا یہ حال ہے کہ اگرچہ کسی پر اپنی جان بھی قربان کردے تب بھی اس کی کوئی قدرومنزلت نہیں کرے گا۔کسی کی ضمانت نہ دے اگر تجارت کرے تو نفع ہوسکتا ہے گردن یا بازو پر تل ہے جو نیک بختی کی علامت ہے اپنا خواب ہر کسی سے نہ کہے تاکہ اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت ہو۔ دلی مراد پائے۔خدا کا شکر بجالانا چاہے اس کا ستارہ نیک ہے عبادت خدا میں کاہلی ہرگز ہرگز نہیں کرنی چاہئے تاکہ اس کی دلی مرادیں پوری ہوں۔اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔حرام مال اپنے مال میں نہ ملائے اور نہ اس کی طرف توجہ کرے۔اگر حرام کی کوئی چیز لے کر گھر آگیا تو ایسا خسارہ اٹھائے گا کہ پوری زندگی اس کا خمیازہ نہیں بھگت سکے گا ایک پیسہ حرام کا حلال کے دس پیسے ساتھ لیکر جائے گا۔اپنے کسی کام میں ہمت نہ ہارے خدا کے نام سے ہر کام شروع کرے۔زندگانی خواب گزارے گا۔ماں باپ اس سے پہلے مرجائیں گے۔قسمت میں اولاد ہے چھوٹے لڑکے سے فائدہ پہنچے گا۔بہن بھائی سے وفا کم عمر آٹھ برس سے گزر گئی تو 90 برس تصور کرے رمضان کا مہینہ دعا کرنے کیلئے نیا کاروبار کرنے کیلئے اور صدقہ خیرات دینے کیلئے ان کیلئے اچھا ہے۔سبز لباس بھی اسکو اچھا رہے گا چاند کی 22-23-28 تاریخیں نحس ہیں ان سے بچنا بہتر ہوگا۔

اس کیلئے نقش جامع المطلوب مع عبارت لکھنا چاہیے عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدهُ عَوْناً لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِی بِنُبُوَّتِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَبِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ لَافَتٰی اِلَّا عَلِیٌّ لَاسَیْفَ اِلَّا ذُوْالْفِقَار

8۔ برج عقرب

برج عقرب والے کا ستارہ مریخ یعنی منگل ہے اس طالع کا مرد سفید پوست بلند قامت حاکموں کے سامنے چرب زبان ہوگا۔ خوش نصیبی کا یہ حال ہے کہ اگر مٹی بھی لے تو سونا ہو جائے گی۔ بیوی اور اولاد سے بہت فائدہ پائے گا حج کرے گا یا کوئی ایسا کام کرے گا جس سے حج کا ثواب پائے گا زندگی بہت ہوگی لوگوں میں عزیز و بزرگ ہوگا۔ بے غم بے اندوہ عمر گزارے گا عزیزوں سے فائدہ ہوگا ماں باپ سے کم نفع پائے گا بیماری اکثر درد شکم در ناف اور درد قولنج سے ہوگی میٹھے انار کا استعمال اس کیلئے مفید ہے نماز شرع کی پابندی قسمت میں چار چاند لگا دے گی۔ لڑکپن میں آگ پانی سے خوف رہے گا دشمن اگرچہ بہت ہیں مگر غالب نہ ہوں گے البتہ ایک شخص دبلا پتلا اس کا دشمن ہے اس کے قریب سے بچتا رہے عمر میں ایک سخت مصیبت پیش آئے گی لیکن عافیت بخیر ہوگی۔ عمر تیس برس یا طبعی ہوگی۔ اس کے ستارے کے ساتھ دو پتھر ملتے ہیں جنکا نام بلور اور لال ہے۔ یہ دونوں انکی زندگی گزارنے کیلئے مفید ہیں ان دونوں میں سے ایک پہن سکتا ہے۔ چاند کی 4-9-13-15-24-28 تاریخیں نحس ہیں ان میں کوئی نیا کام نہ کرے خرید و فروخت نہ کرے سفر کو نہ جائے اور لین دین کسی سے نہ کرے اگر ان تاریخوں سے بچتا رہا تو کسی قسم کا کوئی بھی اس کو نقصان نہیں ہوگا۔ نقش اس کے لئے جامع المطلوب اچھا رہے گا ساتھ عبارت ہی جو نیچے درج ہے وہ بھی لکھ کر دے۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَیَالَقَدْ مَنَّ اللّٰہُ وَآتِی اللّٰہَ وَاللّٰہُ غَالِبٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَ اِلٰی اِلَی اللّٰہِ الْقَلْبُ اَهْیَا اَشْرَاهِیَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا

قَيُّوْمُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام ۲۲ ۸ ۱۱ ۹۱۹ ۶۶ ۹ ۳۳۹ صحیح

9۔ برج قوس

برج قوس کا ستارہ مشتری ہے اس کو ہندی میں برہسپت بھی کہتے ہیں اس برج والے مرد کی طبیعت خوش رو خوش مزاج خوش لباس فراخ روزی اول عمر میں پریشانی اور ابتری ہے آخر میں درستی اور بہبودی ہے مال بہت جمع کرے گا چوپائے جانوروں سے نفع پائے گا حرام سے نقصان پہنچے گا دوستوں سے راحت و آرام ماں باپ سے روزی کم بھائیوں بہنوں سے ناموافقت اولاد کی طرف سے خوش حال دنیا کے رنج و غم سے فارغ البال بیماری اکثر آسیب سے پائے گا دریا کا سفر مبارک ہوگا کوئی کام بند نہ ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔ دین و دنیا کی سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ایک شخص کرنجی آنکھوں والے سے ڈرتا رہے۔اور اس سے بچنے کی تدبیر کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ کوئی دشمن غالب نہ ہوگا نیا چاند دیکھ کر نمازی کا منہ دیکھنا بہتر ہوگا عمر تیس سال یا پھر طبعی ہوگی۔اس کے ستارے کے ساتھ پتھر وہانگ فرنگ ملتا ہے یہ وہانگ فرنگ اس کی قسمت کو چار چاند لگا دے گا اس کو ضرور پہنے ویسے بھی وہانگ فرنگ گردوں کی بیماری کیلئے اچھا ہے قمری مہینے کی 3-4-9 تاریخیں برج کے نزدیک نحس ہیں اس میں کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیے شاپنگ وغیرہ نہیں کرنی چاہیے گھر سے پیسہ نہیں نکالنا چاہیے تعویذات ان تاریخوں میں نہیں لکھوانے چاہئیں شاپنگ وغیرہ نہیں کرنی چاہیے سفر میں نہیں جانا چاہئے اس برج اور ستارہ والے بچے کو سکول میں پڑھنا نہیں بٹھانا چاہئے کسی چیز کی ابتدا نہیں کرنی چاہئے اگر ان تاریخوں میں بچتا رہا تو انشاء اللہ زندگی میں ناکامی اور خسارے کا منہ نہیں دیکھے گا۔نقش اس کیلئے جامع المطلوب اچھا ہے ساتھ عبارت بھی لکھ کر دیں اور وہ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَھْیَا اَشْرَاھِیَا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا بُرْھَانُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ ۱۲ ۱۸ ۱۴ ۸۱ ۲۳ ۹۸ عہ صحیح

10۔ برج جدی:

برج جدی والے آدمی کا ستارہ زحل ہے۔اسکو مکر بھی کہتے ہیں۔یہ ہفتے یعنی سنیچر کے دن کے ساتھ منسوب ہے۔اس طالع کا مرد نیک خلقت سخن گو چرب زبان ہوگا۔اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔نماز میں کاہلی ہرگز ہرگز نہ کرے حرام اور ناجائز مال کی طرف ہرگز توجہ نہ کرے ورنہ بہت نقصان اٹھائے گا۔راستی سچائی سے فائدہ دیکھے گا۔حصول دنیا کیلئے بہت کوشش کرے گا۔لیکن ملے کا وہی جو نصیب میں ہوگا۔لوگوں پر اپنی جان بھی فدا کردے تب بھی اس کی کوئی قدرومنزلت نہ سمجھیں گے۔جسم میں ایک تل ہوگا۔جو دولت واقبال کی نشانی ہے۔آخر عمر میں بہت مال ہاتھ آئے گا۔اور کچھ چیز زمین سے پائے گا۔چار پایوں سے نقصان اٹھائے گا۔حاکم وقت سے کبھی کبھی کچھ فائدہ پہنچے گا۔اولاد نصیب میں بہت ہے مگر جئے گی بہت کم زندگی دراز قرض دینا اچھا نہیں۔شرکت کرنا بہتر ہے بیماری اکثر دردزانو وغیرہ سے ہوگی۔نیا چاند دیکھ کر قرآن پاک کا دیکھنا اس کیلئے بہتر ہوگا۔ہر حاجت براری کیلئے ربیع الاول کا مہینہ مبارک ہوگا۔چار اور اٹھارہ برس کی عمر کی بیماری سے اگر محفوظ رہا تو عمر اس کی سو برس تصور کی جائے۔نقش مخمس اور درج ذیل نیچے والی عبارت اس کیلئے مفید رہے گی۔اس کے ستارے کے ساتھ تین پتھر ملتے ہیں اور وہ یہ ہیں ان میں سے پہلا عقیق دوسرا زہر مابرہ تیسرہ فیروزہ ہے۔ان تینوں میں سے کوئی ایک پہن سکتا ہے اس کیلئے بہتر ہیں گے۔چاند کی 17-22-24-28 تاریخیں نحس ہیں ان میں ہر قسم کی حفاظت کی ضرورت ہے۔اور عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا كَرِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا اَحْمَدُ يَا حَمِيْدُ يَا دَانَا۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام ۱ ۱۱ ۱۰۱ ۱۲۹ ۱۲۲ ۱۱ ۱۱

11۔ برج دلو:

برج دلو کو ہندی میں کنبھ کہتے ہیں۔اس برج والے کا ستارہ زحل یعنی سنیچر ہے۔اس

طالع کا مرد نیک خلقت سخن گو دولت مند ہوگا۔ پاکدامن ہوگا۔ جس قدر بزرگ ہوتا جائے گا اسکا کام بھی نیک ہوتا جائے گا۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے کیونکہ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ ایک بڑا بھاری رنج اٹھائے گا۔ لیکن انجام بہتر ہوگا۔ کسی کی ضمانت نہ کرے۔ اس پر افترا اور بہتان بہت الجھیں گے۔ چاہیئے کہ خدا پر بھروسہ رکھے اور صبر کرے قبلہ کی طرف سفر کرنا بہتر ہوگا۔ خرید و فروخت اور زراعت اس کے حق میں مفید ہے حرام مال سے بچے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ زندگی عیش و عشرت سے گزارے گا۔ مال بہت آئے گا۔ ماں باپ سے راحت پائے گا۔ لیکن ان سے جدائی اختیار کرے گا۔ دو عورتوں سے نکاح کرے گا۔ بعض ناشائستہ کام کرے گا۔ لیکن فوراً توبہ بھی کرے گا۔ جو اہم کام پیش آئے گا جلد انجام کو پہنچے گا۔ علم میں حریص ہوگا۔ کس قدر آتش مزاج ہوگا۔ لیکن دل میں کینہ نہ رکھے گا۔ عمر چھ برس یا 80 یا 90 برس تصور کرنی چاہیے۔ اس کو بھی وہی پتھر عقیق زہر ماہرہ اور فیروزہ لگتے ہیں۔ تینوں میں سے کوئی ایک پتھر پہنے فائدہ ہوگا۔ قمری مہینہ کی 2-12-17-23 تاریخیں نحس ہیں۔ ان تاریخوں میں محتاط رہے۔ ان کیلئے نقش جامع المطلوب مع عبارت زندگی میں تبدیلی لائے گا۔ اور عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ سْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنفُذُو مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُو لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ اَهْيَا شَرَاهِيَا اَوْ فِي صَارِتَ اشد و حلمو سهم ۱۱ ۱۵ ، ۲۲۹۸۷۷

12۔ برج حوت:

اس کو میں بھی کہتے ہیں اس برج والے کا ستارہ مشتری ہے مشتری کو برہسپت کہتے ہیں۔ اس برج ستارے والے آدمی کی شکل بلند قامت ہوگی۔ اور اسکا مزاج خوش کلام گندم گوں ابرو کشیدہ ظریف طبع خوش سخن خوش خلق ہوگا۔ عجیب و غریب چیزوں پر اپنی جان فدا کرنے والا ہوگا دشمن بہت ہیں اکثر غیبت کریں گے لیکن غالب نہ ہوں گے اپنی بات میں

سے جو بات بھی کہے گا لوگ قبول کرلیں گے۔ اپنی سادہ لوحی کے سبب دوست دشمن میں فرق نہ کر سکے گا خلق کی نظروں میں عزیز اور اپنے کام میں باتمیز بری صحبت سے پرہیز کرے گا۔ دینے میں خوش لینے میں ناخوش درمیانی عمر میں نحس ستارے کے سبب کرے گا کچھ ہوگا کچھ نظر بد سے نقصان پائے گا چاہیے کہ کوئی دعا نظر بد سے بچنے کی اپنے پاس رکھے پڑوسیوں سے نیکی کرے گا عوض میں بدی پائے گا شائد عورتیں نکاح میں کئی ہوں گی دو اور تیرہ برس خیریت سے گزر گئے تو عمر طبعی ہوگی۔ رجب کا مہینہ جمعہ کا دن ہر کام کیلئے بہتر ہے۔ اس کیلئے چاند کی ۱۳، ۱۴، ۲۹ تاریخیں اہل نجوم کے نزدیک نحس ہیں ان سے بچنے کا تدارک کرتا رہے۔ اس کے ستارے کا پتھر وہانگ فرنگ ہے چاہیے کہ خرید کر پہنے اور نقش اس برج اور ستارے والے کیلئے محیط الاسرار اور تکسیر جنہ کے ساتھ درج ذیل نیچے والی عبارت لکھ کر دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۱۱ ۲۳۲۲ ۶۵۹۴

ب جز

عورتوں کیلئے بروج اور ستاروں سے معلومات

عورتوں کیلئے بھی برج نکالنے کا وہی طریقہ ہے جو مردوں کیلئے ہے۔ اگر تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو پھر عورت کا نام اور اس کی ماں کا نام جمع کر کے حاصل جمع کو ۱۲ پر تقسیم کریں جو باقی ہو گا وہی عورت کا برج ہو گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو پھر (۱۲) کا ثمرہ یعنی آخری برج ہو گا۔

1۔ برج حمل

اس برج والی عورت کا ستارہ مریخ یعنی منگل ہے۔ اس برج والی عورت کی طبیعت خوش رفتار، خوش گفتار، عقلمند اور ہوشیار ہو گی۔ سینہ گردن یا بازو پر ایک تل ہو گا۔ جو نیک بختی کا نشان ہو گا۔ جھوٹ بولنا اور امانت میں خیانت کرنا اس کو سازگار نہیں۔ جلد غضبناک ہونا اور جلدی غصہ کا چلا جانا اس کی عادت میں شامل ہو گا۔ پڑوس میں ایک شخص اس کا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے۔ اول عمر میں پریشانیوں میں مبتلا رہے گی۔ آخری عمر سکون سے گزرے گی اور والدین سے راحت پائے گی۔ شوہر اکثر مہربان رہے گا اولاد ہو گی مگر جیئے گی کم ام صبیان وغیرہ کا فساد رہے گا دعا دوا کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ جاتا رہے گا۔ دشمن بہت ہیں اس لئے اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے ورنہ نقصان اٹھائے گی۔ تیسری اور چوتھی برس خیریت سے گزر گئی تو ستر برس کی عمر تصور کرنی چاہئے۔ سبز لباس اس کیلئے مبارک و بہتر ہے۔ قمری مہینے کی ۲، ۶، ۱۱، ۲۰، ۲۹ تاریخیں نحس ہیں۔ ان سے بچتی رہے۔ نقش اس کیلئے تکسیر جنہ مع محیط الاسرار ایک طرف دوسری طرف درج ذیل عبارت لکھ کر گلے میں ڈالے اور ہمیشہ نقش اس کے گلے میں رہے۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ○

2۔ برج ثور

برج ثور کو ہندی میں برکھ بھی کہتے ہیں اس کا ستارہ زہرہ ہے۔ اس طالع کی عورت خوش خلق نیک سیرت عقلمند' خوش سخن دستکار ہوگی۔ جس کسی کے ساتھ بھلائی کرے گی بدلہ برائی کا پائے گی۔ اس کیلئے یہ بات نامناسب ہے کہ جو کچھ اس کے دل میں آتا ہے زبان پر لے آتی ہے۔ چاہئے کہ اپنا بھید کسی سے نہ کہے ایک شخص نیلی آنکھوں والا کوتاہ قد اس سے دشمنی رکھتا ہے۔ لیکن غالب نہ ہوگا کسی کو قرض دینا پسند کرے گی مگر قرض لینا پسند نہ کرے گی۔ کبھی کبھی اس کو غصہ بہت جلدی آجاتا ہے اور یہ آپے سے باہر ہو جاتی ہے۔ مگر غصہ اس سے بہت جلدی چلا جاتا ہے۔ ایسا کرنا اس کی فطرت میں داخل ہے۔ اس کو کچھ نہیں کہنا چاہئے۔ والدین اس سے اتنا محبت کریں گے کہ دیگر بہن بھائی دیکھ کر خار کھائیں گے۔ شوہر اس سے مہربانی کرے گا کبھی کبھی اس سے آزردہ بھی ہوگا مگر تھوڑی دیر کیلئے درمیانی عمر میں کچھ نحوست کے دن گزریں گے۔ عمر کا آخری حصہ بہترین گزرے گا۔ کبھی کبھی کمر میں شدت کا درد اور شانہ کانپتا ہوگا اور یہ شکایت رحمی خرابی کے سبب سے ہوگی۔ اولاد بہت ہوگی مگر جیے گی کم۔ اس کو چاہئے کہ اپنے سر کی کنگھی کسی کو نہ دے اپنے خاص بدن کا کپڑا کسی کو نہ دے۔ اپنے بالوں کی حفاظت کرے تاکہ اس پر کوئی جادو نہ کر دے۔ اتوار کے دن سر نہ دھوئے دو اور چھ برس عمر گزر گئی تو ساٹھ برس تصور کرنی چاہئے۔ شعبان کا مہینہ جمعرات کا دن ہر کام کیلئے مبارک ہے۔ قمری مہینے کی ۴'۹'۲۴'۲۵'۲۸ تاریخیں اس کیلئے نحس ثابت ہوں گی۔ اس سے بچنے کا طریقہ اختیار کرتی رہے۔ اس کیلئے نقش اکسیر اعظم اور سورہ اخلاص کا نقش مع درج ذیل نیچے والی عبارت مفید رہے گی۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اَشْنُوْثًا یَا سَقْیًا حَیَاتُوْیَا اللّٰهُ یَااللّٰهُ حَسْبِیَ اللّٰهُ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○

3۔ برج جوزا

برج جوزا والی کا ستارہ عطارد ہے۔ یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کی عورت کی طبیعت گندم گوں۔ بلند قد نیک زبان رحم دل خوش گفتار اور ہر دلعزیز ہوگی۔ کسی عضو میں ایک تل یا نشانی رکھتی ہے۔ وہ نیک بختی کی نشانی ہوگی۔ اپنوں اور پڑوسیوں سے نیکی کرے گی۔ عوض میں بدی پائے گی۔ اسے چاہئے کہ اپنے دل کا بھید کسی کو نہ دے۔ دشمن بہت ہیں۔ خاص کر جس نے دو شوہر کئے ہیں وہ اس سے بغض رکھتی ہے اس کا کوتاہ قد ہے اور کالی سیاہ اس کی آنکھیں ہیں۔ اس سے بچتی رہے۔ مگر یہ دوست دشمن کو نہیں پہچانتی جو کچھ دل میں آتا ہے کہہ ڈالتی ہے۔ ہمیشہ اس کے کام ابتر رہیں گے۔ چاہئے کہ خدا تعالیٰ سے دعا مانگتی رہے اور نماز میں کاہلی نہ کرے تاکہ ستارے کی نحوست دفع ہو اور اپنی مراد کو پہنچے۔ اکثر سردی اور خشکی کے باعث زانوں اور پیڑو میں درد ہونے کا امکان ہے۔ ہریڑ کا مربہ یا گلقند دو تولہ سوتے وقت گرم پانی سے کھانا مفید ہوگا۔ کسی سے عداوت پیدا ہو جائے گی۔ بارہ اولادیں قسمت میں ہیں مگر جئیں گی کم اس کو آسیب سے تکلیف پہنچے گی۔ بدھ کے دن سر نہ دھوئے۔ نیا چاند دیکھتے ہی پانی پر نظر کرے۔ اگر دو برس یا سولہ برس کی عمر کی بیماری سے محفوظ رہی تو عمر 80 برس تصور کی جائے قمری مہینے کی 4, 13, 17, 28, 30 تاریخیں نحس ہیں۔ ان سے بچتی رہے۔ نقش تکسیر جنہ مع سیفی ساتھ ہی عبارت ہذا اس کیلئے بہتر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَافِعُ یَا مُعِیْنُ یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَ حَفِیْظُ صَاحِبَ هٰذَا الْکِتَابِ بِحَقِّ هٰذَا آ تَقْدِیْرًا اهیًا شَرَاهِیًا اصولی صیارت صباوت ۱۱۰۱ ۲۱۰۲

۲۲، ۱۲۴، ۱۱، ۵۵، ۳۳ منج منج

۴۔ برج سرطان:

ستارہ اس کا قمر یعنی چندرماں ہے۔ اس برج والی عورت درمیانے قد والی ہے۔ ابرو کشیدہ اور چالاک ہوگی۔ سینہ پر یا کسی اور اعضا پر نیکی بختی کی علامت ہے۔ جس قدر بزرگ ہوتی جائے گی۔ اس کا کام بھی نیک ہوتا جائے گا۔ عمر بھر میں نحس ستارے کے سبب دو مرتبہ پریشانی میں مبتلا ہو جائے گی۔ دشمن اور بدگو بہت ہوں گے۔ ظاہر میں لوگ دوستی کریں گے۔ باطن میں دشمنی بدنظر سے مال اور اولاد کا نقصان اٹھائے گی۔ اپنی بات میں پکی ہوگی۔ جھوٹ کو دشمن سمجھے گی۔ حرام مال اس کو نقصان دے گا۔ ایک بڑی بھاری مصیبت اس کی قسمت میں ہے۔ دشمنی اور بدگوئی اس کے حق میں پہلے اس کے اپنوں سے نکلے گی۔ والدین سے نفع کم پائے گی۔ اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔ اس پر تہمت اور افتراء بہت ہوگا۔ رنج بہت اٹھائے گی۔ اولاد ہوگی مگر جیئے گی کم بیماری اکثر سردی خشکی اور درد کمر سے ہوگی۔ چھاچھ اور کھٹائی سے پرہیز کرے۔ گل سرخ اور شہد کے ساتھ معجون کر کے کھائے ایک شخص نیلی آنکھ والا اس کے اور اس کے شوہر کے درمیان دشمنی کرا دے گا۔ کبھی کبھی شوہر کے ساتھ زبان درازی بھی کرے گی۔ چاہئے کہ اس کو ترک کرے نماز میں سستی ان کو نقصان پہنچائے گی۔ عمر تیس برس سے گزر گئی تو 80 برس تصور کرنی چاہئے۔ شوال کا مہینہ منگل کا دن ہر کام کیلئے مبارک ہوگا۔ گائے بھینس بیل بکری پالنا اس کیلئے بہتر ہوگا۔ سبز رنگ کا لباس اس کو اچھا رہے گا۔ چاند کی 2, 8, 13, 18, 28 تاریخیں اس کیلئے نحس ثابت ہوں گی۔ ان سے بچتی رہے اور نقش اس کیلئے جامع المطلوب مع عبارت مفید رہے گا۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ مِنْ زَوَالِ الْاِيْمَانِ وَ شَرِّ الشَّيْطَانِ اَللّٰهُمَّ يَا قَدِيْمَ الْاِحْسَانِ يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ يَا

رخمسُ خمغعشق اهیا امراهیا از وثی اصاوت الوفی یا حیُ یا قیوُم یا ذالجلالِ وَالاِکرام. ۲۶۱۵۵۲۳۳۵۵۲۲۱۱۱

۵۔ برج اسد:

ستارہ اس کا شمس ہے۔ اس طالع کی عورت بلند قامت نیک خوبصورت خوش خلق فراخ روزی ہوگی۔ زندگی ہنسی خوشی گزارے گی۔ اول عمر میں پریشانیوں میں مبتلا رہے گی۔ اس کے ہاتھ میں گن نہیں ہوگا۔ بدا نیکی کا بدی سے پائے گی۔ چاہیے کہ دشمنوں کی نصیحت قبول نہ کرے۔ پھر بعد میں سب بگڑے کام سنور جائیں گے۔ آتش مزاج ہوگی کبھی کبھی شوہر سے زبان درازی بھی کرے گی۔ نماز میں کاہلی ہرگز ہرگز نہ کرے۔ ایک شخص اس کے مال میں خیانت کرے گا۔ ہوشیار رہے۔ والدین سے اوسط نفع رہے گا۔ اولاد ہوگی مگر کم جئے گی۔ درد کمر خشکی درد زانو وغیرہ سے بیماری رہے گی۔ گلقند کھایا کرے نیا چاند دیکھ کر سنہری روپہلی چیز دیکھے عمر طبعی ہوگی۔ ہر ماہ چاند کی 6, 12, 16, 21, 25 تاریخیں نحس ہیں۔ ان سے بچنے کا تدارک کرے ورنہ نقصان میں رہے گی۔ نقش اس کیلئے جمع المطلوب مع درج ذیل عبارت مفید رہے گی۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

۲۴ ۸۱ ۱۱ ۲۹ ۲۸ ۳۴ ۱۱۸ ۴۳ ۹۱۱

۶۔ برج سنبلہ:

برج سنبلہ والی کا ستارہ عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس برج والی عورت کا مزاج خوش رو ابرو کشیدہ خوش خلق ہوگا۔ سرخ سانولے رنگ کی ہوگی۔ جسم کے کسی اعضا پر تل کی نشانی ہوگی نیک بختی کی نشانی ہے۔ اپنے بعض عزیزوں سے جدا ہو جائے گی۔ دوست بہت ہوں گے۔ ایک شخص بلند قد سانولا رنگ سبزی مائل اس کا دشمن ہے اس سے ہوشیار رہے۔ جھوٹ بولنا اس کو سزاوار نہیں ہوگا۔ اس پر بہتان بہت ہوگا۔ لیکن کوئی کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ جاہل آدمیوں کے پاس نہ بیٹھے۔ کچھ دنوں کسی ایسی چیز کی خواہش رہے گی جس کا ترک وحصول دونوں غیر ممکن ہوں گے۔ دل کا بھید کسی

سے نہ ہے تو مرادیں حاصل ہوں گی۔ والدین نہایت محبت کریں گے بہن بھائی اذیت و تکلیف پہنچائیں گے۔ اس کا قدم شوہر کیلئے مبارک ہوگا۔ طاق اولاد قسمت میں ہے۔ عمر طبعی ہے۔

قمری مہینے کی 6، 12، 17 تاریخیں نحس ہیں ان سے بچے ورنہ تکلیف اٹھائے۔ نقش اس کیلئے جامع المطلوب مع عبارت لکھ کر گلے میں ڈالے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ O یا حَمِیۡدُ یا دائمُ یا قائمُ یا عَلِیۡمُ یا حَکِیۡمُ یا شکورُ ذیا دانا یا بینا وھو الحقO

۷۔ برج میزان:۔

اس برج کا ستارہ زہرہ ہے۔ اس طالع کی عورت کے اعضا پر ایک تل یا کوئی اور نشان ہوگا وہ اقبال کی نشانی ہے۔ فراخ روزی ہوگی زندگی عیش و شادمانی سے گزارے گی۔ ایک زمانہ سختی کا اس کے سر پر گزرنے والا ہے۔ دشمن اور بدگو بہت ہیں۔ لیکن کوئی غالب نہ ہوگا۔ ایک مدت تک کسی ایسی چیز کی تمنا میں وابستگی رہے گی۔ جس کا چھوڑنا اور ملنا ممکن نہ ہوگا۔ چاہئے کہ عفت اور پاک دامنی اختیار کرے تو بگڑے کام تمام بن جائیں گے۔ اول عمر میں مصیبت آخر میں عیش ہے۔ آتش مزاجی کی وجہ سے کفر کے کلمات کہہ بیٹھتی ہے۔ ترک کرنا چاہیے۔ حرام چیز سے بالکل پرہیز کرے۔ شوہر مہربان رہے گا۔ بیماری اکثر بلغم صفرا سے ہوگی۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا ہونے لگے گا اکثر کچھ ایسی حالت رہے گی کہ نہ تو بیمار نہ ہی تندرست دعا مانگنے سے سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ عمر تین برس سے گزر گئی تو 90 برس تصور کرے رنگین کپڑے مبارک ہیں۔ چاند کی 22، 23، 28 تاریخیں نحس ہیں۔ ان سے بچے نقش سورہ اخلاص مع سیفی اور عبارت کے لکھ کر دے۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. یَا ھَادِیُ یَا مَھۡدِی یَا حَمِیۡدُ یَا اَحۡمَدُ یامُحَمَّدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا دَائِمُ یا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ.

۱۱'۹ططـ ۱۷ ۳۱۱۳۲۴۲۲ ۱۳ مجج

۸۔ برج عقرب:۔

ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے۔ اس طالع کی عورت خوش مزاج خوش رفتار سینے پر ایک تل یا کوئی اور نشانی رکھتی ہوگی۔ نیک بختی کی نشانی ہے روز بروز اس کا ستارہ ترقی پر ہے۔ رنج ومحنت بہت اٹھائے گی۔ چاہیے کہ بڑوں کی نصیحت قبول کر لیا کرے دل کا بھید کسی سے نہ کہے۔ ایک مرتبہ بچھو ڈھوکہ کسی سے اٹھائے گی۔ صبر کرے اور غصہ کو ترک کرے زندگی ہنسی خوشی گزارے گی۔ بادی اور سردی معدہ وغیرہ کے سبب اکثر بیماری ہوگی۔ دردسر اور درد کمر اور دل کا کانپنا بھی اس کے ساتھ ہے۔ جسم میں سنسنی اور بوجھ سا محسوس ہونے کی شکایت کثرت سے رہے گی۔ والدین سے فیض پائے گی۔ بہن بھائی سے وفا کم اولادیں کئی ہیں لیکن ایک سے آرام پائے گی۔ عمر تیس سال یا طبعی ہوگی۔ قمری تاریخوں میں 4 ,9 ,13-15-28 نحس ہیں۔ بچنا چاہیے نقش سورہ نصر مع عبارت موثر رہے گا۔ عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. يَا غَفُوۡرُ يَا وَدُوۡدُ يَا ذَالۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ، ذُوالۡعَرۡشِ الۡمَجِيۡدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيۡدُ يَا نُوۡرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ يَا مُغِيۡثُ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ ۱۱، ۱۲ ۹ ۱ ۱ ۵ ف

۹۔ برج قوس

ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس برج والی عورت کی تین صورتیں ہوں گی۔ اول سفید رنگ، فراخ روزی، خوش خلق، تیسرے غریب دوست اور یتیموں پر مہربانی کرنے والی ہوگی۔ پہلو میں تل یا کوئی بھی نشانی ہوگی وہ دولتمندی کی نشانی ہو سکتی ہے۔ وسیع القلوب اور خدا کی طرف دل کو رجوع کرنے والی ہوگی۔ بات کی سچی اور جھوٹوں کی دشمن ہوگی۔ اس کو ایک نقصان پہنچے گا اس کا بدلہ بھی اللہ تبارک وتعالیٰ عطا فرمائے گا۔ کسی ایسی جگہ سے فائدہ ہوگا۔ جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا۔ کسی کام میں خیانت نہ کرے اور نہ ہی عبادت خدا میں سستی کرے۔ عبادت خدا میں غفلت بھی نہ برتے ہر مراد آسانی سے حاصل ہو جایا کرے گی۔ جس سے دوستی کرے گی دشمنی پائے گی۔ دشمن بہت ہیں جس سے دوستی کرتی ہے عوض میں دشمنی مول لیتی ہے۔ دشمن بہت ہیں۔ بعض وقت

بہت مایوس ہو جایا کرتی ہے اور اپنی موجودہ زندگی سے گھبرا کر موت کو ترجیح دینے لگتی ہے۔ صبر کرنا اس کے حق میں بہتر ہے۔ والدین سے معمولی فائدہ بہن بھائی سے راحت وخوشی حاصل ہوگی۔ بیماری اکثر رطوبت صفرا معدہ اور اندرونی تکلیف سے ہوگی۔ سونٹھ شہد ملا کر کھایا کرے۔ عمر چار سے سات برس سے گزر گئی تو 80 برس تصور کرنی چاہئے۔ قمری تاریخوں میں 3، 4، 9 تاریخیں نحس ہیں۔ اس سے بچے نقش مخمس مع عبارت لکھ کر پہنے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ يَا نُوْرُ يَا عَلِيُّ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا طمعوس يا طوطيا مفصا ااا ااا۸ سح سح ۱۲ ۱۱۸ ططالع له بحج

۱۰۔ برج جدی:

اس برج کی عورت کا ستارہ زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کی عورت بامروت ہوشیار فراخ روزی ہوگی۔ ایک تکلیف اس کی قسمت میں ہے۔ دلی بھید کسی کو نہ بتائے کسی کیلئے کتنا ہی مصیبت کیوں نہ جھیلے اس کی قدر و منزلت کوئی نہیں سمجھے گا۔ سچائی پسند ہوگی۔ کچھ دنوں کسی ایسی چیز کی محبت میں مبتلا رہے گی نہ تو وہ شے مل سکتی ہے نہ ہی اسے چھوڑ سکتی ہے۔ ہمیشہ فکر و اندیشہ میں رہتی ہے اکثر مایوس ہو جایا کرتی ہے۔ تھوڑے دنوں بعد مراد دلی حاصل ہوگی۔ پڑوسیوں سے محبت کر کے بدی پائے گی۔ کبھی کبھی شوہر سے رنجش ہو جایا کرے گی۔ اولاد زیادہ ہے مگر جیئے گی کم اولاد کی نہ جینے کی وجہ یہ ہے کہ شوہر اس کا قبرستان گیا تھا وہاں سے اس کو نقصان پہنچا تھا۔ رحم کے اندر ہوا کا خلل ہے۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا سا چھانے لگتا ہے۔ اور دل میں رعشہ سا پھیل جاتا ہے۔ بدن میں سستی اور کاہلی رہتی ہے۔ کھٹائی وغیرہ سے پرہیز کرے سونٹھ جوز گل کا سنی شہد میں ملا کر کھایا کرے۔ عمر طبعی ہے۔ قمری تاریخوں میں 17، 22، 24، 25 تاریخیں نحس ہیں ان سے بچے، نقش سورہ نصر مع سورہ اخلاص ساتھ ہی عبارت ہذا اس کیلئے موثر رہے گی۔ عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ . بحق اهيا سواهيا اذونی بیے

اصاوت اصماون العجل ۶۲ ۱۶ ۱۹ ۱۳ ۲ عجج عجج عجج

۱۱۔ برج دلو:

ستارہ اس کا زحل یعنی سینچر ہے۔ اس طالع کی عورت جاذب نظر با مروت کامران ہوگی اس پر تہمت و بہتان بہت ہوگا۔ لیکن عزت میں فرق نہ آئے گا۔ عمر اچھی طرح گزارے گی۔ البتہ درمیان میں کچھ دن پریشانی میں گزریں گے۔ والدین سے نفع اوسط بہن بھائی سے وفا کم شوہر مہربانی کرے گا۔ بارہ لڑکی لڑکے قسمت میں ہیں۔ عمر طبعی ہوگی۔ نقش سورہ فاتحہ ایک طرف اکسیر اعظم دوسری طرف گلے میں ڈالے ساتھ ہی یہ عبارت بھی لکھ کر گلے میں ڈالے۔ عبارت یہ ہے۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَّحِيمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

نوٹ: قمری تاریخوں میں ۲، ۷، ۲۱، ۲۳ نحس ہیں۔

۱۲۔ برج حوت:

ستارہ اس کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ اس طالع کی عورت آبرو شیدہ اور ہر دلعزیز ہوگی۔ رنج و غم بہت اٹھائے گی۔ آتش مزاج ہوگی ہاتھ میں کوئی خاص گن نہیں ہوگا۔ جس سے نیکی کرے گی اسی سے بدی پائے گی۔ دشمن بہت ہیں شوہر سے کبھی بھی کسی معاملے میں مخالفت نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گی۔ شوہر کی فرمانبردار رہے۔ نماز میں کبھی بھی غفلت نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گی۔ اگر نماز کی پابندی کرے گی تو سب بلائیں رفع ہوں گی اور اس کی تمام دلی مرادیں پوری ہوں گی۔ دشمن پامال ہوں گے۔ اس کی زندگی اوسط ہے بیماری اکثر درد سر اور درد گردن سے رہے گی۔ عمر دو برس سے گزر گئی تو 90 برس تصور کرے۔ رمضان کا مہینہ اچھا ہے۔ اور جمعہ کا دن ہر کام کیلئے بہتر ہوگا۔ قمری مہینے کی 13، 14، 29 تاریخیں نحس ہیں ان سے بچنے کا تدارک کرتی رہے اور اس کیلئے نقش اکسیر اعظم مع سیفی اور ساتھ ہی درج ہذا عبارت مفید ہے۔ عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا قَائِمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا بُرْهَانُ يَا سُبْحَانُ يَا

سُلطَانُ فَعَّالُ لِّمَا یُرِیدُ یَا وَاجِدُ یَا وَاحِدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا ذَالجَلَالِ وَالاِکرَامِO

چھٹی فصل

نسبتوں کے بیان میں

اہل دل اور اہل محبت حضرات کیلئے ان کے روح ایمان میں ایک نئی روح کا اضافہ کرنے کیلئے نسبتوں کا ذکر ہو رہا ہے اس لئے کہ جن کے نام کے ساتھ کسی طرح کی بھی نسبت ایک دوسرے سے ملتی ہو۔ وہ آپس میں گہرے دوست ہوں گے اور ان کی محبت ایک دوسرے کے ساتھ پختہ ہوتی ہے۔ جس طرح اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عددی نسبتیں ملتی ہیں۔ یعنی اللہ کے ۶۶ عدد ہیں اور محمد صلی علیہ وآلہ وسلم کے ۹۲ عدد ہیں۔ ان کی اکائی میں بھی مناسبت ہے اور دہائی میں بھی مناسبت ہے۔ اکائی کے عدد بھی ایک دوسرے پر تقسیم ہو جاتے ہیں اور دہائی کے بھی ہو جاتے ہیں۔ نسبتیں تو سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام اور رب العالمین کی اور بھی ملتی ہیں جیسے حرفوں کی نسبتیں اللہ جل شانہ کے حرف چار اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حرف بھی چار اور دونوں کے حرف بے نقط اور دونوں کے درمیان والے حرف پر تشدید اور دونوں کے دو حرف احاد اور دو عشرات ہیں اور دونوں کے عدد ۲ پر تقسیم ہو جاتے ہیں اگر دونوں کی اکائی اور دہائی کو ضرب دے کر جمع کریں تو حاصل ضرب ۹ آتا ہے جو اکائی کا سب سے بڑا عدد ہے۔

اسی طرح جن کی بھی نسبتیں ملتی ہوں گی وہ آپس میں گہرے دوست ہوں گے انبیاء کرام میں سے تمام کی نسبتیں اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ ملتی ہیں سوائے حضرت آدم علیہ السلام کے آپ کی اکائی کی عددی نسبت نہیں ملتی یعنی ۶۶ اور (۴۵ جو حضرت آدم علیہ السلام کی نسبت بنتی ہے) دونوں کی اکائی کی نسبت نہیں ملتی اور دہائی کی نسبت ملتی ہے تو حضرت آدم علیہ السلام کا ابتدائی تین سو سال کا زمانہ کس طرح گزرا۔ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت حوا دونوں کے نسبتیں ملتی ہیں۔ یعنی اکائی کی نسبت بھی ملتی ہے اور دہائی کی نسبت بھی ملتی ہے اس لئے آپ جب بھی بچے کا

نام رکھیں تو والدین کے ساتھ نسبتیں ضرور ملا لیا کریں اور جب لڑکی اور لڑکے کی شادی کرنے لگیں جہاں اور تمام باتیں خاندانی حالات چال چلن وغیرہ معلوم کئے جاتے ہیں تو نسبتوں کا بھی ضرور خیال رکھا کریں۔ خاص کر دونوں کی اکائی کی مناسبت ضرور ملتی ہو۔ ویسے تو تمام یعنی اکائی کی نسبتیں بھی ملتی ہوں اور دہائی کی نسبت بھی ملتی ہو اور سینکڑہ اور ہزار ہوں تو ان کی بھی نسبتیں ملتی ہوں سب میں مناسبت پائی جاتی ہو اگر یہ عددی نسبت کا خیال رکھیں گے تو والدین اور اولاد اور میاں بیوی ایک جان دو قالب ہوں گے یعنی کبھی بھی جدائی نہیں ہوگی اور نہ عداوت و نفرت ہوگی اور اگر دیگر وجود کی بناء پر جدائی ہو بھی گئی تو عارضی ہوگی۔

نسبت نکالنے کے طریقے

پہلا طریقہ:

کون سا عدد کس کا دوست ہے۔

کون سا عدد کس کا دوست ہے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
یہ سب کا دوست ہے اور سب اس کے دوست ہیں	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱
	۴	۶	۲		۲		۲	۳
	۶	۹	۶		۳		۴	۶
	۸		۸		۴		۶	
					۸			
					۹			

یہ طریقہ سب طریقوں سے اہم ہے خصوصاً اسی سے کام کیا کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ جن دونوں کی نسبتیں نکالنی ہوں ان دونوں کے ناموں کی حرفوں کے اعداد قمری نکال کر دونوں کے ناموں کے اعداد کو علیحدہ علیحدہ جمع کر لیں پھر نیچے دیئے ہوئے نقشے کی مطابقت سے دونوں عددوں

کی اکائیاں اور دہائیاں سینکڑے ہزار دیکھ لیں یہ سب اس طرح ہوں کہ دونوں عددوں کی اکائیوں پر ایک ایسا عدد ہو جو دونوں پر تقسیم ہوتا ہو یعنی ضرب کھاتا ہو اسی طرح دہائی اور سینکڑے کا حساب ہونا چاہیے۔

جس طرح کہ اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کے عدد (۶۶) بنتے ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عدد (۹۲) بنتے ہیں ان کی اکائی میں بھی مناسبت ہے ۲ تیا ۶ ۲x۳ برابر ۶ اور دہائی میں ۹:۶ یہ ۳x۲ اور ۳x۳ یعنی تین کا پہاڑا دہائی میں ۶ کو بھی کاٹتا ہے اور ۹ کو بھی کاٹتا ہے جن کی نسبتیں نکالنی ہوں اس کا حساب بھی اسی طرح دیکھیں۔

دوسرا طریقہ:

یہ طریقہ کلی ہے کہ اس کے اور تمہارے نام کے اعداد میں ظاہری مناسبت نہیں مگر دونوں گہرے دوست ہیں اس کی وجہ پر جب غور کیا تو از روئے جفر دونوں میں مناسبت کلی پائی گئی۔ جو قوی تر ہے اس کی مثال اس طرح ہے کہ دو عدد ہیں ایک سے ۱۸۲ اور دوسرے ۳۵۷ تو دونوں کی اکائی اور دہائی میں مناسبت نہیں پائی گئی تو ان میں ایک ایسا پہاڑا ہے جو دونوں کو تقسیم کر دیتا ہے فرض کیا ۷ کا پہاڑا ۲۶x۷ برابر ہے ۱۸۲ اور ۵۱x۷ برابر ہے ۳۵۷ سات کا پہاڑا دونوں پر تقسیم ہوتا ہے یہ بھی ایک نسبت ہے اگر اس طرح ہو تو پھر بھی ٹھیک ہے۔

تیسرا طریقہ:

اس طریقے کی تاثیر پہلے دو طریقوں کی طرح تو نہیں ہو سکتی مگر کچھ مفید ضرور ہے۔ ایک ایسا پہاڑا جو دونوں عددوں کو برابر تقسیم نہیں کر سکتا دونوں میں کچھ بچ جاتا۔ اگر دونوں عددوں کا جو باقی بچا ہے وہ ایک ہی ہندسہ ہے تو ٹھیک ہے نسبت مل جائے گی۔

ساتویں فصل

علم الاعداد کے حساب کے بیان میں

(نقشہ اعداد قمری)

ا	ب	ج	د	ه	و	ز
١	٢	٣	۴	۵	٦	٧
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
٨	٩	١٠	٢٠	٣٠	۴٠	۵٠
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
٦٠	٧٠	٨٠	٩٠	١٠٠	٢٠٠	٣٠٠
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴٠٠	۵٠٠	٦٠٠	٧٠٠	٨٠٠	٩٠٠	١٠٠٠

جدول اعداد ایام فارسی

شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہار شنبہ	پنج شنبہ	جمعہ
٣۵٧	٣٨٧	٣٦٧	۴٢٢	۵٦٦	۴١٣	١١٨

نوٹ: اردو میں کچھ زائد حروف استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً پ۔ چ۔ ژ۔ گ ان حروف کیلئے یہ خیال رکھنا ضروری ہے۔ کہ پ ب میں شامل اور چ۔ ج اور شامل اور گ۔ ک میں شامل ژ۔ ز میں شامل ہے اور یہ بھی یاد رکھیں کہ جو حروف لکھنے میں آتے ہیں اعداد انہیں کے شمار ہونگے بعض لوگ تشدید والے حرف بھی دونوں کو شمار کرتے ہیں یہ طریقہ غلط ہے۔ تشدید والا ایک حرف شمار ہوگا۔

مریض کے متعلق استخارہ علم الاعداد

مریض کے متعلق یہ معلوم کرنا ہو کہ اس کو جسمانی مرض ہے یا سحر جادو کسی نے کیا ہے یا آسیب وغیرہ کا خلل تو نہیں ہے تو اس کے بارے میں معلوم کرنے کیلئے یہ طریقہ اختیار کرنا چاہئے کہ مریض کے نام کے حروف نکال کر اور جس دن مریض نے سوال کیا ہو اس دن کے اعداد نکال کر دونوں اعداد کو جمع کر لیں پھر حاصل جمع کو چار سے تقسیم کر لیں اگر تین باقی بچیں تو خلل آسیب ہے اور اگر دو باقی بچیں مرض جسمانی ہے اور اگر ایک باقی بچے تو اندرونی بخار ہے اور چار سے برابر تقسیم ہو جائے سحر جادو ہے۔

علم الاعداد کے ذریعے سوالوں کے جوابات

س: کسی شخص کی حالت کے بارے میں کوئی پوچھے کہ کس حالت میں ہے؟

ج: اعداد نام سائل اور اس دن کے اعداد جمع کر کے دو پر تقسیم کرے اگر (۱) بچے عیش میں ہے اگر دو بچیں زندہ ہے مگر تکلیف میں ہے اور تین بچیں بہت نازک حالت میں ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ یہ دو آدمی اکٹھے ہوں گے کہ نہیں؟

ج: نام سائل اور اس دن کے اعداد نکال کر دو پر تقسیم کریں اگر ایک باقی رہے نہیں اور دو بچیں ہاں

س: عورت سے شادی کی موافقت کے بارے میں سوال ہو کہ محبت ہو گی یا نہیں؟

ج: نام سائل مع والدہ نام عورت مع والدہ نکال کر سب کو جمع کرے (۳) سے تقسیم کرلے اگر ایک بچے موافقت ہو گی۔ اگر دو بچیں نہیں اور تین بچیں عورت کے صالح ہونے کے علامت ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ مال کہاں سے ملے گا؟

ج: سائل اور اس دن کے اعداد نکال کر جمع کرے سات سے تقسیم کریں اگر ایک باقی ہو تو عورتوں سے جو لکھنے کا کام کرتیں ہیں وغیرہ اور اگر دو بچیں مردوں سے اور تین بچیں زمین کی پیداوار سے اگر ۴ بچیں سفر کرنے سے اگر (۵) بچیں میراث ترکہ وغیرہ سے (۶) بچیں تجارت سے اور اگر (۷) بچیں قرض سے۔

س: اگر سوال ہو کہ فلاں شخص دوستی سے پیش آئے گا یا نہیں؟

ج: سائل کے نام کے اعداد اور اس دن کے اعداد نکال کر جمع کر کے (۴) چار سے تقسیم کریں

اگر ایک باقی ہو تو جانی دشمن اگر دو باقی ہوں تو دوستی ضرور ہو۔ اگر تین بچے ظاہر میں دوستی و محبت ہو اور باطن میں دلی دشمنی اگر (۴) بچیں ہر طرح ظاہر و باطن محبت دوستی ہو۔

س: اگر سوال مریض کی صحت کے متعلق ہو کہ صحت یاب ہوگا کہ نہیں؟

ج: مریض اور مریض کی ماں کے نام کے اعداد جس دن سوال ہو رہا ہو اس دن کے اعداد جمع کر کے تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو مرض سخت ہے۔ دشواری سے صحت پائے۔ اگر دو بچیں مرض درمیانہ ہے۔ علاج کرانے سے شفاء ہو جائے گی اگر تین بچیں یا برابر تقسیم ہو جائے علامت منقطع کی ہے خواہ مرض جسمانی ہو جادو ہو یا آسیب وغیرہ کا خلل ہو۔

س: زوجہ اور خاوند کے متعلق سوال ہو کہ انتقال کس کا پہلے ہوگا۔

ج: شوہر اور بیوی اور دونوں کے والدین کے نام کے عداد نکال کر اور مسئولہ دن کے اعداد نکال کر ۲ سے تقسیم کریں اگر ایک بچیں پہلے مرد کا اور اگر دو بچیں پہلے زوجہ کا۔

س: حاملہ کے بارے میں سوال ہو کہ حمل میں لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

ج: حاملہ کے نام کے عدد اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر تین سے تقسیم کریں اگر ایک باقی ہو تو لڑکا اور اگر دو باقی ہوں تو لڑکی اور اگر ۳ بچیں حمل کے ضائع ہونے کی علامت ہے۔

س: اگر سوال کرے کہ حمل زن تمام ہوگا یا ضائع ہوگا؟

ج: حاملہ اور مسئولہ دن کے اعداد جمع کر کے دو پر تقسیم کریں حمل تمام ہو بچہ صحیح سلامت پیدا ہوگا اور اگر دو بچیں قبل از وقت حمل کے ضائع ہونے کی علامت ہے۔

س: عورت کے متعلق سوال ہو کہ حمل ہے یا نہیں:

ج: عدد اس عورت کے نام کے اور اس دن کے عدد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے عورت حاملہ ہے اگر دو بچیں نہیں۔ اگر تین بچیں حمل تھا مگر غائب ہو گیا۔

س: حاکم کے بارے سوال ہو کہ ظالم ہے یا عادل؟

ج: نام حاکم اور مسئولہ دن کے عدد جمع کریں پھر تین سے تقسیم کریں اگر ایک بچے حاکم عادل ہے اور دو بچیں حاکم ظلم و عدل میں میانہ روش اختیار کئے ہوئے ہے اور اگر تین بچیں ظالم ہے۔

س: عورت اور مرد کے ملاپ کے بارے میں سوال ہو کہ ملاپ ہوگا یا نہیں؟

ج: اگر سوال عورت اور مرد مع والدہ اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر پانچ سے تقسیم کریں اگر تین باقی بچیں دونوں کا آپس میں ملاپ ہوگا اور دوستی قائم رہ سکے گی اور اگر ۲ یا ۱ رہیں ہرگز نہیں۔

س: اگر مقدمہ کے متعلق سوال ہو کہ فلاں سے رنجش چل رہی ہے اور مقدمہ کیا ہوا ہے اس کا انجام کیا ہوگا؟

ج: عدد نام اس روز کے اور دونوں مدعی اور مدعا علیہ کے ناموں کے عدد سب جمع کر کے ۴ سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے سائل غالب آئے اور اگر دو بچیں اس کے برعکس ۳ بچیں صلح کی امید ہے اور ۴ بچیں رنجش وخصومت زیادہ ہونے کی علامت ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ کونسا کام کروں جس سے فائدہ پہنچے گا؟

ج: عدد سائل اور مسئولہ دن کے عداد نکال کر چار سے تقسیم کریں ایک بچے ایسی تجارت سے جو زمین سے پیدا ہوتی ہے اور اگر دو بچیں کھیتی اور زراعت وغیرہ سے اور اگر تین بچیں تجارت پارچہ وغیرہ سے اور اگر ۴ بچیں نوکری اور ملازمت سے مال ہاتھ آئیگا۔

س: اگر سوال ہو کہ فلاں کے ساتھ شرکت مفید ہوگی یا نہیں؟

ج: نام سائل اور مسئولہ دن کے اعداد کو جمع کرے ۲ پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تب شرکت بری ہے نہ کریں اور اگر دو بچیں شرکت اس کے حق میں مفید ہوگی کر لیں۔

س: اگر سوال ہو کہ سفر کروں یا نہ کروں؟

ج: نام سائل اور عدد یوم سب کو جمع کرے ۲ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے سفر نہ کریں اور دو بچیں کریں۔

س: اگر سوال ہو کہ اس سفر میں فائدہ ہوگا یا نہیں؟

ج: سائل اور مسئولہ دن کے اعداد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں اگر ایک بچے نقصان اور اگر دو بچیں نفع اور تین بچیں حکم اوسط ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ گریختہ کس سمت ہے؟

ج: مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر تین گنا کرے یعنی تین سے ضرب دے اور حاصل اعداد کو چار سے تقسیم کرے اور چار بچیں جنوب کی سمت ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ مال مسروقہ ملے گا یا نہیں۔

ج: نام سائل کے عدد اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر ۲ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے نہیں اور دو بچیں ہاں۔

س: اگر سوال ہو کہ چور مرد ہے یا عورت؟

ج: سائل اور مسئولہ دن کے عدد جمع کریں پھر دو سے تقسیم کریں اگر ایک باقی رہے مرد اور اگر دو باقی رہیں عورت۔

س: اگر سوال چور کے رنگ وغیرہ کا کریں؟

ج: مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر ۳ سے تقسیم کریں اگر ایک بچیں رنگ سفید مائل سبزی اور دو بچیں رنگ سرخ مائل بہ سبزی اور تین بچیں رنگ گندمی سانولہ ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ یہ خبر صحیح ہے یا جھوٹ؟

ج: نام سائل اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر حاصل عدد کو ۲ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے جھوٹ اور اگر دو بچیں صحیح۔

س: اگر سوال چور کے رنگ وغیرہ کا کریں؟

ج: مندرجہ بالا طریقہ سے اعداد نکال کر ۳ سے تقسیم کریں اگر ایک بچیں رنگ سفید مائل سبزی اور دو بچیں رنگ سرخ مائل بہ سبزی اور تین بچیں رنگ گندمی سانولہ ہے۔

س: اگر سوال ہو کہ یہ خبر صحیح ہے یا جھوٹ؟

ج: نام سائل اور مسئولہ دن کے عدد نکال کر حاصل عدد کو ۲ سے تقسیم کرے اگر ایک بچے جھوٹ اور اگر دو بچیں صحیح۔

س۔ اگر سائل کسی غائب کے متعلق سوال کرے کہ اس کی حالت کس طرح ہے؟

ج: نام سائل اور مسئولہ دن کے اعداد نکال کر ۴ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے قید میں اگر دو بچے جلد واپس آئے گا اگر تین بچے ہرگز واپس نہ آئے گا۔ اگر ۴ بچے دو ہفتہ یا دو ماہ یا دو سال میں واپس آجائے گا۔ یا خیریت کی خبر پہنچے گی۔

س: اگر غائب کے زندہ یا مردہ کے متعلق سوال ہو؟

ج: بہ مع غائب والدہ اور اس روز کے اعداد شمار کر کے ۲ سے تقسیم کریں اگر ۱ بچے مردہ اور دو بچے زندہ ہے۔

س: اگر سوال کرے کہ غائب واپس آئے گا یا نہیں؟

ج: مندرجہ بالا طریقہ سے عدد نکال کر ۲ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے نہیں آئے گا اگر دو بچے آئے گا۔

س: اگر سوال کرے کہ یہ امید پوری ہوگی یا نہیں؟

ج: نام روز اور نام سائل کے اعداد جمع کر کے ۲ سے تقسیم کریں اگر ایک باقی رہے بر آئے گی اگر دو بچے نہیں اور کس تدبیر سے بر آئے گی اس کے لئے مندرجہ بالا اعداد کو ۳ سے ضرب دے کر ۴ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے تجارت پارچہ سے ۲ بچے چاندی کی تجارت سودمند ہوگی۔ اگر ۳ بچے حیوانات کی تجارت سے اور ۴ بچے سب بے سود۔

س: اگر سوال ہو کہ اس دوا سے فائدہ ہوگا یا نہیں؟

ج: تمام ادویات اور مسئول دن کے اعداد نکال کر ۳ سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے فائدہ مند ہے دو بچے درد یا کم ہے۔ یعنی نہ نقصان نہ مفید۔

س: اگر سوال کریں کہ عورت نیک ہے یا بدکار۔

ج: عورت مع والدہ کا نام و مسئول دن کے اعداد نکال کر ۴ سے تقسیم کریں اگر ایک بچے ظاہر نیک اگر دو بچے باطن میں نیک اور اگر تین بچے ظاہر میں خلاف ہو۔

س: چور کے متعلق سوال ہو کہ چور گھر کا ہے یا باہر کا ہے۔

ج: اعداد نام مالک اور شئے و مسئول دن کے اعداد نکال کر ۳ پر تقسیم کریں اگر ایک بچے چور گھر کا ہے ۲ دو بچے ہمسایہ ہے ۳ بچے بیگانہ ہے۔

آٹھویں فصل

فالنامہ کے بیان میں

فالنامہ نکالنا بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فال نکالا کرتے تھے۔ جس وقت آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ سے نکل کر مدینہ طیبہ کی طرف جا رہے تھے تو کفار مکہ جو قریش تھے انہوں نے بریدہ اسلمیؓ کو حضور کے تعاقب میں بھیجا۔ جب وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جا ملا تو آپ نے انکا نام پوچھا کہ تیرا نام کیا ہے تو اس نے بتایا کہ میرا نام بریدہ ہے۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خلیفہ اوّل حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا صلح اور خوشی ہو۔ ہمارے کام میں کہ رو بہ صلاحیت رکھتا ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکے قبیلے کے متعلق سوال کیا جواب پر بنی اسلم کہا تو فرمایا کہ حیرت وسلامتی ہے۔ پھر فرمایا کونسا بنی اسلم تو بریدہ نے عرض کی بنی سھم تو آپ نے فرمایا نصیب اپنا لیا اسلام سے آخر کار وہ اور اس کے ساتھی مسلمان ہو گئے۔

بزرگان دین نے مختلف طریقوں سے اپنے اپنے تجربہ کے مطابق فالنامے ایجاد کئے ہیں۔ ان میں کوئی فالنامہ استخارہ اور بعضے قرآن کی فال کھولتے ہیں۔ بعضے دیوان حافظ اور بعضے مثنوی میں اپنا مطلب ڈھونڈتے ہیں ہر ایک کا اپنا اپنا طریقہ کار ہے۔ تو فقیر بھی آپ کے سامنے ان فالناموں میں سے کچھ صحیح فالنامے درج کر دیتا ہے۔

قرآنی فالنامہ

طریقہ نمبر:1

قرآن مجید جو اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کی لاریب کتاب ہے اور شک وشبہ سے پاک کلام ہے۔ اس کتاب اللہ سے اپنا مطلب نکالنے کیلئے سب سے پہلے وضو کرے اور خوشبو میسر ہو تو لگائے اور پاک جگہ پر بیٹھ کر قرآن مجید کھولے اگر فالنامہ نکالنے والا عربی

ے عاری ہو تو ترجمہ والا قرآن مجید اپنے آگے رکھے پھر تین بار درود شریف کوئی بھی صیغہ پڑھ سکتا ہے۔ پھر تین بار الحمد شریف پھر تین بار یہ دعا پڑھے یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَ تَفَاوَلْتُ بِکِتَابِکَ فَارْزُقْنَا مَاھُوَ الْمَکْتُوْمُ فِیْ سِرِّکَ الْمَکْنُوْنِ فِیْ غَیْبِکَ الْمَخْزُوْنِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ عَلَیْنَا الْحَقُّ بِحَقِّ الْحَقِّ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. پھر قرآن پاک کو کھولے پھر سات ورق بائیں طرف الٹے پھر دائیں طرف کے صفحہ پر ساتویں سطر پر اپنا مطلب معلوم کرے۔

حروف والا فالنامہ

طریقہ:۲

سب سے پہلے وضو کرے پھر ایک بار سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف پڑھے پھر تین مرتبہ سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۔ پڑھ کر آنکھوں کو بند کر کے دل میں اپنا مطلب خیال کو جما کر دائیں ہاتھ کے شہادت کی انگلی درج ذیل نیچے دیئے ہوئے حروف پر رکھیں۔ پھر بعد میں آنکھیں کھول کر انگلی والے حرف کے نمبر سے اپنا مطلب دریافت کر لیں۔ حروف جدول کی صورت میں ملاحظہ فرمائیں۔

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ
د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق
ک	ل	م	ن	و	ہ	ی

حالات:

ا: کام بخوبی انجام پائے امید دلی پوری ہوگی۔

ب: تجھے دولت ملے گی روپیہ تیرے ہاتھ میں چڑھے گا۔ دوستوں میں تیری عزت ہوگی۔

ت: بری باتوں سے توبہ کر۔ اچھے کاموں کی طرف رجوع کر۔ دارین کی راحت ملے۔

ث: تمام حاجتیں برآئیں گی۔ دولت بیشمار ملے گی۔ فرزند صالح پیدا ہوگا۔

ج: صاحب فال نے جس کام کیلئے فال دیکھی ہے یہ کام بڑی کوشش سے انجام پاوے گا۔

ح: صاحب فال مال حلال پاوے۔ دنیا والوں کی نظروں میں عزیز ہو۔ سفر اچھا ہے۔

خ: چند دن صبر کر پھر مراد تیری پوری ہوگی اور اللہ تعالیٰ تجھ کو ہر بلا سے محفوظ رکھے گا۔ اطمینان اور حوصلہ سے کام لے۔

د: صاحب دولت ہو۔ جس کام کا ارادہ کرے حسب منشا پورا ہو۔ نیت ٹھیک ہونی چاہئے۔

ذ: دشمن تیرا ذلیل ہو۔ بہت جلد تجھ کو جاہ و حشمت ملے اور دولت ہاتھ آئے۔

ر: اگر ر نکلے تو اے صاحب فال تو سردار اور ریاست پاوے اور جو حاجت ہو برآوے۔

ز: جس کام کا ارادہ ہے۔ دیر کے ساتھ پورا ہوگا۔ حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا ہے کہ تجھے دولت نصیب ہوگی اور نیک بیوی کے ساتھ گزر بسر ہوگا اور جو بھی دل میں امید ہے ضرور پوری ہوگی۔

س: تیرے نصیب میں سعادت دارین ہے۔ مگر تیرے پیچھے ایک دشمن لگا ہوا ہے۔ اس کے حیلہ و مکر سے بچنے کے واسطے ہر وقت خدا کی یاد میں محو رہے اور توبہ و استغفار کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ تجھے امان دے گا۔

ش: شقاوت یعنی بدبختی دور ہو۔ سعادت ملے۔ اقبال کی ترقی ہو مراد برآوے اور دولت ہاتھ آوے۔

ص: چند روز صبر سے کام لے تیری تمام مرادیں پوری ہوں گی۔ حاسدوں اور برے لوگوں سے بچتا رہے۔ یہی تیرے حق میں بہتر ہے۔

ض: رنج پر صبر کر مرض دور ہوگا۔ شفا ضرور ہوگی اور مراد دلی بر آوے گی۔

ط: جلدی خوشی کا منہ دیکھے گا اور مریض صحت پائے اور خواہش پوری ہوگی۔ مرتبہ بلند ہوگا۔

ظ: چند روز تیرے ناقص ہیں صبر کر سب کام درست ہو جائیں گے مریض اچھا ہو جائے گا۔

ع: عیش و عشرت دیکھے گا سب کام بن جائیں گے اور حاجتیں بر آئیں گی۔

غ: غمن سے بچے عیش دیکھے گا سب کام بن جائیں گے اور حاجتیں بر آئیں گی۔ مریض اچھا ہو جائے گا۔

ف: ایام ناقص ہیں چند روز صبر کر اللہ تعالیٰ فضل کرے گا اور مریض سخت بیماری اٹھاوے گا۔

ق: یہ فال تیرے لئے بہت مبارک ہے۔ سب کام حسب دلخواہ پورے ہوں گے۔ دولت ملے گی۔ مریض اچھا ہو جائیگا۔

ک: بہت جلد کامیاب ہو مراد بر آئے گی۔ جس کام کو کرے بخیر انجام ہو۔ جس چیز کا ارمان ہو پورا ہو۔

ل: رنج و غم پر صبر کر اپنا بھید کسی سے نہ کہہ ہر ایک سے احتراز رکھ مراد بر آوے گی۔

م: سب مرادیں پوری ہوں گی خوشی خرمی آئے گی۔ انشاء اللہ جل شانہ۔

ن: سب کام بن جائیں گے۔ دشمن دوست ہو جائیں گے۔ بیمار شفا پاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔


و: صاحب فال تیرا بخت بیدار ہو۔ سب کام اچھی طرح سے سرانجام پائیں گے۔

ہ: تیری حاجت بر آئے گی۔ جس کام کی تمنا ہو اس کا ظہور ہو۔ بیمار شفا پاوے گا۔

ی: جملہ کام درست ہو جائیں گے۔ حاجتیں پوری ہوں گی۔ بیمار شفا پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فالنامہ ستارگان

طریقہ نمبر: ۳



جب کسی عورت کے شکم میں بچہ ہو اور یہ معلوم کرنا ہو کہ دیکھیں کہ پیٹ میں لڑکی ہے۔ یا لڑکا ہے اور حمل تمام رہے گا یا گر پڑے گا تو بسم اللہ پڑھ کر اوپر جدول میں انگلی رکھیں پھر اگر انگلی شمس یا مریخ مشتری پر پڑے تو لڑکا ہوگا اور اگر قمر یا عطارد یا زہرہ پر پڑے تو لڑکی ہوگی اور اگر زحل پر پڑے تو حمل گر پڑے گا بچنے کا تدارک کرنا چاہیے۔

طریقہ نمبر: ۴

فالنامہ مظفری قرآنی

وضو کریں بسم اللہ قل شریف اور درود شریف پڑھ کر مطلب سوچ کر حسب ذیل خانوں میں انگلی رکھیں اور جواب دیکھ لیں۔

علیم	بصیر	قدیر	نصیر	عزیز	سمیع
حکیم	حافظ	کبیر	وارث	اللہ	غفور
معین	شہید	قہار	غفار	جبار	وہاب
رزاق	فتاح	قادر	تواب	رحیم	نور

علیم: فضول امید کرتا ہے قدرت میں دخل نہ دے رضا اختیار کر اپنے سرپرست کا حکم مان لے تیرے لئے یہی بہتر ہے۔

بصیر: مخالف سے ہوشیار رہے ضرورت اب اسی بات کی ہے۔

قدیر: یہ کام ہوگا فال اچھی ہے خدا پر بھروسہ رکھ۔

نصیر: اب پچھتانے سے کوئی فائدہ نہیں بلکہ اپنی اصلاح کرنی چاہئے۔

عزیز: کدھر کا خیال ہے اطمینان کا زمانہ نہیں۔

سمیع: مراد پوری ہوگی خطرہ ہے کس قدر۔

حکیم: ستارہ گردش میں ہے۔ پچھتانے سے کیا ہوتا ہے۔ صبر کر تین ماہ بعد دن پھریں گے۔

حافظ: ناجائز امور سے رک زمانہ کامیابی قریب ہے۔

کبیر: ڈانواں ڈول نہ ہو بیوی بچوں کا خدا مددگار ہے۔

وارث: ہر طرح اطمینان قلبی نصیب ہوگا۔

اللہ: مسرت کامیابی نکاح کا خیال ہے تو یہ خیال مبارک ہے۔

غفور: بکر و حکمرا اچھی نہیں' مقدمہ موافق ہوگا۔

معین: شادی مبارک ہوگی اور خیال مبارک ہے۔

شہید: اتنی وسعت اچھی نہیں بشارت کا انتظار کر غالب مغلوب ہونگے۔

قہار: دو مہینے گردش کے ابھی باقی نہیں ہیں۔

غفار: دوست نام دشمن سے خبردار رہ برکت خوشی کا امیدوار بن۔

جبار: ظاہری وسیلے تو سب مٹ گئے اب اللہ پر نظر رکھ پرواہ نہ کر۔

وہاب: تجھے ہر کام کے اچھے ہونے کی خوشخبری ہے۔

فتاح: تیری بندش کے دن کھلنے کے قریب ہیں۔

قادر: تیرا نفس مغلوب ہونے والا ہے۔

تواب: گناہوں سے معافی مانگ تاکہ تیرا کام پورا ہو۔

رحیم: تیرے دل کی خواہش ہرگز پوری نہیں ہوگی۔

نور: تیرا کاروبار سنورنے اور پھیلنے والا ہے۔

رزاق: غیب سے مال ملے دن میں یارزاق ۳۰۸ بار روزانہ پڑھے تاکہ تیری مراد مال پوری ہو۔

طریقہ نمبر:۵

چور کا نام معلوم کرنے کا طریقہ

ق ق الہ اااا ق ن



یہ ایک کام کیلئے ایک ہی دفعہ کیا جاتا ہے اس طرح کا نقش بنا کر مشکوک نام کو اس کے اندر لکھ کر پھر اس کو تعویذ کی صورت میں بند کر کے۔ پاک جگہ کی مٹی گوندھ کر گولیاں بنالی جائیں۔ آٹے کی گولیاں بھی بنائی جاسکتی ہیں۔ ان تعویذوں کو گولیوں میں بند کر کے رکھ لے۔ پھر گولیوں پر 21 مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ پھر ان گولیوں کو پانی کے بھرے ہوئے پاک برتن جو سامنے پڑا ہے۔ ڈال دیں۔ پھر سات مرتبہ یہ شعر پڑھیں۔

راستی موجب رضائے خدا است
کس نہ دیدم کہ گم شداز راہ راست

اس کے بعد درود شریف پڑھتے رہیں۔ جس گولی سے نام پھٹ کر اوپر آجائے وہی چور ہوگا۔ مگر یہ یاد رہے کہ الغیب عند اللہ ورسول

طریقہ نمبر:۶

دائرہ والا طریقہ حساب

چوری کا حساب ہو یا کسی مریض کے متعلق مرض کے بارے میں معلوم کرنا ہو۔ یا سحر جادو وغیرہ کا پتہ لگانا ہو کہ کس نے جادو کیا ہے اور کس طریقے پر کیا گیا اور تعویذ ہیں تو کس طرح استعمال ہوئے ہیں کیا بیماری ہے یہ سب کچھ معلوم کرنے کیلئے طریقہ ملاحظہ فرمائیں۔ سب سے پہلے

عبارت پڑھ کر بچے پر دم کریں یہ ہے۔

عزمت علیکم فتحون فتحون جتنک جتنک شفیعا شفیعا عطیشا عطیشا سرورا سرورا قدورا قدورا سہلا سہلا نہلا نہلا احضروا من جانب المشارق والمغارب بحق سلیمان بن داؤد علیہم السلام

چوری کیلئے:

لڑکا ہو یا لڑکی اس کی عمر 9 سال ہونی چاہئے اس سے زیادہ نہ ہو ورنہ کام نہیں بنے گا سب سے پہلے بچے کو نہلا دھلا کر دھلے ہوئے پاک کپڑے پہنا کر مصلے پر سامنے یعنی بالمقابل بٹھائیں اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کالی سیاہی ہو تو ٹھیک ہے ورنہ صرف عطر لگائیں کالی سیاہی ہو تو دونوں لگائیں۔ پھر بچے کو کہیں کہ ناخن میں دیکھتا رہے اور ادھر ادھر نہ دیکھے۔ پھر درج ذیل پیچھے دی ہوئی عبارت نو دفعہ پڑھ کر بچے پر پھونک ماریں اس سے پہلے آیۃ الکرسی کے ساتھ حصار ضرور کریں۔ جب بچے کو آدمی کی صورت ناخن میں صاف نظر آ جائے تو پھر عامل بچے کے ذریعہ موکل سے اس طرح کلام کرے کلام ملاحظہ فرمائیں۔

بچے کو کہے کہ میرا پیر کہتا ہے کہ السلام علیکم اور بچہ انہیں کہے کہ میرا پیر کہتا ہے۔ السلام علیکم! جب وہ سلام کا جواب دے دے۔ ساتھ بچے سے سلام کی کیفیت بھی پوچھے کہ انہوں نے کس طرح سلام کا جواب دیا ہے۔ پھر بچے کے ذریعے انہیں حکم دے کہ میرا پیر کہتا ہے کہ یہاں جھاڑو والے جھاڑو دیں۔ پھر جھاڑو کی کیفیت پوچھ کر پھر بچے کے ذریعے کہلوائے کہ یہاں ماشکی چھڑکاؤ کریں جب ماشکی چھڑکا کر چکے تو پھر حکم دے کہ میرا پیر کہتا ہے کہ یہاں کرسیاں میزیں اور تخت لگایا جائے تا کہ اس عمل کے بادشاہ کو فوج کے ساتھ ہی بلوایا جائے۔ جب تخت لگ چکے تو پھر بچے کے ذریعے انہیں کہے کہ میرا پیر کہتا ہے کہ یہاں اس عمل کے بادشاہ کو مع فوج حاضر کیا جائے اور جب بادشاہ آ جائے تو انہیں پہلے کی طرح سلام کرے پھر ان سے بچے کے ذریعے اپنا مقصد بیان کرے کہ فلاں شخص کی چوری ہوئی ہے جس نے چوری کی ہے اس کو پکڑ کر حاضر کیا جائے پھر انکے چوری کرنے کی واردات کا طریقہ بھی دکھایا جائے۔ پھر وہ جہاں سے چوری کی ہوگی وہ جگہ پھر وہ جگہ جہاں سے گیا ہوگا سب دکھائے گا جب یہ سب کچھ معلوم ہو جائے تو بچے کے ناخن سے انگلی پھیر دے یعنی صاف کر دے۔

بیماری کیلئے:

یہ طریقہ بھی اسی طرح ہے کہ جب اس عمل کا بادشاہ حاضر ہو جائے تو ان سے کہے کہ اس مریض کو جو ساتھ بیٹھا ہے بیمار ہے یا جادو ہیں یا کسی نے تعویذ کیے ہیں۔ اگر بیماری کہے تو پھر مکمل بیماری کے متعلق ان سے پوچھیں اگر جادو کے متعلق کہے تو پھر جادو کرنے والے کو پکڑوائیں۔ پھر تعویذات جس طریقہ پر کیے گئے ہیں وہ سب۔ کچھ معلوم کریں۔ پھر ان موکلات کے ذریعے تعویذ منگوا کر تعویذات کو جلوا ڈالیں۔ یعنی بچے کو کہا جائے کہ انہیں کہے کہ انہیں جلا ڈالو۔ وہ جلا ڈالیں گے۔

طریقہ نمبر: ۷

مریض کیلئے دھاگے کے ذریعے حساب

اگر مریض کے بارے میں معلوم کرنا ہو کہ مریض کو کیا مرض ہے آیا کہ آسیب ہے یا جادو ہے یا کوئی جسمانی مرض ہے تو اس کیلئے سات سوتی دھاگے سر سے پیر کے انگوٹھے تک ناپ کر ایک بار درود شریف اور سات بار الحمد شریف اور ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اس دعا کو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قنوش، منقش، حماش، شاقیش، ماش، ایوش برحمتک یا ارحم الراحمین۔ اور دھاگے پر دم کرے۔ پھر دھاگے کو پہلے کی طرح ناپ کر دیکھے کہ کم ہوا ہے یا زیادہ یا چھوٹا ہوا ہے یا بڑا ہوا ہے۔ اگر ایک انگل کم ہو تو دیو ہے۔ اگر دو انگل کم ہو تو آسیب ہے۔ اگر تین انگل کم ہو تو اوپر کی ہوائی بلائیں ہیں۔ اور اگر چار انگل کم ہو تو ام الصبیان ہے۔ یہ تو تھی کمی سے معلومات اب زیادتی سے معلومات دیکھیں۔ اگر ایک انگل زیادہ ہو تو آدمی کی نظر ہے۔ اگر دو انگل زیادہ ہو تو گفتار کی نظر ہے۔ اگر تین انگل زیادہ ہو تو اندرونی گرمی اگر چار انگل زیادہ ہو تو بخار ہے۔ اگر کم اور زیادہ نہ ہو تو مرض بدنی ہے۔

نویں فصل

استخارہ کے بیان میں

یہ فصل استخارہ کے بیان میں بیان کی جارہی ہے۔ استخارہ مشورہ ہے اور مشورہ کرنا عقلمندی ہے یہ ایک ایسا کام ہے جس سے انسان نقصان سے بچ جاتا ہے۔ ترمذی شریف میں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام استخارہ کی تعلیم فرماتے جس طرح آیات قرآنی کی تعلیم فرماتے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان عالی شان ہے کہ ہرگز ہرگز نقصان نہیں اٹھاتا وہ شخص جو استخارہ کرتا ہے۔ یہ استخارہ کرنا اللہ تعالیٰ جل شانہ سے مشورہ کرنا ہے۔ جو شخص اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ سے مشورہ کرلیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے آگے ندامت سے بچ جاتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ اے انس جس کام کا بھی ارادہ کریں تو استخارہ ضرور کرلیا کریں۔ استخارہ سات دفعہ کیا کریں پھر جو کچھ تیرے دل پر القا ہو اس پر عمل کریں۔ استخارہ کے متعلق مسئلہ جو شرح حصن حصین کا ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ: ظفر جلیل شرح حصن حصین میں لکھتے ہیں جب کسی مباح کام کا ارادہ کریں مثلاً سفر تعمیر عمارت نکاح اور مانند اس کے جیسے تجارت کسی کی شرکت سواری اور سواری کا جانور پالنے والے جانور مال تجارت ملازمت وغیرہ کے کاموں میں استخارہ کرنا بہتر ہے۔ فرائض واجبات مستحبات کے کرنے اور حرام ومکروہ افعال کو چھوڑنے پر استخارہ نہیں کرنا چاہیے۔ اسی طرح روزانہ کی ضروری باتوں مثلاً کھانے پینے پہننے کے لئے استخارہ نہیں کرنا چاہیے۔ آج کل استخارہ کی فکر چوروں زانیوں کو زیادہ ہوتی ہے آج مال ہاتھ آئے گا یا نہیں۔ فلاں عورت قابو میں آئے گی یا نہیں۔ اسی طرح مال وغیرہ اور دوسرے کی زمین پر قبضہ جمانے سے شریک کا دیوالیہ نکالنے والوں کو مجرب استخارے درکار ہوتے ہیں اور سٹہ باز کو سب سے زیادہ اس کی دھن رہتی ہے کہ اسے کوئی استخارہ بتادے یا نمبر بتادے۔ ایسے لوگ راہ چلتوں

کو چھیڑ کر اس کی گالیوں سے نمبر نکالتے جتنے تھپڑ جوتے پڑتے گن کر لگاتے ہیں۔ معاذ اللہ جن کی اعتقادی کیفیت کا یہ عالم ہو کہ قرآن وحدیث کے استخارے اور ذلیل ورذیل فاحشہ عورتوں کی گالیوں کو ایک ہی میزان میں تولیں وہ جس جرم کے مستحق ہیں اللہ ہی بہتر جاننے والا ہے مگر ان کی دینی اور دنیوی تباہی کے بڑے ذمہ دار سٹہ بازوں کے پیر ہیں جو استخاروں کے نام پر انہیں برباد کر رہے ہیں۔ چوری پر آمادہ کرتے ہیں اکثر سٹہ بازوں کی بیویوں کو طلاقیں انہیں کے بدولت ہوتی ہیں کہ نمبر بتا کر اتنا یقین دلا دیتے ہیں کہ وہ چوری کرنے یا سود پر رقم لینے یا بیوی کا زیور کپڑے حاصل کرنے کی دھن میں لڑتے ہیں یہاں تک کہ طلاق پر نوبت پہنچ جاتی ہے سٹہ باز یہ خیال کرتا ہے کہ آج ہی ساری عمر کا گیا ہوا واپس آ جائے گا مگر سوائے بربادی کے آج تک کسی کو اس کام میں سنورتے نہیں دیکھا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہیں کو خدا کی ذات پر بھروسہ نہیں ہے حالانکہ یقین رکھتے ہیں کہ رزاق مطلق قادر و معطی حلال ذرائع سے دینے پر قادر ہے مولا کریم ہدایت فرمائے آمین ثم آمین۔

حقیقت یہ ہے کہ ان فصلی پیروں کی وجہ سے یہ سب کچھ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اہل سنت وجماعت کو بدنام کر کے رکھ دیا ہے اور اس عملیات جیسے عظیم کام کو بدنام کر کے رکھ دیا ہے اب لوگ اسے ایک فریب سمجھنے لگے ہیں میری ان سے گزارش ہے کہ خدارا سوچو صرف جزوی مفاد کی خاطر کلی کو بدنام نہ کرو۔ بلکہ اس جیسے لوگ جب آپ کے پاس آئیں تو انہیں سمجھائیں اور انہیں تبلیغ کریں۔ ہر جائز کام کے لئے استخارہ لکھ کر دے دیں یا بتا دیں اور جو ناجائز کام ہو اس پر انہیں سمجھائیں۔ اور ان کو اس غلط کام سے جو شرع کے خلاف ہو باز رہنے کی تلقین کریں اس میں سب کا فائدہ ہے۔ اب فقیر آپ کے سامنے کچھ استخارے کے طریقے لکھتا ہے جو مختلف کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

طریقہ ۱:

جس دن استخارہ کرنا ہو اس دن کی تمام نمازیں ادا کرے اور دن کو غسل کرے پھر شام کو عشاء کی نماز پڑھے۔ دو رکعت نماز نفل دوگانہ استخارہ کے نام سے پڑھے۔ پھر اس کا ثواب

حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی روح پاک کو بخشے۔ اس کے بعد سورہ کوثر ایک دفعہ پڑھ کر یارَشِیدُ اَرْشِدْنِی یا علیمُ عَلِّمْنِی مِنَ الْحال ۳۶۰ دفعہ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرلے پھر دائیں ہاتھ کو سر کے نیچے رکھ کر مطلب ذہن میں سوچ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ جو مقصد ذہن میں ہوگا ضرور خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ اگر پہلے دوسرے تیسرے دن بھی معلوم نہ ہو تو اس کو سات دن مکمل کرے انشاء اللہ ضرور معلوم ہوگا۔

طریقہ ۲:

اس استخارہ کو جمعرات کے دن کرنا بہتر ہے۔ دن میں غسل کرے دھلے ہوئے کپڑے پہنے اور شام کو استخارہ کرنے سے پہلے خوشبو لگائے۔ دن کو تمام نمازیں اور روزہ بھی ہو سکے تو رکھ لے۔ سب سے پہلے ۱۵ بار درود شریف پڑھے اور ثواب حضور سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی روح مبارک کو بخشے پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور اسکے بعد یا بدیع العجائب یا کاشف الغرائب گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر بغیر کلام کیے سو جائے جو مقصد ہوگا انشاء اللہ خواب میں معلوم ہو جائیگا۔

طریقہ ۳:

دن میں نہا کر صاف ستھرے دھلے ہوئے کپڑے پہن کر سونے سے پہلے خوشبو میسر ہو تو لگالے پھر اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر تین مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر مطلب دل میں لے کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ضرور آگاہ کر دیا جائیگا۔

طریقہ ۴

استخارہ مسنونہ

یہ استخارہ بخاری شریف سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے اخذ کیا گیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ اسی طریقہ کی تعلیم فرمایا کرتے تھے۔

اور طریقہ یہ ہے کہ پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ پھر یوں دعا مانگیں اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْتَخِيْرُکَ بِعِلْمِکَ وَ اَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ الَّذِیْ اَنَا عَازِمٌ عَلَيْهِ (اس جگہ پر اپنا مطلب یاد کریں) خَيْرٌ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَ دُنْيَایَ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ دعا جله فَقَدِّرْهُ لِیْ وَ يَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِيْهِ وَ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ دِيْنِیْ وَ دُنْيَایَ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ. وَ مَعَاشِیْ دعا جله وَاجله فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَ اَصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَ اَقْدِرْنِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِهٖ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ٥

یہ دعا پڑھ کر سو جائیں انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں مطلب دریافت ہو جائے گا۔

طریقہ ۵:

یہ استخارہ تین دنوں کا ہے تین دنوں کے اندر اندر خواب میں حالات معلوم ہو جائیں گے اور طریقہ یہ ہے کہ جس دن استخارہ کرنا مقصود ہو۔ اس دن غسل کرے اور دھلے ہوئے یا نئے کپڑے میسر ہوں تو پہن لے۔ پھر عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے استخارہ کی نیت سے وضو کر کے خوشبو میسر ہو تو وہ لگا لے۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے سورہ والشمس سورہ والیل اور سورہ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھے پھر اس طرح دعا مانگے اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ وَ کَذَا وَ کَذَا وَ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَاَلُ بِهٖ عَلٰی اِجَابَةِ دَعْوَتِیْ پھر لیٹ کر سو جائے اگر پہلی رات جواب ملے تو خوش نصیبی ورنہ دوسرے یا تیسرے دن بھی کر لیں امید ہے تسلی بخش جواب مل جائے گا

طریقہ ۶

استخارہ حضرت علیؓ

اس استخارہ کا طریقہ یہ ہے کہ جس دن استخارہ کرنا ہو نہا کر صاف ستھرے دھلے ہوئے یا نئے کپڑے پہن لے اور خوشبو میسر ہو تو وہ بھی لگا لے شام کو عشاء کی نماز کے بعد چھ رکعت

نمازنفل پڑھے پہلی رکعت میں سورہ والشمس اور دوسری میں سورہ واللیل تیسری میں والضحیٰ چوتھی میں سورہ الم نشرح پانچویں میں سورہ والتین چھٹی میں سورہ قدر ہر سورہ کو ہر رکعت میں سات سات مرتبہ پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود شریف کوئی سا بھی پڑھ کر یوں دعا مانگے اَللّٰهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّ رَبَّ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ وَ مُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِيْمِ اَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيْ لَيْلَةً مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ یہ استخارہ بھی سات راتوں تک کیا جا سکتا ہے۔

طریقہ ۷

خواب میں کسی فوت شدہ کی حالت دیکھنا

یہ روایت حضرت حسن بصریؒ سے ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ جس کسی مردہ کی حالت دریافت کرنی مقصود ہو تو یہ استخارہ کر لیں مردہ کی اصل حالت خواب میں معلوم ہو جائے گی اور استخارہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ تکاثر پڑھے نماز پڑھنے کے بعد دعا اس طرح مانگے اَللّٰهُمَّ اَرِنِيْ (یہاں مردہ کا نام لے) عَنِ الْحَالَةِ الَّتِيْ هُوَ عَلَيْهَا انشاءاللہ تعالیٰ مردہ اس کو اپنی اصل حالت میں نظر آئے گا۔

طریقہ:۔ ۸

یہ استخارہ پانی کے ذریعے کیا جاتا ہے اور اس کے کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے کسی سفید کاغذ پر اهدنا الصراط المستقیم لکھ لیں پھر کسی ٹب یا کسی کھلے برتن میں پانی بھر کر اپنے سامنے رکھ لیں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر کاغذ کو پانی میں ڈال دیں پھر اس طرح بیٹھیں کہ پانی کا برتن آپکے سامنے ہو اور تمہارا رخ قبلہ کی جانب ہو لکھے ہوئے کاغذ کو پانی میں چھوڑنے کے بعد بسم اللہ شریف پڑھ کر الحمد شریف پڑھنا شروع کر دیں اگر کاغذ دائیں کنارے جا لگے تو کامیابی کی نشانی ہے اگر قبلہ رخ جائے تو پھر بھی کامیابی کی نشانی ہے مگر

کوشش اور صبر سے کام لیں کام بن جائے گا اگر بائیں کنارے کو جا لگے تو انکار کی نشانی ہے کام نہیں بنے گا کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے اگر تمہاری جانب آئے تو پھر بھی کام بہت جلد پورا ہوگا انشا اللہ تعالیٰ جل شانہ

نوٹ:۔ اس استخارہ کو کرنے سے پہلے حضرت مولا علی مشکل کشا کی نیاز کوئی چیز ضرور تقسیم کریں۔

طریقہ ۹

تسبیح والا استخارہ

تسبیح کو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت والی انگلی کے پوروں سے پکڑ کر بسم اللہ الرحمن الرحیم سات دفعہ پھر ناد علیا پڑھیں ناد علیا یہ ہے **ناد علیا مظهر العجائب تجده عونالک فی النوائب کل هم وغم سینجلی بنبوتک یا رسول الله وبولایتک یاعلی یاعلی یاعلی** کا تکرار کرتا رہے اگر تسبیح دائیں بائیں چلے تو انکار کی نشانی ہے اس کام کو نہ کرنے کی نشانی ہے اور اگر آگے پیچھے زور زور سے چلے تو کام ہونے کا اشارہ ہے کام کرلیں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ کام بن جائیگا۔

طریقہ:۱۰

یہ استخارہ حسنین کریمین کے نام سے موسوم ہے اس کے کرنے کا طریقہ یہ ہے عشاء کی نماز کے بعد تازہ وضو کریں پھر مٹھائی پر ختم شریف پڑھیں ختم پڑھ کر حسنین کریمین کی روح مبارک کو ملک کر دیں پھر ایسے مصلے پر بیٹھیں جو کھجور کا بنا ہوا ہو اور اس میں سبز و سرخ رنگ بھی ہوں اگر نہ ہوں تو مجبوری کے طور پر سفید مصلیٰ پر کھڑے ہو کر تین بار درود شریف ایک بار آیۃ الکرسی ۳ بار سورہ اخلاص ان کے بعد یہ پڑھے فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم بدوستی علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ وحسن مجتبیٰ وحسین شہید کربلا آنچہ مطلوب دارم بانصرام رسان گیارہ بار پڑھ کر پھر دو رکعتیں استخارہ کی نیت سے پڑھیں اور ان کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص کو سات دفعہ پہلی رکعت میں پڑھیں جب

دوسری رکعت میں اھد نا الصراط المستقیم پر پہنچیں تو اس کا تکرار کریں یہاں تک کہ اس کی تعداد ایک سو گیارہ مرتبہ ہو جائے اس دوران جسم گھومے گا جب جسم دائیں بائیں گھوم کر اپنی اصل حالت پر آ جائے تو فوراً الحمد کو پورا کر کے سورہ اخلاص پڑھ کر نماز پوری کریں خواہ اس کی تکرار گیارہ ہی بار کیوں نہ کی ہو اب مزید تکرار نہ کریں اگر دائیں کو گھومے تو کام کے ہونے کا اشارہ ہے اگر بائیں جانب گھومے تو کام کو نہ کرنے کا اشارہ ہے یعنی کام نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا اور اگر اھد نا الصرط المستقیم کی تعداد پوری ہوگئی کوئی اشارہ نہ ہوا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ کام ہماری مرضی پر چھوڑا جا رہا ہے کرنے نہ کرنے میں نقصان نہیں۔

طریقہ:۔۱۱

یہ استخارہ جو لکھ رہا ہوں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ اپنی زندگی میں کیا کرتے تھے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز پڑھ کر مدینہ کی طرف منہ کر کے دست بستہ کھڑے ہو جائیں پھر ۹ بار یہ درود شریف پڑھیں۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ آلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ پھر اپنے بستر پر چلے جائیں اور جا کر بستر پر بیٹھ جائیں اور پھر ایک سو سات بار اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اِخْتِیَارِیْ۔ پھر لیٹ جائیں اور درود شریف درج بالا پڑھتے رہیں۔ اگر درمیان میں بات کرنی پڑ جائے یا نیند کا غلبہ آ جائے تو تین تین بار اول آخر درود ابراہیمی پڑھیں درمیان میں درود مذکور کو سات مرتبہ پڑھ لیں تو یہ اس بات کا کفارہ ہو جائے گا۔ یہ دن رات میں پیش آنے والے واقعات کا استخارہ ہے۔ خصوصاً جو کام آپ کرنے والے ہوں اگر وہ آپ کے حق میں ہوگا تو پھر بھی معلوم ہو جائے گا۔ اگر آپ کی حق میں نہیں ہوگا تو پھر بھی آپ کو معلوم ہو جائے گا۔ مگر اس کا ذکر کسی سے نہیں کرنا چاہیے۔

طریقہ ۱۲

استخارہ غوثیہ

یہ استخارہ غوثیہ ہے عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز استخارہ ادا کرے اور نیت بھی

اسی طرح کرے ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ الم نشرح اپنے نام کے اعداد قلبی کے مطابق پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد خاموشی سے یعنی کلام کیے بغیر اپنے بستر پر آجائے۔ پھر یا شیخ عبدالقادر الجیلانی شیاءً للہ ۲۵ بار اول آخر درود شریف یعنی درود غوثیہ اور وہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وبارک وَسَلِّمْ پڑھے اس درود غوثیہ کو ۵ مرتبہ پھر بغیر کلام کیے سو جائے۔ اگر ضرورتاً کوئی بات کر بھی لی تو پھر نفل پڑھنے کی ضرورت نہیں صرف دعا اور درود شریف کو ان کی تعداد کے مطابق پڑھ لے۔

اعداد قلبی نکالنے کا طریقہ۔

اعداد قلبی نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے جتنے عدد ہوں ایک دوسرے میں جوڑیں۔ مثلاً زید کے عدد بنتے ہیں ۲۱ تو انکو آپس میں جمع کریں گے ۱+۲=۳ یہ اعداد قلبی ہیں اگر سینکڑے اور ہزاروں میں بھی ہوں تو انکو اکائی کے ہندسہ میں لے آئیں۔ وہی آپ کے اعداد قلبی ہوں گے۔

طریقہ ۱۳:

استخارہ نکاح

یہ استخارہ نکاح کرنے کے واسطے ہے جب کسی سے شادی کرنے کا ارادہ رکھیں تو دلہن یا دلہے والے کے ہاں جانے سے پہلے استخارہ ضرور کر لیں۔ کیونکہ بعد میں شرمندگی یا پچھتانے سے بچ جائیں یہ استخارہ دلہا بھی کر سکتا ہے۔ دلہن بھی کر سکتی ہے یا ان کے سرپرست بھی کر سکتے ہیں۔ استخارہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے غسل کرے اور دھلے ہوئے کپڑے پہنے پھر خوشبو میسر ہو تو خوشبو لگائے۔ عشا کی نماز کے بعد استخارہ کرنے کی نیت سے جتنا بھی زیادہ ہو سکے درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضور آقا نامدار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح پاک کو ملک کر دے۔ اس کے علاوہ اور بھی درود شریف اور

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ

اگر درود شریف بھی اس سے پہلے اور بعد میں پڑھ لے تو سونے پر سہاگہ ہو جائے گا۔

وظیفہ 20

احتلام کی شکایت کو دور کرنے کا عمل

جس کو احتلام آتا ہو اور کوئی رات بھی خالی نہ جا رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ رات کو سوتے وقت سورہ طارق شروع سے لیکر ناصر تک پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ احتلام کی شکایت جاتی رہے گی۔

دیگر: اس شکایت کو دور کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ رات کو سوتے وقت بائیں پستان کے دو انگل نیچے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے لکھ کر سو جایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ یہ شکایت دور ہو جائے گی۔

وظیفہ 21

مقدمات میں کامیابی کا عمل

اس وظیفہ کو تین بار اول آخر درود شریف پڑھ کر کمرہ عدالت میں جج کے سامنے پیش ہو انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ کامیابی ہوگی۔ اور وہ وظیفہ یہ ہے۔ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى كُلِّ اَمْرِهٖ

وظیفہ 22

حضرت شہاب الدین سہروردی کا گمشدہ چیز ملنے کا عمل

حضرت خواجہ شہاب الدین سہروردی عوارف المعارف اپنی مشہور تصنیف کے اندر گم شدہ چیز کو تلاش کرنے کا بہترین عمل لکھتے ہیں فرماتے ہیں کہ جس سے کوئی شے گم ہو جائے یا کوئی آدمی گم ہو جائے تو اس وظیفہ کو باوضو قبلہ رخ مصلی پر بیٹھ کر پڑھے اور اول آخر درود شریف پڑھے تو خدا کے فضل سے گمشدہ چیز واپس مل جائے گی۔ اور وہ وظیفہ یہ ہے۔

يَا جَامِعَ النَّاسِ لَا رَيْبَ فِيهِ اَجْمِعْ عَلَىَّ ضَالَّتِىْ.

وظیفہ 23

ہر مشکل میں کامیابی کا عمل

جب انسان پریشانیوں مصیبوں میں گھرا ہوا ہو تو اس وقت اگر اس وظیفہ کو بعد نماز فجر بارہ یوم تک پڑھے تو ان کی مشکلات دور ہو جائیں گی اور وظیفہ یہ ہے۔

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ

نوٹ: اس وظیفہ کو بارہ مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

وظیفہ 24

دل کی پریشانی دور کرنے کا عمل

اگر کسی شخص کے دل پر رنج واضطراب کے بادل چھا جائیں اور آسودگی خاطر ختم ہو جائے تو اس شخص کو چاہیے کہ مغرب کی سنتیں پڑھ کر اس عمل کو کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کی دل کی پریشانی دور ہو جائے گی اس وظیفہ کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد یہ کلمات اکیس مرتبہ پڑھے اور کلمات یہ ہیں۔

رَبِّ اغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ قَدْ ظَلَمْتُ لِنَفْسِىْ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَتُوْبُ عَلَيْكَ مِنَ الْمَعَاصِىْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَo.

وظیفہ 25

ادائے قرض کا عمل

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ط جس پر قرض ہو وہ اس دعا کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کا قرض بہت جلد اتر جائے گا۔

وظیفہ 26

ترقی علم کا وظیفہ

جو شخص ان عربی الفاظ کو کثرت سے پڑھتا رہے گا تو اس کے علم میں ترقی ہوتی رہے گی۔ اور وہ یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِی بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَ عَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا

وظیفہ 27

دشمن کے شر سے محفوظ ہونے کا عمل

اگر اس کو دس دفعہ دن میں روزانہ پڑھیں تو دشمن کے شر سے محفوظ رہیں گے اور وظیفہ یہ ہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ط

ایضاً:

اگر دشمن سرکش ہو گیا تو ان سے عزت محفوظ رکھنا مشکل ہو گئی ہو تو اس وظیفہ کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ دشمن مغلوب ہو جائے گا اور وظیفہ یہ ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ط

وظیفہ کو بعد نماز عشاء چار سو مرتبہ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا۔

وظیفہ 28

ذہانت کیلئے

جب کسی کا ذہن کمزور ہو تو وہ اس دعا کو ورد میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ ذہین ہو جائے گا۔ اور وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا بِحِکْمَتِکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا بِرَحْمَتِکَ یَا ذَالْجَلَالِ

ذُوالْاِکْرَام۔ ط

وظیفہ 29

اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا عمل

منزل مقصود تک پہنچنے کیلئے اور خاتمہ بالخیر کیلئے اللہ الصمد کا وظیفہ بہت کارآمد ثابت ہوتا ہے اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک ہزار مرتبہ اول آخر درود شریف روزانہ کسی فارغ وقت میں پڑھیں۔

وظیفہ 30

کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ کا عمل

ان دو حروف مقطعات کو تسلسل کے ساتھ 2050 مرتبہ پڑھنے سے مراد کو ضرور پہنچے گا۔ اگر ان کو اس حساب سے 41 دن تک پڑھ لے پھر بیالیسویں دن سے 41 مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو ہر کام پورا ہوگا اور کسی دوسرے وظیفہ کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

وظیفہ 31

وسعت رزق کا عمل

اس وظیفہ کو اگر اس ترتیب سے پڑھے تو اس کے رزق میں اضافہ ہوگا اور کسی دوسرے شخص کا محتاج نہیں ہوگا۔ وظیفہ پڑھنے کی ترکیب ملاحظہ فرمائیں۔ اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر 72 مرتبہ اس عبارت کو عروج ماہ میں شروع کرے اور 91 دن تک متواتر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ ضرور کامیابی ہوگی اور عبارت یہ ہے۔

یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ o

اس وظیفہ کو دن کے کسی بھی حصہ میں پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن وظیفہ کے دوران کسی سے کلام نہیں کرنا چاہئے۔

وظیفہ 32

نادعلی کے پندرہ فوائد

1- دشمن کو اپنا گرویدہ بنانے کیلئے 18 مرتبہ دشمن کا تصور کر کے پڑھ لیا کریں انشاءاللہ تعالیٰ دشمن گرویدہ اور مطیع ہوجائے گا۔

2- جو شخص اول آخر سو سو دفعہ درود شریف پڑھ کر 500 دفعہ نادعلی کو طہارت اور خوشبو کی حالت میں پڑھ کر عشاء کی نماز کے بعد بغیر کسی سے بات کئے سو جائے تو اس شخص کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دیدار نصیب ہوگا۔

3- جس کسی کو آسیب چڑیل دہ پری وغیرہ چمٹے ہوئے ہوں اور منہ پر آتے ہوں تو ان کیلئے یہ 15 دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر چھینٹے مارے اور مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ جلشانہ سے بلائیں دفعہ ہوجائیں گی۔

4- کسی مقصد کو حاصل کرنے کیلئے روزانہ تا حصول مقصد 66 مرتبہ پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوجائے گا۔

5- اگر کوئی شخص رنج وغم پریشانی میں گھرا ہوا ہو تو 1000 مرتبہ نادعلیا پڑھنے سے رنج وغم دفع دور ہوجائے گا۔

6- اگر کسی کو مسخر کرنا چاہے تو 47 دفعہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیا کرے۔ جس سے بھی بات کریگا مطیع و مسخر ہوگا۔

7- برائے مریض جو زندگی سے مایوس ہو چکا ہو تو سات دفعہ بارش کے پانی پر دم کر کے تا صحت پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ جل شانہ شفاء سے ہمکنار ہوگا۔

8- اگر کسی کو کوئی پیغام دے کر کسی کے پاس بھیجنا ہو تو اس کے دائیں کان میں تین دفعہ پڑھ کر دم کر کے بھیجیں وہ مشکل سے مشکل کام بھی کر کے آجائے گا۔ یعنی بامراد اور کامیاب لوٹے گا۔

9- بڑی سے بڑی مہم دشواری کیلئے 41 بار پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ جل شانہ بہت جلد آسان ہوگی اور مراد کو پہنچے گا۔

10- مزید دولت وعزت ومال کیلئے 500 دفعہ مقررہ وقت اور مقررہ جگہ پر پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ

جل شانہ کامیابی اس کے بہت جلد قدم چومے گی۔

11- تہمت کو ختم کرنے کے لئے اور کسی الزام سے بری ہونے کے لئے نادعلیا کو صبح صفائی تک 41 مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

12- ہر نماز کے بعد 10 مرتبہ پڑھنے سے دشمن اور بدخواہوں کی زبان بند ہو جائے گی۔ پڑھنے سے پہلے زبان کے بند ہونے کی دل میں نیت پختہ ہونی چاہیے۔

13- اگر کسی جگہ سے پیغام منگوانا مقصود ہو تو عشاء کی نماز سے پہلے اسی جانب منہ کر کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ تین دن کے اندر اندر جواب آ جائے گا۔

14- برائے حصول دولت غنا جاہ حشم 91 دفعہ روزانہ اور نماز فجر پڑھ لیا کرے چند روز میں کچھ سے کچھ ہو جائے حصول غنا حاصل ہونا شروع ہو جائے گا۔ چاہیے کہ تا زندگی ترک نہ کرے۔

15- کسی مہم کو جلد سے جلد آسان کرنا ہو تو دو رکعت نماز حاجت پڑھے ہر رکعت میں الحمد کے بعد 3 دفعہ سورہ اخلاص پڑھے اور ثواب اس کا بروح حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا مشکل کشا وجہہ الکریم کو بخشے بعدہ 70 بار نادعلیا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اسی دن کامیابی ہوگی ورنہ تین دن یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ ضرور بالضرور کامیابی کا منہ دیکھے گا۔

نادعلی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ نَادِعَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَبِوِلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ

وظیفہ 33

دو نفل نیاز امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما

جس کسی کے پاس کچھ بھی نہ ہو اور جیب خالی ہو کہیں سے کچھ آنے کی امید بھی نہ ہو تو پھر یہ دو نفل دوگانہ امام حسن اور حسین کی پڑھ کر دونوں شہزادوں کی روح کو ملک کرے انہیں کے وسیلہ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد دعا پوری ہوگی ان کے پاس اسی دن کچھ نہ کچھ آنا شروع ہو جائے گا یہ وظیفہ مجھے کسی بزرگ سے عنایت ہوا ہے اور فقیر اس کتاب کے پڑھنے والے قارئین کو

اجازت دیتا ہے اور وہ بھی آگے اجازت دے سکتے ہیں۔

وظیفہ 34

ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہنے کا عمل

جو کوئی کسی مرض والے کو دیکھ کر یہ دعا ایک مرتبہ پڑھ لے تو اس کے پاس وہ بیماری بقیہ زندگی میں نہیں آئے گی اور وہ دعا یہ ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلاً ط

وظیفہ 35

عہد نامہ کے فوائد

1- جو کوئی اس عہد نامے کو زندگی بھر پڑھے گا تو وہ شخص ایمان کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہوگا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے جنتی ہونے کے ضامن ہیں۔

2- ایک صحابی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آدمی کے بدن میں تین ہزار بیماریاں ہیں۔ ایک ہزار کو حکیم جانتے ہیں۔ دو ہزار کی دوا کوئی شخص بھی نہیں جانتا جو کوئی عہد نامہ کو اپنے پاس رکھے گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو تین ہزار بیماریوں سے محفوظ فرمائے گا۔

3- حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنا کہ جو کوئی عہد نامہ کو اپنے پاس رکھے گا وہ موذی جانور مثلاً سانپ بچھو وغیرہ سے حفاظت میں رہے گا۔ بدگوئیوں سے محفوظ ہو جائے گا اور سحر جادو وغیرہ کارگر ثابت نہیں ہوں گے۔ اگر کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر کسی دردمند کو پلائے تو شفاء یاب ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ۔

4- حضرت سیدہ خاتون جنت فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا کہ جو کوئی اس عہد نامہ کو شفیع لائے گا۔ اور اس کے وسیلہ سے دعا کرے گا۔ اس کی تمام حاجتیں اللہ تبارک وتعالیٰ پوری فرما دے گا اگر مشک زعفران سے لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر

جس کسی کو سات روز پلائے تو اس کا عقل وفہم تیز ہو جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا۔

5- حضرت مولا علی مشکل کشا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جو کوئی 41 مرتبہ یہ عہد نامہ پڑھ کر کسی مردے کو ایصال کردے تو اس کی قبر شرق سے لیکر مغرب تک کشادہ اور پرنور ہو جاتی ہے اگر مردے کی قبر میں رکھے تو مردہ کو سات پیغمبروں کا ثواب ملے اور سوال منکر نکیر آسان ہو نگے اور اللہ تعالیٰ ایک لاکھ گز داہنے اور چالیس ہزار گز بائیں اور چالیس ہزار گز پاؤں سے عذاب دور کردے گا اور قبر اس کی ایسی کشادہ ہو کہ آنکھ کام نہ کر سکے یعنی اس کا احاطہ نہ کر سکے۔

6- عہد نامہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ قبر میں اگر عہد نامہ رکھا ہوا ہو تو قیامت کے دن یہ عہد نامہ فرشتہ بن جائے گا اور صاحب قبر اٹھتے وقت اسی فرشتہ کو دیکھے گا اور صاحب قبر کو وہ ایک بہشتی حلہ پہنائے گا۔ اور براق پر سوار کرے گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ اس بندے کو کہے گا کہ تو اس عہد نامہ کے ساتھ اس دنیا میں محبت کی تھی۔ اس کو بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ پڑھتا تھا۔ اور آج میں اس عہد کو وفا کرتا ہوں تاج سر پر رکھ حلہ بہشتی پہن براق پر سوار ہو اور بغیر حساب وعذاب کے بہشت میں جا اور اے عہد نامہ پڑھنے والا تو جس کی شفاعت کرے میں اس کو بخش دیتا ہوں۔ جب اس شخص کو اس طرح تاج وخلعت پہنے قیامت کے دن لوگ دیکھیں گے کہ شخص چودھویں رات کے چاند جیسا ہو گا۔ اس کی یہ شان و شوکت دیکھ کر لوگوں میں شور وغل برپا ہو گا کہ یہ کوئی پیغمبر ہے۔ یا صدیق ہے۔ یا کوئی اللہ کا برگزیدہ ولی ہے۔ تو فرشتہ نگہبان بہشت کہے گا۔ یہ کوئی پیغمبر نہیں بلکہ ایک بندہ خدا ہے۔ اور مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا امتی ہے۔ یہ دنیا میں عہد نامہ اپنے پاس رکھتا تھا اور اس کا ورد کرتا تھا۔ اس کی وجہ سے انہیں یہ سب کچھ شان وشوکت ملی ہے۔ تب مخلوق خدا افسوس کرے گی کہ ہم اتنا عرصہ دنیا میں رہے اور عہد نامہ سے غافل رہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

عہد نامہ

اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَةِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذِہِ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ

لاشریک لک واشهدان محمد عبدک ورسولک فلاتکلنی الی نفسی فانک ان تکلنی الی نفسی تقربنی الی الشر و تباعدنی من الخیر وانی لااتکل الا برحمتک فاجعل لی عندک عهدا توفیه الی یوم القیمة انک لاتخلف المیعاد ط وصلی الله تعالی علی خیر خلقه محمد وآله واصحابه اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ط

وظیفہ 36

عمل حل المشکلات

یافتاح الذی فتح کل ابواب ٥

اس وظیفہ کو پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک سو گیارہ بار اول آخر درود شریف 11،11 بار پڑھے۔ طاق دنوں میں اس کا کام پورا ہوگا۔ کم از کم 21 دن تک متواتر اس وظیفہ کو نہ چھوڑے انشاء اللہ تعالیٰ جلشانہ اس کی مراد پوری ہوگی۔ اس کے پڑھنے کا وقت بعد نماز عشاء ہے۔

وظیفہ 37

حصول ایمان اور ترقی رزق کا عمل

جو شخص اس کو اس طریقے سے پڑھے اس کو دو فائدے حاصل ہوں گے ایک تو حق تعالیٰ اس کی روح بغیر توسط ملک الموت قبض فرمائے گا۔ اور اسی وقت داخل جنت فرمائے گا۔ اور زندگی میں روزی فراخ ہوگی۔ سکرات موت میں فائدہ ہوگا۔ آسانی قبر کی کشادگی اور راحت نصیب ہوگی۔ ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ وظیفہ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد کلام کئے بغیر آیۃ الکرسی پڑھ کر اس آیت کو ایک بار پڑھے اور آیت یہ ہے۔

ومن یتق الله یجعل له مخرجا ویرزقه من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی الله فهو حسبه ط ان الله بالغ امره قدجعل الله لکل شیء قدرا ط

اس کے بعد پھر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ یعنی الحمد للہ اور تین بار سورہ اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد تین بار درود شریف کوئی صیغہ پڑھ کر آسمان کی جانب پھونک مار دے انشاء اللہ تبارک وتعالیٰ لکل

شی ءقدیر کی شان کا مالک ہے اگر چاہا تو رنگ لگ جائے گا۔

وظیفہ 38

درود ناریہ

درود ناریہ کے فوائد لکھنے سے قلم عاجز اور بیان سے زبان قاصر ہے۔ یہ اپنی تعریف آپ ہے جو شخص بھی اسے پڑھے گا دین ودنیا کی دونوں مرادیں حاصل کرے گا درود ناریہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِہِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِہِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَیُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ○

وظیفہ 39

دلوں کو مسخر کرنے کا عمل

جو شخص کسی کو مسخر کرنا چاہے تو ان کو چاہیے کہ یہ وظیفہ 313 مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے۔ 11 دن یا 21 دن یا 41 دن تک مکمل کرے پڑھتے وقت مطلوب کا تصور رکھے۔ تصور جتنا قوی ہوگا اتنا ہی جلد اثر ہوگا اور وظیفہ یہ ہے۔

یَا عَطُوْفُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ ○ اَعْطِفْ عَلَیَّ قَلْبَ فلان بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط (فلاں کی جگہ مطلوب کا نام لے)

وظیفہ 40

بیٹے کو واپس بلانے کا عمل

اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ فلان بن فلان (اس کا نام اور اس کی ماں کا نام) بِخَیْرٍ حُرْمَۃٍ اِنَّہٗ ھُوَ یُبْدِءُ وَیُعِیْدُ ط 19 بار روزانہ اول آخر 11'11 بار درود شریف بعد از عشاء ماں یا باپ پڑھے۔

وظیفہ 41

حب کا عمل

1- یا ودود معہ درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اول آخر اپنا نام اور اپنی ماں کا نام مطلوب اور اس کی ماں کے نام سے عدد نکال کر اسی تعداد سے مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے صبح کے وقت گیارہ روز تک پڑھے اور مطلوب کے مکان کی طرف پھونک مار دے اور دعا مانگے بہت جلد اثر ہوگا۔ اگر اثر ظاہر نہ ہو تو چالیس روز تک پڑھے۔

دیگر: برائے حب

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ

ترکیب: شروع ماہ میں شب جمعہ یا شب دوشنبہ نماز عشاء کی فرض کے بعد اپنی اور اپنی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے مطلوب کا تصور شروع سے آخر تک رکھے اور پڑھنے کے بعد اس کا تصور باندھ کر جانب قلب دم کرے اور اس کے مکان کی طرف پھونک دے اس وظیفہ سے پہلے اور بعد میں یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکْشِفُ عَنَّا جَمِیْعَ الْھُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔

وظیفہ 42

مسروقہ چیز کی واپسی کا عمل

چوری شدہ مال کو واپس لانے کیلئے یہ وظیفہ 41 روز تک ورد میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ چوری شدہ مال جلد واپس مل جائے گا۔ اور ان کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔ سب سے پہلے یَا حَفِیْظُ 119 مرتبہ پڑھ کر پھر اسی حساب سے یہ آیت پڑھے۔ آیت یہ ہے۔ یٰبُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ اِنَّ اللّٰہَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ۔ (پارہ ۲۱ سورہ لقمٰن رکوع ۲)

وظیفہ 43

حب

بعد نماز عشاء کنویں کے کنارے پر اس طریقہ سے بیٹھے کہ اس کی دائیں طرف کنویں کا منہ ہو تین بار کوئی بھی درود شریف پڑھ کر پھر ایک سو گیارہ مرتبہ اس آیت کو پڑھے اور آیت یہ ہے یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ حُبًّا حُبًّا حُبًّا. اس کے بعد درود شریف پڑھ کر مع مطلوب کے تصور کے اپنے سینے پر دم کرے اور دعا مانگ لے گیارہ روز تک اسی طرح کرے مجرب ہے۔

دیگر: حب

مطلوب کے داہنے پیر اور اپنے بائیں پیر کی خاک لے کر سات دفعہ سورہ اخلاص یعنی قل ھواللہ شریف پڑھ کر خاک پر دم کر کے آگ میں ڈالیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

دیگر: حب

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ط

اس آیت کو اپنے اور اپنی والدہ کے نام اور مطلوب مع والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق چنبیلی کے تیل پر دم کر کے لگا کر محبوب کے سامنے جائیں ضرور فائدہ ہوگا۔ لیکن غلط نیت کیلئے ہرگز نہ کریں ورنہ نقصان کا منہ دیکھنا پڑے گا۔

وظیفہ 44

دشمن پر غالب آنے اور اسے مسخر کرنے کا عمل

یہ عمل حضرت مولا علی سے نقل ہے۔ نہایت ہی مجرب ہے۔ ہر روز قبل طلوع آفتاب یعنی فجر کی نماز کے بعد گیارہ بار ورد میں رکھے تو دشمن پر غالب رہے گا۔ اس عمل کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ دشمن ذلیل وخوار ہو کر قدموں پر آ گرے گا۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ اَعْدَائِیْ كَمَا سَخَّرْتَ الرِّيْحَ لِسُلَيْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا

السَّلَامُ وَلَيِّهِمْ كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَذَلِّلْهُمْ كَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ قَهِّرْهُمْ كَمَا قَهَّرْتَ اَبَاجَهْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ط صُمٌّ بُكْمٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ط صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَبْصِرُوْنَ ط اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

وظیفہ 45

نسیان کو دور کرنے کا عمل

ایسا شخص جو یہ کہتا ہے کہ میں قرآن مجید یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہے مجھے بھول جانے کا مرض ہے تو اس کیلئے یہ وظیفہ بڑا کارآمد ثابت ہوتا ہے اس وظیفہ کو صبح کی نماز کے بعد 10 دفعہ روزانہ پڑھے 41 دن مکمل کرے اور درمیان میں ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کی نسیان کی مرض جاتی رہے گی۔ اور وظیفہ یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْكِتَابِ بَصَرِیْ وَاشْرَحْ بِهٖ صَدْرِیْ وَاسْتَعْمِلْ بِهٖ جَسَدِیْ وَاَنْطِقْ بِهٖ لِسَانِیْ وَقَوِّلْهٖ جَنَانِیْ وَاَسْرِعْ بِهٖ فَهْمِیْ وَقَوِّبِهٖ عَزْمِیْ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

وظیفہ 46

دفع نسیان یعنی بھول کا عمل

اس وظیفہ کو ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھے تو نسیان دفع ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ حَرْفٍ كُتِبَ اَوْ يُكْتَبُ اَبَدًا لَا بِدِيْنَ وَدَهْرِ الدَّاهِرِيْنَ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ.

وظیفہ 47

جہنم سے چھٹکارا

حضرت امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سید دو عالم حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اس درود شریف کو پڑھے گا۔ وہ میری زیارت کرے گا اور جس نے خواب میں میری زیارت کی وہ قیامت کے دن بھی میری زیارت کرے گا جس نے قیامت کے دن میری زیارت کی میں ان کیلئے آب کوثر کے پانی کی سفارش کروں گا اور اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کے جسم کو جہنم پر حرام کر دے گا۔ (تحفہ قلندری)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِى الْقُبُوْرِ.

وظیفہ 48

عمل برائے بخشش

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی شخص اس درود شریف کو کھڑے ہو کر پڑھے گا تو بیٹھنے سے پہلے اس کی بخشش کر دیجائے گی۔ جو شخص اس کو بیٹھ کر پڑھے گا تو کھڑے ہونے سے پہلے پہلے بخشا جائے گا۔ اور درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ.

دیگر: بخشش کا عمل

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص اس درود شریف کو پڑھے گا اس کیلئے میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ.

وظیفہ 49

قرض کی ادائیگی کیلئے

اگر قرض بہت ہو گیا ہو اور اترنے پر نہ آ رہا ہو تو اس وظیفہ کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ قرض جلدی اتر جائے گا۔ اور اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ جمعہ کے دن نماز فجر کے بعد 101 دفعہ اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور وظیفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ.

وظیفہ 50

دکان کی برکت کیلئے

دکان کی برکت کیلئے جو شخص اس وظیفہ کو معمول بنائے گا کبھی بھی خسارے کا منہ نہیں دیکھے گا بہت فائدہ ہو گا۔ وظیفہ یہ ہے کہ جب صبح کو دکان کا دروازہ کھولنے لگے تو دروازہ کھول کر اندر پہلے دایاں قدم رکھے اور کہے السلام علیکم پھر دکان کی جانب پیٹھ کر کے باہر کی جانب منہ کر کے کہے وعلیکم السلام تو اس وظیفہ کو معمول بنائے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کی دکان خوب چلے گی اگر دکان کسی نے باندھ دی ہو تو جب دکان بند کرنے لگے تو سات اذانیں کہے اور یہ سات دن مکمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کی دکان چل پڑے گی۔ اور اثر ختم ہو جائے گا۔

دیگر:

اس وظیفہ کے کرنے کا طریقہ یہ ہے صبح دکان کھول کر صفائی وغیرہ کر کے خوشبو سلگا دی جائے۔ خوشبو چاروں کونوں میں سلگائے پھر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر دکان کے اندر پھونک دے انشاء اللہ تعالیٰ درود شریف کی برکت سے دکان میں گاہکوں کی کثرت ہو گی اور درود شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

وظیفہ 51

گھر میں برکت کا عمل

جس گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور گھر میں برکت نہ ہو تو اس وظیفہ کو صبح کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ 92 مرتبہ پڑھنا شروع کر دے انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت ہوگی اور وظیفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلُ کل وچ ہو یا تیرا نور فضل کریں تا بیڑے تاریں رحمت کریں تا جنت واڑیں۔ اللہ تو اے بخش بار تو پا استغفار میری توبہ وار و وار۔

دیگر: جو شخص اس وظیفہ کو ہر جمعۃ المبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ اس کی جان مال اولاد کاروبار اور گھر بار میں برکت ہوگی اور وظیفہ درود شریف کی شکل میں یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰهِ

وظیفہ 52

مقدمے میں کامیابی کا عمل

مقدمے میں کامیابی کے لئے رات کو اٹھ کر اس وظیفہ کو 66 بار پڑھا کریں مقدمہ چلنے کے دوران یہ عمل جاری رکھیں جج کے سامنے یا پنچائت میں یا کسی بھی شخص کے پاس مقدمے کی خاطر جانے سے پہلے ان کلمات کو چند بار پڑھ لیا جائے تو بفضل خدا جلشانہ مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور وہ کلمات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ نبی دی قوت اللہ دا تا موج خضر دا نور نبی دا قوت علی دی ہر میدان فتح پاواں برکت نام اللہ دی۔

دیگر:

(وظیفہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

ہر میدان میں فتح پانے کا عمل

ہر کام میں فتح حاصل کرنے کے لئے خصوصاً مقدمہ میں فتح حاصل کرنے کے لئے اس عمل کو گیارہ دن ایک سو گیارہ مرتبہ اول آخر درود شریف ہر نماز کے بعد پڑھیں بفضل خدا جلشانہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔ نہایت ہی کامیاب عمل ہے اور عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ يَا اللّٰهُ يَا كَرِيْمُ اللّٰهُ الصَّمَدُ يَا تَنْكَائِيْلُ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا دَرْدَائِيْلُ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ حَاكِمٌ حَكِيْمٌ حَافِظٌ حَفِيْظٌ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ.

وظیفہ 53۔

مخلوق خدا کو اپنی طرف مائل کرنے کیلئے

اللہ تبارک وتعالیٰ کی مخلوق کو اپنی طرف مائل کرنے کا طریقہ یہ ہے تین تین بار درود ابراہیمی پڑھ کر اس وظیفہ کو تین سو بار روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں کے اندر اندر مخلوق خدا اس کی طرف رجوع کرنے لگے گی اور وظیفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا دَرْدَائِيْلُ يَا قَمَائِيْلُ يَا تَنْكَفِيْلُ بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ.

دیگر: یہ سورہ اخلاص مع موکل پڑھیں اور اس کے پڑھنے کا طریقہ اس طرح ہے کہ ایک سو گیارہ مرتبہ چاشت کی نماز کے بعد پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ لوگ عامل یا پیر کے پاس جوق در جوق آنا شروع ہو جائیں گے۔ لیکن عوام سے پیسہ بٹورنے کی بجائے انہیں دین اسلام کی تبلیغ کریں اور انہیں ہدایت دیں۔ دونوں کیلئے راحت کا سامان ہوگا۔ سورہ اخلاص باموکل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ وَعَزَمْتُ عَلَيْكُمْ اَجِبْ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا عَطْرَائِيْلُ بِحَقِّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَجِبْ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ بِحَقِّ اللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا طَاطَائِيْلُ بِحَقِّ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ اَجِبْ يَا عِزْرَائِيْلُ يَا

فَتَابِیلُ بِحَقِّ وَلَمْ یَکُنْ لَهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

دیگر:

یہ عمل تسخیر خلائق کیلئے پرتاثیر ہے اوراس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔اول آخر درود شریف کے ساتھ 312 مرتبہ بعد نماز فجر پڑھیں تو بفضل خدا جل شانہ مخلوق اس کے ساتھ پیار کرنا شروع کردے گی۔اور وظیفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ مُسَخِّرُ وَ سَخِّرْلِیْ کُلِّ مَخْلُوقَاتِ اَجِبْ یَا جِبْرَائِیلُ بِحَقِّ یَااللّٰهُ یَا بُدُّوْحُ یَا بَاسِطُ.

نوٹ:

اگر حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کو چار سو پچاس مرتبہ روزانہ پڑھیں۔تو پھر بھی کام ہو سکتا ہے۔

وظیفہ 54

دشمن کی بربادی کا عمل

اس عمل کو سوچ سمجھ کر حق کیلئے کرنا چاہیے ورنہ رجعت ہوگی۔کیونکہ کسی پر ناجائز ظلم کرنا انسان کا اپنا ہی تباہی کا سبب بنتا ہے۔اس عمل کو عشاء کی نماز کے بعد مقہوری دشمن کا تصور دل و دماغ میں بٹھا کر چھ سو چونسٹھ مرتبہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھ کر 40 دفعہ یہ پڑھیں وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِیْطَةٌ بِالْکَافِرِیْنَ ط اِنَّ عَذَابَ رَبِّکَ لَوَاقِعٌ مَالَهٗ مِنْ دَافِعٍ یہ عمل 40 دن تک مکمل کریں تو دشمن تباہ برباد ہو جائے گا۔

دیگر:

جس جگہ یا جس گھر کو برباد کرنا ہو تو غیر آباد جگہ کی مٹی لے کر اس پر عشاء کی نماز کے بعد ان کلمات کو 444 مرتبہ پڑھ کر مٹی پر دم کر دیا کریں۔اور 21 دن یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ ضرور کامیابی ہوگی۔لیکن یہ بات ذہن نشین ہو کہ کسی پر ظلم کرنا سب سے بڑا گناہ ہے اور انسان کی خود بربادی کا سبب ہے۔اچھا خاصا سوچ سمجھ کر پھر یہ وظیفہ کریں۔

اَللّٰهُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَاهِرُ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ نَاصِرُ الْحَقِّ حَیْثُ کَانَ بِهِ الْحَوْلُ

وَالْقُوَّةُ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَاهُمْ خَامِدُوْنَ ○

دیگر:

مخالف سے حق لینے کا عمل

اگر کسی نے کسی کا کوئی حق غبن کیا ہوا ہو یعنی رقم دینا ہو یا۔ زمین دینی ہو خواہ کوئی بھی چیز مغصوب ہو تو لینے کیلئے یہ وظیفہ بہت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ اور یہ عمل اکیس روز میں مکمل ہوتا ہے۔ مخالف انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ آپ کا حق واپس کر دے گا اور اس عمل کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔

عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ پڑھا جاتا ہے اور وظیفہ یہ ہے۔

يَا جَبَّارُ يَا قَاهِرُ يَا ذَابَطْشِ الشَّدِيْدِ خُذْ حَقِّيْ مِمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَتَعَدّٰى عَلَيَّ .

وظیفہ 55

حب کا عمل

جس کسی کا قریبی ساتھی دوست کسی وجوہ پر روٹھ کر چلا گیا ہو اس کو راضی کرنے اور حاضر کرنے کیلئے اس وظیفہ کو 21 مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے اول آخر دس دس مرتبہ درود شریف پڑھے پڑھتے وقت مطلوب کا تصور قوی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ مطلوب حاضر ہوگا اور وظیفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ط وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْ اَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ○

وظیفہ 56

ترقی رزق

بلا ناغہ صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔ يَا اَللّٰهُ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا سَرِيْعَ الْحِسَابِ يَا وَاسِعُ يَا عَدْلُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا مُتَعَالُ يَا عَزِيْزُ يَا غَفُوْرُ

يَا بَاعِثُ يَا فَعَّالُ لِّمَا يُرِيْدُ يَا رَافِعُ يَا مُعِيْدُ يَا مَانِعُ يَا جَامِعُ يَا بَدِيْعُ.

دیگر: اس وظیفہ کو پڑھنے کی شرط یہ ہے کہ جمعہ کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف پڑھکر 70 بار یہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَلْمُعْطِی ھُوَاللّٰہُ لیکن نماز کے بعد اسی طرح بیٹھا رہے۔ نہ ادھر ادھر دیکھے نہ ہی حرکت کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ چند ہفتوں میں ہی اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ تونگر کردے گا۔

دیگر: جو شخص فجر یا عشاء کی نماز کے بعد 119 مرتبہ یَا لَطِیْفُ پڑھ کر پھر 119 مرتبہ یہ آیت پڑھے اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنَ. اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کیلئے غیب سے روزی کے سبب پیدا فرمادے گا۔

وظیفہ 57

چار کاموں کیلئے عمل

یہ وظیفہ چار چیزوں کیلئے تیر بہدف ثابت ہوتا ہے اور بہت کارآمد وظیفہ ہے۔ جو شخص اس وظیفہ کو پڑھے گا اس کی عمر میں اضافہ ہوگا اور دشمنوں پر فتح پائے گا اور رزق میں ترقی ہوگی۔ مردے سے عذاب دور ہو جائے گا۔ اس وظیفہ کو پڑھنے کی ترکیب یہ ہے۔ صبح وشام تین مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ ضرور کامیابی ہوگی۔ اور وظیفہ یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ مَلَاءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَاءِ وَزِنَۃَ الْعَرْشِ.

وظیفہ 58

ادائیگی قرض

جس شخص پر قرض ہو وہ رات کو سوتے وقت بستر پر اول آخر گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ 170 مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر سوئے تو اس کا قرض بہت جلدی اتر جائے گا۔

دیگر: عشاء کی نماز کے بعد اسی مصلّٰی پر اور اسی جگہ پر سورہ نصر یعنی اذا جاء نصر اللہ کو 41 دفعہ 41 دن تک پڑھنے سے قرض جاتا رہتا ہے اور قرض کا نام ونشان نہیں رہتا۔

دیگر: جو کوئی سحر کے وقت رات کے پچھلے حصہ میں اس وظیفہ کو پڑھے گا تو اس کا قرض ادا ہوگا اور روزی فراخ ہوگی۔ اور وظیفہ یہ ہے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ فَاِنَّھُمَا بِیَدِکَ لَا یَمْلِکُھُمَا اَحَدٌ سِوَاکَ اَللّٰھُمَّ اقْضِ دِیْنِیْ وَ وَسِّعْ عَلَیَّ رِزْقِیْ ○

دیگر: جو کوئی اس دعا کو فجر اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھے گا قرض سے خلاصی پائے گا۔

اَللّٰھُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّیْلَ سَکَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا اَقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ وَمَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَقُوَّتِیْ فِیْ سَبِیْلِکَ.

وظیفہ 59

عمل برائے حفاظت

گھر میں ہو یا سفر میں ہو جو شخص بھی اس وظیفہ کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کی خود حفاظت فرمائے گا اور وظیفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَنْ یَقُوْلَ جَعَلْتُ نَفْسِیْ وَاِیْمَانِیْ وَ جَمِیْعَ مَا عِنْدِیْ مِنَ النِّعَمِ فِیْ حِصْنِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَفِیْ جِوَارِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُخْفَرُ وَفِیْ نِعَمِ اللّٰہِ الَّتِیْ لَا تُدْرَکُ وَفِیْ سِتْرِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُمْتِکُ وَفِیْ حُبِّ اللّٰہِ الْمَنِعِ وَدَایِعِ اللّٰہِ لَا تُضِیْعُ جِوَارُ اللّٰہِ مَحْفُوْظٌ وَمَنِ اعْتَصَمَ بِاللّٰہِ مَعْصُوْمٌ وَجَلَّ جَلَالُ وَلَا یَخْلُوْ مَکَانٌ مِنَ اللّٰہِ وَذَلَّتْ رِلَا کُلُّ عَیْنٍ نَظَرَتْنِیْ بِاِذْنِ اللّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ حَسْبِیَ اللّٰہُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَلَا سَبَقَ لِاَمْرِ اللّٰہِ شَیْءٌ اللّٰہِ الْقَاھِرِ اللّٰہِ الْمُذِلِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ نَاصِرِ الْحَقِّ حَیْثُ کَانَ بِہِ الْحَوْلُ وَالْقُوَّۃُ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ط

وظیفہ 60 - (وظیفہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

قرض واپس لینے کا عمل

مقروض یعنی جس سے قرض لینا ہو اس کا تصور کر کے گیارہ روز تک اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ یعنی الحمد للہ پڑھے وقت تعیین نہیں کسی بھی وقت پڑھ سکتا ہے مقروض قرض واپس کر دے گا۔

وظیفہ 61

مکان خالی کرانے والا عمل

اگر کوئی شخص کسی کا مکان خالی نہ کرتا ہو یا پھر زمین پر کسی نے قبضہ جمایا ہوا ہو تو سورۃ مزمل کو ہر روز بعد نماز فجر 21 دفعہ قابض کا تصور کر کے پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور وہ مکان یا قبضہ زمین چھوڑ دے گا۔

وظیفہ 62

اسمائے اصحاب کہف

اِلٰهِی بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوطَطْ اَذْرَ فَطْیُوْنَسْ کَشَا فَطْیُوْنَسْ تَبْیُوْنَسْ یُوَانِسْ بُوَسِ وَکَلْبِهِمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَابِرٌ

فوائد:

1- جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

2- جس شخص کے سر میں درد ہو اس پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں شفا کلی ہوگی۔

3- مرگی والے مریض کو کسی تختی پر لکھ کر پہنوائے۔

4- باری کے بخار والے کے لکھ کر گلے میں ڈالا جائے۔

5- مسافر اگر ان کو لکھ کر پاس رکھے تو سفر خیر و عافیت کے ساتھ ہوگا۔

6- آگ لگی ہوئی جگہ پر مٹی پر یہ نام پڑھ کر مٹی کو آگ میں پھینک دیں۔

7- رونے والے بچے کے گلے میں پہنائیں۔ چپ ہو جائے گا۔

8- جس کے پاس ہوگا آفات و بلیات سے محفوظ ہوگا۔

9- اگر لکھ کر کھیت میں لٹکائیں تو کھیت نقصان پہنچانے والے جانوروں سے محفوظ ہو جائیگی۔

10- جس گھر میں ان کا ورد ہو وہ گھر جلنے سے محفوظ ہو جائے گا۔

11- باران رحمت کیلئے کوری ٹھیکری پر لکھ کر کنویں میں ڈالا جائے۔

12- ان کو لکھ کر بیچ میں بھاگے ہوئے شخص کا نام لکھ کر کسی بھاری پتھر کے نیچے رکھ دیں تو بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔

13- جس مکان میں آسیب نقصان پہنچاتے ہوں لکھ کر لگائیں تو آسیب بھاگ جائیں گے۔

14- دردزہ والی عورت کے دائیں بازو میں اگر باندھیں تو ولادت بآسانی ہوگی۔

15- اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو ان اسماء کو دو رکعت نفل پڑھ کر 101 مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں حاجت پوری ہوگی۔

وظیفہ 63

محبت کے لئے

جس شخص کا محبوب روٹھ کر چلا جائے۔ اس کو واپس بلانے کیلئے یہ وظیفہ کارآمد ثابت ہوتا ہے اور وظیفہ یہ ہے۔

لَاۤ اِلٰهَ لِیَانِسْ اِلَّا اللّٰهُ مِلْیَانِسْ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فُلاں بِنْ یابِنْتِ فُلاں نہ چین نہ دیس نہ چین نہ دیس

اس وظیفہ کو ایک کالی مرچ پر اکیس دفعہ پڑھ کر آگے جلتی ہوئی آگ میں ڈالیں اسی طرح 21 کالی مرچوں پر پڑھ کر آگ میں ڈالیں۔ اکیس دن اس وظیفہ کو لگاتار کریں ناغہ نہ کریں اگر اس وظیفہ کے درمیان مطلوب آجائے تو ان سے کلام نہ کریں۔

وظیفہ 64

واسطے مغلوب کرنے دشمن اور غالب آنے کشتی کے

جو شخص اپنے دشمن کو زیر کرنا چاہے یا کسی کشتی کا شوق ہو تو وہ اکھاڑہ میں اترنے سے پہلے اول آخر درود شریف پڑھ کر درج ذیل کلمات کو گیارہ دفعہ پڑھ کر چاروں اطراف پھونک دیں

انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اپنے مقابل پر غالب رہیں گے اور کلمات یہ ہیں۔

لَا اِلٰہَ کَا کوٹ اِلَّا اللّٰہُ کی کائی اللہ کی دُھائی (دشمن کا نام) ہاتھ میں ہتھکڑی پاؤں میں بیڑی گلے میں طوق۔

دیگر: اگر کبھی دشمن سے ہم کلام ہونیکا موقع ہو اور ان سے نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو یا دشمن زبان کا تیز ترار ہو تو ان اسماء کو برابر ورد میں رکھے دشمن مغلوب ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ۔ اور اسماء یہ ہیں۔

یَاسُبُّوحُ یَا قُدُّوسُ یَا غَفُورُ یَا وَدُوْدُ

یہ چاروں کلمے نہایت ہی مجرب ہیں۔

وظیفہ 65

ڈاکوؤں چوروں اور ٹھگوں سے سلامتی

جس ڈاکوؤں چوروں اور خطرناک قسم کے آدمیوں سے خوف ہو تو وہاں یہ وظیفہ کرنا چاہیے حفاظت ہو جائے گی اور وظیفہ حصار بن جائے گا اور اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ قبلہ رو کھڑے ہو جائیں اور پڑھیں۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ. صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا لَا لَا پھر دائیں جانب منہ کر کے پڑھے اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا لَا لَا ۔ پھر اپنی پچھلی جانب رخ کر کے پڑھے وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا لَا لَا اس کے بعد بائیں طرف متوجہ ہو کر کہے یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا لَا لَا ساتھ ہی انگلی کے اشارہ سے قبلہ کی جانب ہو اور ہوا میں یہ حروف لکھے قَوْلُہُ الْحَقُّ وَلَہُ الْمُلْکُ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ.

وظیفہ 66

خوفناک خواب سے بچنے کا عمل

جس کسی کو خوفناک بھیانک خواب آتے ہوں اور وہ ڈر جاتا ہو اور وہم میں رہتا ہو کہ میرے ساتھ کیا بنے گا۔ اس کو چاہیے کہ خواب کے بعد جب بیدار ہو تو دو رکعت نماز نفل خواب بدل کی نیت سے پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ برے خواب نہیں آئیں گے۔

دیگر

اس وظیفہ کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی سونے لگے تو تین دفعہ تعوذ یعنی اعوذ باللہ اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی اس طرح پڑھے کہ جب ولا یودہ حفظھما وھوالعلی العظیم پر پہنچے تو تین دفعہ دہرائے پھر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلشانہ برے اور ڈراونے خواب نہیں آئیں گے۔

وظیفہ 67

قید سے رہائی پانے کا عمل

اگر کوئی قیدی ہو یا حوالاتی ہو اور انہیں قید ہونے کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہیے کہ اس وظیفہ کو روزانہ سات مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ ضرور رہائی پائے گا۔ اور وظیفہ یہ ہے۔ اَيَّتُهَا الْجَمَاعَةُ الْمُسَخَّرُوْنَ الْمُطِيْعُوْنَ لِهٰذِهِ السُّوْرَةِ الْمُبَارَكَةِ بِحَقِّ اَنْبِيَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَوْلِيَاءِ وَبِحَقِّ خَالِقِكُمْ اِجْعَلُوْا كَلِمَتِى سَارِيَةً وَقَوْلِى مَسْمُوْعاً مَقْبُوْلاً وَاكْفُوْنِي مُهِمَّالِي وَاَمِدُّوْنِي وَاَعِيْنُوْنِى فِى الْاُمُوْرِ كُلِّهَا الْكُلِّيَةِ وَالْجُزْئِيَةِ بِحَقِّ اَنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَاَنَّهُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ السَّاعَةَ.

وظیفہ 68

غصہ کو ٹھنڈا کرنے کا طریقہ

غصہ کرنا حرام ہے غصے سے کافی نقصان ہوتا ہے۔ غصہ عقل کو کھا جاتا ہے۔ جس کسی کو

غصہ آئے تو وہ فوراً اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ پڑھے اور درود شریف پڑھنا شروع کر دے اور قدرے ٹھنڈا پانی پی لے اور کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اگر بیٹھا ہو تو سو جائے اور آنکھیں بند کر دے۔ غصہ جاتا رہے گا۔

وظیفہ 69

بدزبانی کی عادت چھڑانے کیلئے

جو کوئی بدزبان اور فحش گو ہو اور اس کو زبان پر کنٹرول کرنا مشکل لگتا ہو تو اس بری عادت کو چھوڑنے کیلئے یہ ہے کہ جب بھی کوئی گالی یا گندہ لفظ زبان پر آئے تو وہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھنا شروع کر دے ویسے بھی روزانہ یہی استغفار عصر اور مغرب کے درمیان 313 مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس بری عادت سے چھٹکارہ پائے گا اور یہ گندی عادت اس سے چھوٹ جائے گی۔

وظیفہ 70

خیر و برکت کا عمل

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص اس وظیفہ کو پڑھے گا اس کے ستر دروازے نقصان کے بند رہیں گے۔ سب سے چھوٹا دروازہ فقر و فاقہ غریبی کا ہے اور وظیفہ یہ ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اس وظیفہ کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک تسبیح مکمل کرے یعنی 100 دفعہ پڑھے اول آخر درود شریف بھی پڑھ لے اگر کبھی دیر بھی ہو جائے تو اس وظیفہ کو نماز کے فوراً بعد پورا کرے فرض نماز کے سلام کے بعد سوائے درود شریف کے اور کوئی بات نہ کرے۔ اس کے بعد اگر ہو سکے تو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کی تسبیح بھی پڑھ لے سونے پر سہاگہ ہو جائے گا۔

Qureshi-RW

وظیفہ 71

ہفت پیکر

جو کوئی شخص اس دعا کو سات روز لگاتار پڑھے گا اور ایک ہزار کی تعداد میں پڑھے گا۔ اس کو کشف قلب وقبور حاصل ہوگا۔ عالم روحانیت وعالم ملائکہ اس پر ظاہر ہوگا۔ بہتر یہی ہے کہ جمعہ کا دن گزار کر ہفتہ کی رات کو یہ عمل شروع کرے۔ اول آخر 21 مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ہر روز اس یقین سے پڑھے کہ آج ہی میرا مقصد حاصل ہوگا۔ دعا ہفت پیکر یہ ہے۔

ہفتہ کی رات:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ یَا جَلِیْلُ وَتَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِیْ جَلَالِ جَلَالِکَ یَا جَلِیْلُ وَ یَا دَائِمَ الْمَعْبُوْدِ یَا مُنْعِمَ الْمَقْصُوْدِ وَمَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ ٥

اتوار کی رات:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَللّٰھُمَّ یَا لَطِیْفُ بِاَوْصَافِ کَمَالِہٖ بِاللَّطَافَتِ وَاللَّطَافَۃُ فِیْ لَطَافَۃِ لَطَافَتِکَ یَا لَطِیْفُ اِنَّا سَمِعْنَا کِتَابًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰی مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَیَھْدِیْ اِلَی الْحَقِّ وَاِلٰی طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْمٍ ٥ وَیَا خَیْرَ الرَّازِقِیْنَ ط

پیر کی رات:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَللّٰھُمَّ یَا سَمِیْعَ الْبُرْھَانِ وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَیْکَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ یَا سَمِیْعُ تَسَمَّعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِیْ سَمْعِ سَمْعِکَ یَا سَمِیْعُ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ وَھُوَ الْحَقُّ الْوَکِیْلُ یَا اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ ط

منگل کی رات:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَللّٰھُمَّ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا عَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَۃِ وَالْعَظَمَۃُ فِیْ عَظَمَۃِ عَظَمَتِکَ یَا عَظِیْمُ فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاسْتَغْفِرْ

لِذَنۡبِکَ وَلِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ مُتَقَلَّبَکُمۡ وَمَثۡوٰکُمۡ وَیَا خَیۡرَ النَّاصِرِیۡنَ ط

بدھ کی رات:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ اَللّٰھُمَّ یَارَحِیۡمُ تَرَحَّمۡتَ بِالرَّحۡمَۃِ وَالرَّحۡمَۃُ فِیۡ رَحۡمَۃِ رَحۡمَتِکَ یَا رَحِیۡمُ یَا حَفِیۡظُ تَحَفَّظۡتَ بِالۡحِفۡظِ وَالۡحِفۡظُ فِیۡ حِفۡظِ حِفۡظِکَ یَا حَفِیۡظُ یَا مُکۡرِمُ الصَّادِقِیۡنَ وَیَامُنۡعِمَ الۡحَافِظِیۡنَ ط

خمیس کی رات:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ اَللّٰھُمَّ یَا کَرِیۡمُ تَکَرَّمۡتَ بِالۡکَرَمِ وَلۡکَرَمُ فِیۡ کَرَمِ کَرَمِکَ یَا کَرِیۡمُ وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ غَیۡبَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاللّٰہُ بَصِیۡرٌ بِمَاتَعۡمَلُوۡنَ یَا سَرِیۡعَ الۡحَاسِبِیۡنَ ط

جمعہ کی رات:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ اَللّٰھُمَّ یَا غَفُوۡرُ تَغَفَّرۡتَ بِالۡمَغۡفِرَۃِ وَالۡمَغۡفِرَۃُ فِیۡ مَغۡفِرَۃِ مَغۡفِرَتِکَ یَا غَفُوۡرُ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ ط

وظیفہ 72

دل کی نورانیت

یہ عمل کشف قبور اور کشف قلوب کیلئے زوردار ثابت ہوتا ہے سب سے پہلے دو رکعت نفل ادا کریں پھر یَا جَمِیۡلُ تَجَمَّلۡتَ بِالۡجَمَالِ وَالۡجَمَالُ فِیۡ جَمَالِ جَمَالِکَ یَا جَمِیۡلُ 332 بار پڑھیں۔ پھر 70 بار یہ دعا پڑھیں اِلٰھِیۡ قَلۡبِیۡ مَحۡجُوۡبٌ وَنَفۡسِیۡ مَعۡیُوۡبٌ وَعَقۡلِیۡ مَغۡلُوۡبٌ وَطَاعَتِیۡ قَلِیۡلٌ وَمَعۡصِیَتِیۡ کَثِیۡرٌ فَکَیۡفَ حِیۡلَتِیۡ یَاسَتَّارَ الۡعُیُوۡبِ اِغۡفِرۡ ذُنُوۡبِیۡ کُلَّھَا یَا غَفَّارُ یَا سَتَّارُ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ ٥ اس کے اول آخر درود شریف پڑھنا نہ بھولیں۔

وظیفہ 73 (وظیفہ اگلے صفحہ پر)

کشف القلوب

حضرت سیدنا جنید بغدادی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے یہ دعا نقل کی گئی ہے کہ پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کا ثواب جمیع اہل اسلام مومنین و مومنات کی روح کو ایصال ثواب کرے بعد میں 21 مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر یہ دعا یعنی یَانُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَالنُّوْرُ فِی نُوْرِ نُوْرِکَ یَا نُوْرُ 256 دفعہ پڑھ کر یوں دعا کرے کہ الٰہی جب یونس علیہ السلام نے دعا کی کہ ظلمت و تاریکی یعنی اندھیرے سے نجات عطا فرما اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی کہ تو مردے کس طرح زندہ کرتا ہے مجھے دکھا تو نے ان کی دعا کو قبول فرمایا الٰہی میری دعا بھی قبول فرما اور میرے مردہ دل کو زندہ فرما دے۔ بحرمت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم آمین یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بعدہ درود شریف 9 مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کا دل جاگ اٹھے گا۔

وظیفہ 74

درود تاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ٥ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ٥ اِسْمُهٗ مَکْتُوْبٌ مَرْفُوْعٌ مَشْفُوْعٌ مَنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُعَطَّرٌ مُطَهَّرٌ مُنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ط جَمِیْلِ الشِّیَمِ ط شَفِیْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ط وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ ط شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَاءِ وَالْغُرَبَاءِ وَالْمَسَاکِیْنِ سَیِّدِ

الثقلین نبی الحرمین امام القبلتین وسیلتنا فی الدارین صاحب قاب قوسین محبوب رب المشرقین والمغربین جدالحسن والحسین مولنا ومولی الثقلین ابی القاسم محمد ن ابن عبداللہ نورمن نور اللہ ○ یاایھا المشتاقون بنور جمالہ صلوا علیہ والہ اصحابہ وسلمو تسلیما ○

ترکیب: جس شخص کو روزگار نہ مل رہا ہو اس وجہ سے اس کی عزت خراب ہو رہی ہو تو اس کو چاہئے کہ درود تاج کو ہر نماز کے بعد سات دفعہ اور عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک بار بحضور قلب کے پڑھے پھر دن کو معاش کی تلاش کے لئے نکلے۔ تین دن ایسا کرے کوئی نہ کوئی ذریعہ نکل آئے گا۔ چوتھے روز فجر کی نماز کے بعد پڑھنا شروع کر دے اس وقت تک پڑھنا نہ چھوڑے جب تک کوئی آدمی خوشخبری نہ آ کر سنائے۔

دوسری فصل

دم کے بیان میں

1- ہر تکلیف کیلئے دم

ایسا آدمی جو تکلیف میں مبتلا رہتا ہو۔ یعنی سستی پن جسم میں درد سر میں درد یا جسم کے کسی حصہ میں بھی درد ہو تو اس کی طبیعت دیکھے بغیر فوراً شفاء کے لئے دم کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ شفاء ہو جائے گی اور دم یہ ہے۔

1- چہار قل یعنی قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ 2- قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ 3- قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ 3- قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ. 2- سورۃ فاتحہ یعنی اَلْحَمْدُلِلّٰهِ 3- اور یہ آیت لَوْاَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ تایَتَفَکَّرُوْنَ تک 7 بار۔ اور لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہ 7 مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔

2- آنکھوں کے درد کیلئے دم

جس کی آنکھیں درد کر رہی ہوں یا آنکھوں میں سوزش وغیرہ ہو گئی ہو تو اس کے لئے یہ مفید رہے گا سات دفعہ پڑھ کر دم کر دیں ہر دفعہ نیا پھونکا دیں۔ اور دم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ اِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ہ اس سے پہلے اور بعد میں درود شریف بھی ہو سکے تو پڑھ لیں تو سونے پر سہاگ ہو جائے گا۔

3- مکمل سر کے درد کیلئے دم

جس شخص کے سر میں درد ہو جائے اور وہ بھاگتا ہوا آپ کے پاس آئے اور کہے کہ

مجھے سر میں درد ہے دم کر دیں تو ان کے سات دفعہ یہ کلمات پڑھ کر سات پھونکے ماردیں اور ہر پھونکے پر ماتھا بھی پکڑ کر کھینچیں۔ اور دم یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی یَانُوْرَ النُّوْرِ یَا خَالِقَ النُّوْرِ یَامُنَوِّرَ النُّوْرِ یَا نُوْرَ کُلِّ نُوْرٍ یَا نُوْرٍ لَیْسَ مِثْلَهٗ نُوْرٌ یَا نُوْرَ قَبْلَ کُلِّ نُوْرٍ یَانُوْرُ بَعْدَ کُلِّ نُوْرٍ فِی النُّوْرِ سُبْحٰنَکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ خَالِصًا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَامُجِیْرُ ○

4- آدھے سر کے درد کیلئے دم

جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو تو اس کو دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ آرام ہوجائے گا اور دم یہ ہے۔

1- آیۃ الکرسی ایک بار 2- چہار قل ایک ایک بار 3- آیۃ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ط ایک مرتبہ اور یہ آیت لَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا○

5- ابھر سمجھ ابھارا میں جیتاتیں ہارا یا تیڈے سر تے پھلیندا کبھارا اگوں ملیا نبی سوہانرا پڑھ کلمہ تھیوے چھٹکارا یہ نو مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ہر دفعہ ماتھے پر پانی کا چھٹا ماریں۔

6- سر کے درد کیلئے دوسرا دم

درد والے شخص کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ.

تین بار یا سات بار پڑھ کر دم کریں۔

7- ضعف بصر کیلئے دم

ہر نماز کے بعد تین دفعہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ نظر اپنے معمول پر آ جائے گی اور دم یہ ہے۔

فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَائَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ○ (پ۲۶ سورہ ق)

نوٹ: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سنتے وقت انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھنا آنکھوں کی تمام تکلیف کا علاج ہے۔

8- بواسیر کیلئے دم

یہ بواسیر کو ختم کرنے کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ جس کو بواسیر کا مرض ہو اس کو چاہیے کہ سورہ فاتحہ مع تسمیہ یعنی الحمدللہ ساتھ بسم اللہ کے سات دفعہ اور تین دفعہ یہ کلمات یَارَحِیْمُ کُلُّ صَرِیْخٍ وَمَکْرُوْبٍ وَغِیَاثِہٖ وَمَعَاذِہٖ یَارَحِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ○ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے آگے اور پیچھے دونوں زانو پر پھیر لیں۔ اور معمول بنائیں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ بواسیر کا موذی مرض ختم ہو جائے گا اور آرام ہو جائے گا۔

9- ذہن کی تیزی کیلئے دم

یہ سات دفعہ پڑھ کر سینہ پر دم کریں اور طالب علم خود بھی روزانہ سات بار پڑھ کر سینے پر دم کرتا رہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِکَ وَاشْرَحْ صَدْرِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ بِطَاعَتِکَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

10- بچھو کے درد کیلئے دم

وَاِذَابَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوْنِ○ (پارہ ۱۹ سورہ الشعراء)

اول آخر تین دفعہ درود شریف اور 23 بار پڑھ کر اس جگہ پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہٗ آرام ہوجائے گا۔

11- بیمار کیلئے شفا پانے کیلئے دم

اگر کوئی بیمار ہو اور اس پر یہ دعا سات دفعہ پڑھ کر دم کرلیں تو وہ بیمار بہت جلد شفایاب ہوجائے گا۔ اور وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ط فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ o (پارہ ۲ سورہ بقرہ رکوع ۸)

12- شریر گھوڑے کے لئے دم

جو گھوڑا مالک کو تنگ کرتا ہو۔ اور راستے میں رک جاتا ہو اور شرارتی پھرتیلا قسم کا گھوڑا ہو تو اس کو مالک کے ساتھ مانوس کرنے کیلئے اور اپنے معمول پر لانے کے لئے اس آیت قطب کا دم کریں اور آیت قطب یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ طَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط يُخْفُوْنَ فِيْ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ط وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ o وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ o (پارہ ۴ سورہ آل عمران)

13- جسم کے تمام حصوں میں درد کیلئے دم

جس کسی کے جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو۔ سر میں درد ہو۔ شکم میں درد ہو۔ ٹانگوں میں درد ہو۔ آنکھوں میں درد ہو۔ کان میں درد ہو۔ درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر دم کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کو آرام ہو جائے گا۔ دم یہ ہے۔

